
# تربیتِ اولاد




یکے از مطبوعات

جامعۃ الاطہر پبلیکیشنز (کراچی) پاکستان

اے — ۶/۰ — سادات کالونی — فیڈرل بی ایریا — کراچی

جامعۃ الاطہر

پبلیکیشنز پاکستان

جامعۃ الاطہر
پبلیکیشنز پاکستان

# تربیتِ اولاد

مولانا سیّد جان علی شاہ کاظمی

یکے از مطبوعات
جامعۃ الاطہر پبلیکیشنز (کراچی) پاکستان
۲/۱۰۰ — سادات کالونی — فیڈرل بی ایریا — کراچی

"اس کتاب کو بغیر کمی و بیشی کے چھاپنے کی اجازت ہے" ادارہ

نام کتاب ——— تربیتِ اولاد
مؤلف ——— مولانا سید جان علی شاہ کاظمی
ترتیب و نظرثانی ——— سید صادق رضا نقوی
ناشر ——— جامعۃ الاطہر پبلیکیشنز۔ پاکستان
پہلا ایڈیشن ——— ذی الحجہ ۱۴۱۱ھ، جون ۱۹۹۱ء
دوسرا ایڈیشن ——— شعبان ۱۴۱۲ھ۔ فروری ۱۹۹۲ء
تعداد ——— ایک ہزار (۱۰۰۰)

ملنے کا پتہ

ہیڈ آفس :- ۱۱۶، پارسی کالونی ——— نزد نمائش چورنگی۔ کراچی
مدرسہ :- جامعۃ الاطہر دم توڑنی بنزے نزد سپر ہائی وے۔ کراچی شرقی
آفس :- جی۔ ۱۲ گلستان جوہر عقب صدف شاپنگ سینٹر و سفاری پارک کراچی
اے۔ ۲۰/۱۰ سادات کالونی فیڈرل بی ایریا۔ کراچی

# فہرست


عرضِ ناشر ــــــــ ۵

**پہلی مجلس** ــــــــ ۷

حیاتِ ابدی ــــــــ ۷

اصل وجہ ــــــــ ۱۰

عشقِ رسول کے خلاف ــــــــ ۱۲

ہدایت زندگی ہے ــــــــ ۱۴

گمراہی موت ہے ــــــــ ۱۵

تربیت اولاد ایک اہم فریضہ ــــــــ ۱۵

تربیت اولاد میں شادی کا پہلو اور اسکی اہمیت
نکاح ابتدائی منزل ــــــــ ۱۸

امام حسینؑ کی قربانی کا مقصد ــــــــ ۲۰
ہماری اصلاح ہے

ہماری بدنصیبی ــــــــ ۲۱

خونِ حسینؑ سے وفاداری ــــــــ ۲۱
کا ثبوت دیں۔

شادی پر گناہوں اور ــــــــ ۲۲
جہیز کے غلط اثرات

**دوسری مجلس** ــــــــ ۲۶

رسولِ اسلام کے خلاف ــــــــ ۲۶
یہودیوں کی سازشیں

یہودیوں کا سب سے بڑا ــــــــ ۲۸
ہتھیار پروپیگنڈا

اپنی اور اپنے گھر والوں کی ــــــــ ۳۱
حفاظت کریں۔

شادی کو کیسے اچھا بنائیں ــــــــ ۳۴

تربیت اولاد کی منزلیں ــــــــ ۳۵

پہلی منزل۔ غذا حرام کی نہ ہو ــــــــ ۳۹

جماع صحبت ــــــــ ۳۷
دوسری منزل۔

وقتِ مباشرت ذکرِ الٰہی کی اہمیت ــــــــ ۳۸
تیسری منزل

حمل اور تربیت اولاد ــــــــ ۳۹

زمانۂ حمل میں غذائے حرام ــــــــ ۴۰
کا بچے پر اثر

ہدایت ہی زندگی ہے ــــــ ۴۲

## تیسری مجلس ــــــ ۴۳

ہدایت زندگی ہے ــــــ ۴۴
مرکزِ ہدایت ذاتِ پیغمبرِ اکرم ہے ــــــ ۴۴
ہادیٔ اُمّت کے خلاف
سازشوں کا جال ــــــ ۴۵
حقیقی نقصان ــــــ ۴۸
رسولِ اسلام کا ایک نورانی جملہ ــــــ ۵۰
بچّہ کی عزت کی جائے ــــــ ۵۲
قرآن کا اندازِ نصیحت ــــــ ۵۴

## چوتھی مجلس ــــــ ۶۲

فساد کیا ہے؟ ــــــ ۶۴
غیبت کا گناہ ــــــ ۶۵
عقیدت کی تباہی ــــــ ۶۶
معاشرے کی تباہی ہے
دُنیا کی محبت تمام بُرائیوں ــــــ ۷۱
کی جڑ ہے۔

قرآن کا اندازِ نصیحت ــــــ ۷۲
غصّہ بُرائیوں کی چابی ہے ــــــ ۷۳
احسان جتانے کا انجام ــــــ ۷۵
عملی تربیت زیادہ موثر ہے ــــــ ۷۷
اسلامی تربیت کے سیاسی فوائد ــــــ ۸۰
ظالم کا ساتھ دینے والا اسکے ظلم ــــــ ۸۱
میں برابر کا شریک ہے۔

## پانچویں مجلس ــــــ ۸۴

قرآن ہدایت ہے ــــــ ۸۴
یہودیوں کی قوم پرستی ــــــ ۸۵
خطرناک سازش ــــــ ۸۹
سارا جھگڑا انانیت اور ــــــ ۹۰
شہرت کا ہے
اولاد میں بُری صفات ــــــ ۹۲
پیدا نہ ہونے دیں
بری صفات دُور کرنے کا طریقہ ــــــ ۹۴
صفاتِ ایثار ــــــ ۹۵
صفتِ ایثار کا صلہ ــــــ ۹۵
صفتِ تواضع ــــــ ۹۷
خواتین کا جہاد ــــــ ۹۸
عظیم عورت ــــــ ۹۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

# پیش گفتار

اس مادّی ترقی کے دور میں جب کہ انسانی، اخلاقی اور اسلامی اقدار رُو بہ زوال ہیں، خدا اور انسان کے ربط کی بات کرنا، عوام النّاس کو اس مقدس رشتے سے متعارف و روشناس کرانا اور پھر خدا پرستی کی طرف عملاً مائل کرنا یہی وہ اہداف ہیں جن کی جانب جامعۃ الاطہر پبلیکیشنز، پاکستان ۱۴۱۱ ہجری سے رواں دواں ہے۔ ان اہداف کے حصول کے لئے ہماری یہ کوشش رہے گی کہ ہم اسلام کے حقیقی نظریات، معارف کے ادراک اور قارئین کے علمی، دینی اور روحانی ذوق کی تسکین کے لئے مستند تبلیغات جاری کرتے رہیں۔ تربیت اولاد بھی اُسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

تربیتِ اولاد کا دوسرا ایڈیشن آپ کے ہاتھوں میں ہے، جو مولانا سید جان علی شاہ کاظمی کی تقاریر کا مجموعہ ہیں۔ یہ مجالس کراچی میں ۱۹۸۹ء میں منعقد ہوئیں۔

تربیت اولاد والدین پر ذمہ داری کا ایک ایسا کوہِ گراں ہے کہ جو بیک وقت معاشرے کی سعادت و خوشحالی اور بدبختی و تباہی کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے اور یہی وجہ ہے کہ امام خمینیؒ نے فرمایا کہ "اسلام کو جس چیز نے سب سے زیادہ

نقصان پہنچایا وہ صحیح تربیت کا فقدان ہے ۔" والدین کی صحیح اسلامی تربیت سے ایک بچہ پورے معاشرے کو سعادت و خوش بختی اور کامرانی کی طرف لے جاسکتا ہے اور وہی بچہ اگر اس کی اسلامی تربیت نہ کی جائے، پورے معاشرے اور ملک و ملت کو ہلاکت و تباہی و بربادی کی طرف لے جاسکتا ہے۔ اولاد کی اسلامی تربیت ہی معاشرے کو نورانی بنا سکتی ہے اور ملک کو استحصالی عناصر اور بڑی طاقتوں کے چنگل سے آزاد کرا سکتی ہے اور دوسری جانب تربیت اولاد سے عدم توجہی، تاریکی، جہالت، ظلم و ستم، استحصال، اسلامی اصولوں سے انحراف محمدؐ و آل محمدؐ سے دوری، یاد الٰہی سے بے توجہی اور آخرت کے دردناک عذاب کو معاشرے کا مقدر بنا سکتی ہے۔

امید ہے کہ والدین حضرات تربیتِ اولاد کی ذمّہ داری کی اہمیت کا خیال کرتے ہوئے اس ذمّہ داری کو احسن سے احسن طریقے سے نبھانے کی کوشش کریں گے

امید ہے کہ یہ گراں قدر کتاب والدین اور نوجوان نسل کے لئے بہترین رہبر ثابت ہوگی۔

آپ کی قیمتی آراء کا منتظر

ناشر

# پہلی مجلس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالی فی القران الحکیم ۔

من قتل نفسا بغیر نفس اوفساد فی الارض فکانما قتل الناس جمیعا ط

ومن احیاھا فکانما احیا الناس جمیعا ہ

"اور جس نے ایک نفس کو بے گناہ قتل کیا یا زمین میں فساد کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ کیا" (المائدہ سورۃ ۳۲)

معزز سامعین: المائدہ میں خالق کائنات کا ارشاد ہو رہا ہے کہ جس نے ایک نفس کو قتل کیا تو اس کا گناہ فقط یہ نہیں ہے کہ وہ صرف ایک انسان کا قاتل ہے بلکہ وہ تمام انسانیت کا قاتل ہے۔ ____ اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا اور ایک گمراہ انسان کو ہدایت دی تو اس کا اجر فقط یہ نہیں کہ اس نے ایک نفس کو ہدایت کی بلکہ اس کا ثواب اتنا ہے کہ گویا اس نے عالم انسانیت کو زندگی دی۔

## حیات ابدی

قتل کی دو (۲) اقسام ہیں۔

۱ جسم کا قتل، ۲ روح کا قتل

یعنی کسی انسان کا جسم قتل کر دیا جائے تو اس کا جسم ختم ہو جائے گا یہ قتل کی پہلی قسم ہے اور قتل کی دوسری قسم یہ ہے کہ روح کو قتل کر دیا جائے۔ قرآن میں خداوند عالم کا ارشاد ہے کہ

ولا تحسبن الذین قتلو فی سبیل اللہ اموات ط بل احیاء عند ربھم یرزقون ہ

—— اور خیال بھی مت کرنا کہ وہ لوگ جو خدا کی راہ میں قتل کر دیئے گئے ہیں وہ (روح کے اعتبار سے بھی) مردہ ہیں —— بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے پاس رزق پاتے ہیں۔ (آل عمران ۱۶۹)

خدا فرماتا ہے کہ کچھ انسانوں کی روح کو قتل کر دیا گیا ہے۔ وہ چل پھر رہے ہیں' کھا رہے ہیں' اور ظاہراً زندہ ہیں مگر ارشاد ہوتا ہے کہ ان کی روح کو قتل کر دیا گیا ہے وہ حقیقتاً مردہ ہیں لیکن ظاہراً زندہ ہیں۔ وہ اللہ' اس کے رسولؐ اور قرآن کی نظر میں مردہ ہیں کیونکہ انہوں نے شیطان کی پیروی میں اپنی روح کو قتل کر دیا ہے۔ گناہ کر کے اپنی روح کو قتل کر دیا ہے۔ اب یہ زندہ لاشیں ہیں۔

—— یہی قرآن اسی مقام پر فرماتا ہے کہ کچھ وہ لوگ ہیں جن کے جسموں کو قتل کر دیا گیا ہے اور ظاہراً وہ مردہ ہیں مگر حقیقت میں وہ مردہ نہیں ہیں بلکہ ان کی زندگی ہمیشہ رہنے والی زندگی ہے' ان کی حیات' حیات دائمی ہے' اور اسی حیات کا نام "شہادت" ہے۔ ان کے جسموں کو کاٹ دیا گیا ہے' ان کے جسم فنا ہو چکے ہیں لیکن ان کی روح نے اب بقا حاصل کر لیا ہے جسکے بعد فنا کا احساس بھی نہیں۔ شہید ظاہراً قتل ہو کر فنا ہو جاتا ہے مگر اس کی روح حیات ابدی حاصل کر لیتی ہے۔

یاایھا الذین امنو قوا انفسکم واھلیکم ناراً

—— اے ایمان والو —— اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ (سورۃ التحریم ۶)

عزیزان گرامی —— خدارا اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو محفوظ رکھئے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہماری اور ہمارے بچوں کی روح کو قتل کر دیا جائے۔

## اسلام کے خلاف استعمار کی سازشیں۔

اسلام جو ہماری دنیا و آخرت کی خوش بختیوں اور سعادتوں کے لئے نازل ہوا —— کے دشمن اس دور جدید میں اسلام کے ماننے والوں کو قتل نہیں کرتے' وہ قرآن کو قتل نہیں کرتے۔ وہ پرانے زمانے کے فرعون تھے جو اپنی رعایا کو قید کرتے تھے اور ان کو قتل کرتے تھے۔

یسومونکم سوء العذاب ویذبحون ابناء کم ویستحیون نساء کم

—— "وہ تم کو برا عذاب دیتے اور وہ تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے" —— (البقرہ نمبر ۴۹)

مگر آج کے جدید فرعون قتل نہیں کرتے' قید خانے نہیں بھرتے بلکہ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ روح اسلام کو قتل کردیا جائے' روح قرآن کو قتل کردیا جائے' مسلمان آزاد رہیں مگر ان کے ذہن مغربیت کے غلام رہیں۔ مسلمان تو دنیا میں نظر آئیں مگر روح اسلام کا کہیں وجود نہ ملے۔ قرآن ہر گھر میں اور مسجد میں نظر آئیں مگر قرآن پڑھنے والوں کے دل عظمت قرآن سے غافل اور وہ روح قرآن سے ناواقف ہوں۔ اگر مسلمانوں سے روح اسلام اور جذبہ ایمانی کو نکال دیا جائے تو مسلمان ہمیشہ ذلت اور پستی کی گہرائیوں میں پڑے رہیں گے اور نہ دنیا پر حکومت کرسکیں گے بلکہ لڑتے جھگڑتے رہیں گے اور اس کے نتیجے میں کبھی سکون نہ پاسکیں گے۔ لیکن اگر مسلمانوں کے قلوب نور ایمانی سے منور' روح اسلام سے آشنا اور روح قرآن سے واقف ہوں گے اور معاشرے میں ان کا وجود ہوگا تو یہ مسلمان اس قرآن و اسلام کی روح کی وجہ سے ساری کائنات پر چھا جائیںگے لہٰذا عالم کفر کی یہ کوشش ہے کہ کسی طرح سے روح اسلام و قرآن کو ختم کردیا جائے۔

ملعون سلمان رشدی نے ایک کتاب لکھی ہے اور اس ملعون کو وہ کتاب (شیطانی آیات) لکھنے کے لئے ظاہراً کسی کمپنی نے پانچ لاکھ پاؤنڈز دیئے جب کہ دیگر کمپنیوں نے اور بہت سا روپیہ دیا' اور اس کتاب کو سال کی بہترین کتاب قرار دیا گیا ہے۔ اس کتاب میں پیغمبر اسلامؐ اور اہلبیتؑ علیہم السلام کو برا کہا گیا ہے ان کو گالیاں دی گئیں ہیں۔ قرآن کو جھٹلایا گیا ہے اور انتہائی گھٹیا قسم کی زبان استعمال کی گئی ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کو برا کہا گیا ہے۔ اب بتایئے حضرت ابراہیم تو عیسائیوں کے بھی نبی ہیں جب کہ اس ملعون کو کتاب لکھنے کے لئے روپیہ دیا گیا ہے۔ دیکھئے اسلام کی دشمنی میں عالم کفر اتنا متحد ہوگیا ہے اور ہم ایک ارب مسلمان کتنے منتشر —— کہ پیغمبر اسلام (ص) پر تہمتیں لگائی گئیں اور برا کہا گیا۔ پیغمبر اسلام (ص) پر تہمت لگانے سے تو مسلمان کو غیرت آنی چاہئے اور جس مسلمان کو پیغمبر اسلام (ص) پر تہمت لگانے کے نتیجے میں غیرت نہیں آتی اسے مسلمان نہیں کہنا چاہئے۔ پیغمبر اسلام (ص) اصحاب رسول (رض) اور اہلبیت علیہم السلام کو برا کہا گیا' تہمتیں لگائی گئیں اور گالیاں دی گئیں تو آپ نے دیکھا کہ صرف ایک ملک' سلامی جمہوریہ ایران ہی تھا کہ جس نے برطانیہ سے اپنے تعلقات توڑ دیئے جب کہ رے ملک کے حکمران اپنے مسلمان اور اسلام کے شیدائی ہونے اور شریعت اسلام کو

نافذ کرنے کا دعوی کرتے ہیں۔ ہمارے وزیر اعظم نے برطانیہ کا دورہ کیا' ان کے لیڈروں سے ہاتھ ملایا اور ان کافروں کے ساتھ کھانا کھایا۔ یعنی جو ملک (برطانیہ) پیغمبر اسلام (ص) اور اسلام محمدی (ص) کے خلاف سلمان رشدی کو تحریک دے اور اس کی حفاظت کی لئے لاکھوں پاؤنڈز خرچ کرے اسکے ساتھ ہمارا ملک دوستی کرے اور یہ حالت صرف ہمارے ملک ہی کی نہیں ہے بلکہ تمام ممالک چاہے وہ اسلامی ہوں یا غیر اسلامی' کی برطانیہ سے دوستی ہے۔ کیوں ؟ صرف اس لئے کہ سلمان رشدی نے عالم کفر اور برطانیہ کی پشت پناہی پر قرآن' اسلام رسول اسلام (ص)' رہبران دین کی خلاف زہر اگلا —— صرف اسلامی جمہوریہ ایران ہی ہے جس نے برطانیہ کے ساتھ اپنے تعلقات توڑ دیئے۔ ان تعلقات کا ٹوٹنا تھا کہ تمام یورپ برادری کے عیسائی متحد ہو گئے اور تمام ممالک نے ایران سے اپنے سفیروں کو واپس بلالیا۔

## "اصل وجہ"

عزیزان گرامی —— ذرا توجہ کریں کہ یہ توہین آمیز کتاب کیوں لکھوائی گئی۔ اس پر اتنا خرچہ کیوں کیا گیا۔؟

اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ یورپ والے دیکھ رہے ہیں کہ ایران میں اسلامی انقلاب کے بعد خود لندن میں کئی مولوی عمامہ پہن کر تقریر کر رہے ہیں۔ ان کے ذہن روشن اور دل پلٹ چکے ہیں اور ان کے قلوب میں اسلام پہنچ چکا ہے۔ اور آپ کو یہ سن کر تعجب ہو گا کہ فرانس کا ایک باشندہ مسلمان ہونے کے بعد قم جو اسلامی علوم کا مرکز ہے میں تعلیم حاصل کرنے آیا اور ایران پر عراق کی جانب سے تھوپی جانے والی کفر و اسلام کی جنگ میں وہ چھپ کر محاذ جنگ چلا گیا اور وہاں شہید ہو گیا اور اب دیکھیئے کہ اس کی شہادت نے کیا رنگ دکھایا کہ جب اس کی شہادت کی خبر اسلامی جمہوریہ نے اس کے والدین کو سنائی تو اس کے والدین جو اس کی شہادت تک عیسائی تھے —— نے اس کی عظیم الشان سرخ موت کی خبر سنکر اسلام قبول کر لیا اور نہ صرف وہ مسلمان ہوئے بلکہ سب خاندان کے افراد مسلمان ہو گئے۔

زمانہ قدیم میں تحریک پاکستان سے قبل جنوبی ایشیا برصغیر سے کوئی عالم روسی لیڈر لینن کے پاس گیا تھا کہ اسے بتائے کہ اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے' ایک مکمل نظام ہے' اور اس سے بحث کی کہ اسلام میں یہ گنجائش ہے اور فلاں آسانی کیونکہ اس زمانے

میں روس میں کمیونسٹ انقلاب آچکا تھا۔ لینن نے جواب دیا کہ آپ کا کہنا درست ہے اگر اسلام اتنا ہی اچھا ہے تو دنیا کے کسی ایک ملک میں اس کا عملی نمونہ دکھایئے۔ اگر اسلام کسی معاشرے کی درستگی اور اسے منزل وارتقاء تک پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے تو پھر اسلامی نظام کسی ایک ملک میں نافذ کیوں نہیں ؟ وہ عالم یہ سن کر واقعتاً" —— خاموش ہو گئے کیونکہ اس زمانے میں اسلام کا عملی نمونہ یا ماڈل کسی ایک ملک میں بھی نہیں تھا۔ لیکن الحمد للہ آج اسلام بھی ہے اور وہ بہترین ماڈل کے طور پر ہمارے سامنے بھی ماجود ہے۔ آج بھی اسلام وقت کے تمام تقاضوں کو پورا کر رہا ہے اور معاشرے اور انسانیت کو جدید ترقی اور منازل ارتقا سے بھی قریب تر کر رہا ہے۔ آج آپ ایران میں جا کر دیکھیں تو آپ کو وہاں اسلامی جمہوریہ کا مکمل نمونہ نظر آئیگا اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج یورپ اور مغرب میں بھی اسلام تیزی سے پھیل رہا ہے۔ لہٰذا انہوں نے ملکر اس اسلامی انقلاب کو روکنے کے لئے توہین آمیز کتاب سلمان رشدی سے لکھوائی تاکہ لوگوں کے خیالات و نظریات منتشر اور متنفر ہو جائیں اور ان کے ممالک میں اسلام اپنا اثر نہ دکھا سکے۔ اور وہاں رہائش پذیر مسلمانوں تک اسلام حقیقی کے نظریات نہ پہنچ سکیں۔

عزیزان گرامی —— یہ کیا سازش تھی یہ روح اسلام اور روح قرآن کو قتل کرنے کی کوشش تھی۔ لیکن، اللہ تعالیٰ آیت اللہ العظمیٰ امام خمینی سلام اللہ علیہ پر اپنی رحمتیں زیادہ کرے کہ آپ نے وہ الٰہی فتویٰ دیا کہ —— "سلمان رشدی واجب القتل ہے" —— اور اسی فتوے کی وجہ سے وہ ملعون آج زندہ دفن ہو گیا۔ اس کی جان کو شدید خطرہ لاحق ہے وہ اب معاشرے میں قدم بھی نہیں رکھ سکتا ہے۔ اب پیغمبر اسلام (ص) کی شان کے خلاف گستاخی کرنے کے لئے کسی کو بھی جرات نہیں ہو گی۔

آپ تاریخ اٹھا کر دیکھئے سلمان رشدی سے پہلے ہزاروں کتابیں انگریزوں کی چھپی ہوئی ملیں گی اور اس میں پیغمبر کی توہین کی گئی۔ ایک کتاب لکھی گئی اور کچھ سالوں بعد اس کتاب کو ماننے والے پیدا ہو گئے اور ایک فرقہ پیدا ہو گیا جیسے قادیانی۔ خود قادیانی غلام محمد اپنی ایک کتاب میں لکھتا ہے کہ میں نے انگریزوں کی حمایت میں اتنی کتابیں لکھی ہیں کہ ان سے الماریاں بھر جائیں اور میں نے جہاد کو ختم کر دیا تاکہ انگریز محفوظ رہیں۔ یہ انگریز کا ایجنٹ تھا۔ پہلے قادیانی مذہب ایجاد کیا پھر ایران میں بہائی مذہب۔ یعنی پہلے کتاب لکھی جاتی ہے پھر اس کے ماننے والوں کو پیدا کیا جاتا ہے اور فرقہ بنایا جاتا ہے لیکن

حضرت امام خمینی سلام اللہ علیہ نے عطا شدہ الٰہی بصیرت سے کام لیا کہ اب کوئی نیا فرقہ نہیں بنے گا نہ اب کوئی نئی کتاب آئے گی۔

## عشق رسولؐ کے خلاف

یہ نظریات بھی انگریز ہی کے پھیلائے ہوئے ہیں کہ رسول اللہؐ تھے، ختم ہو گئے، ان کا نام مت لو اور ان کے وسیلے سے دعائیں مت مانگو کہ اس طرح روح اسلام کو ختم کر دیا جائے، روح امامت کو قتل کر دیا جائے، رسول کا واسطہ کیوں دیتے ہو، دعاؤں میں ان کو وسیلہ کیوں بناتے ہو کیونکہ دشمن نے دیکھا کہ اسلام جو جذبہ اپنے پیروکاروں کو دیتا ہے وہ کوئی اور مذہب دے ہی نہیں سکتا ہے۔ انہوں نے دیکھا کہ میدان جنگ میں ایک انگریز بھی لڑتا ہے اور ایک مسلمان بھی لیکن مسلمان کا بھروسہ اسلحہ پر نہیں ہوتا بلکہ اس کی امیدوں اور بھروسے کا مرکز خدا کی ذات ہوتی ہے جبکہ انگریز کی فکروں کا محور اور اس کا بھروسہ اسلحہ پر ہی ہوتا ہے کہ جہاں اسلحہ ختم وہیں شکست لیکن مسلمان بغیر ہتھیار کے بھی لڑتا ہے اور بقول اقبال۔

مومن ہو تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

مومن کا سب سے بڑا ہتھیار ——— اللہ اکبر ہے، سب سے بڑا اسلحہ یا رسول اللہؐ اور ایمان کا خزانہ نعرہ حیدری ہے۔

نعرہ حیدری ایمان کو جلا دیتا ہے<br>
فرق مومن کا منافق سے عیاں کرتا ہے

لہٰذا انہوں نے یہ چاہا کہ مسلمانوں کے اس روحانی اسلحے اور ایمان کے خزانے کو ختم کر دیا جائے، اس بھروسے کے عقیدے کو ختم کرو تو روح اسلام خود بخود ختم ہو جائیگی پھر مسلمان سپاہی ایک عام سپاہی کی طرح ہو جائے گا۔ لہٰذا پہلے باطل نظریات کی پرچار کے لئے کتاب لکھی پھر مذہب ایجاد کیا۔ کیا لکھا کہ جب بھی دعا مانگو اللہ سے براہ راست دعا مانگو۔ اللہ کے سوا کسی اور سے مانگنا شرک ہے۔ سلمان رشدی چونکہ مولوی نہیں تھا اس لئے پکڑا گیا لیکن دشمن نے یہ کسر بھی پوری کر دی کہ پیسہ پھینک تماشا دیکھ ——— پر عمل کیا اور مولویوں کو جن کے حلقہ درس وسیع تھے، خریدا اور ڈالرز سے ان کی جیبیں بھریں اور نئے مذہب اور باطل نظریات وہابیت کی اشاعت کرائی کہ رسول اللہ کا واسطہ

دنیا' ان کو وسیلہ قرار دینا شرک ہے' جو کچھ مانگنا ہے سیدھے سیدھے اللہ سے مانگو۔ انہوں نے جائزہ لیا' تجزیہ کیا کہ اصل مرکز عشق رسولؐ ہے' محبت رسولؐ ہی اصل تحریک ہے' عشق رسولؐ ایک انقلاب ہے' عشق رسولؐ ایک تحریک ہے' عشق رسولؐ ولولہ ہے' عشق رسولؐ جوش ہے اور عشق رسولؐ اسلحہ ایمانی ہے لہٰذا پہلے اسے ختم کرو کہا کہ جو کچھ مانگنا ہے براہ راست اللہ سے مانگو' کسی کو وسیلہ مت بناؤ کیونکہ یہ شرک ہے مثلاً یہ کہنا کہ "اے میرے مالک اپنے رسولؐ کے صدقے میں ایک بیٹا دے" ——— شرک ہے۔

سیدھے سیدھے اپنی تمام حاجات اللہ ہی سے طلب کرو۔ پھر دلیل کیا دی ——— درباری ملاؤں کے ذریعہ سے کہلوایا گیا کہ اللہ کا حق مخلوق پر ہے۔ خدا نے اپنی مخلوق کو ہاتھ پاؤں دیے' کان' ناک اور آنکھیں دیں' اسی وجہ سے خالق کا مخلوق پر حق ہے لیکن مخلوق کا اللہ پر حق ——— چہ معنی دارد ——— ؟۔ تو جب مخلوق کا اللہ پر حق نہیں ہے تو بس محمد مصطفےؐ یا علی المرتضیٰؑ بھی مخلوق میں شامل ہیں' اس کے بندے ہیں لہٰذا مخلوق کا واسطہ دے کر خالق سے اپنی حاجت طلب کرنا شرک ہے چنانچہ گمراہ کرنے کے لئے ایک دلیل بھی بنادی گئی' پیغمبر اسلام کی عظمت کے خلاف اسلام کے حقیقی نظریات کے خلاف اور فرقہ واریت کی بنیاد کو مستحکم اور مضبوط بنانے کے لئے دلیلیں بھی پیدا کرلی گئیں کہ پیغمبر اسلامؐ اور علی المرتضیٰؑ اور دیگر ائمہ دین علیہ السلام تو مخلوق میں شامل ہیں اور چونکہ مخلوق کا خدا پر' اپنے پیدا کرنے والے پر کوئی حق نہیں ہے۔ لہٰذا مخلوق کا واسطہ دیکر یا ان کو وسیلہ بنا کر خالق سے اپنی حاجات طلب کرنا اور دعا مانگنا شرک ہے۔ اب آپ نے دیکھا کہ پیغمبر اسلام کی عظمت کو گھٹانے کے لئے دشمنان نے کیسا مضبوط اور باریک جال بنا اور باطل عقیدے اور نظریات کی بنیاد کیسی مضبوط رکھی ——— لیکن قرآن جس نے پہلے کے تمام باطل نظریات کو منہ توڑ جواب دیا ——— کا جواب سنیں۔

وکان حقا علینا نصر المومنین

——— اور ہم پر حق ہے کہ ایمان والوں (مومنین) کی مدد کریں۔ (سورۃ روم ۴۷)
دوسرے مقام پر ارشاد ہوا کہ

حقا علینا ننجی المومنین

——— "ہم پر حق ہے کہ ایمان والوں (مومنین) کو نجات دیں"۔ (سورۃ یونس ۱۰۳)

عزیزان گرامی ــــ آپ نے دیکھا کہ مومنین کا خدا پر کتنا حق ہے اور جو امیر المومنین ہو گا اس کا خدا پر کتنا حق ہو گا؟

## ہدایت ــــ زندگی ہے

وہ پہلی آیت جو میں نے شروع میں تلاوت کی۔ ارشاد رب العزت ہے کہ

ومن احیا جس نے ایک نفس کو زندہ کیا فکانما احیا الناس جمیعا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو اور عالم انسانیت کو زندہ کیا۔ کسی نے امام جعفر صادقؑ سے دریافت کیا کہ۔

''مولا ہم ایک مردہ انسان کو زندہ کیسے کر سکتے ہیں''؟

قرآن کہہ رہا ہے کہ جس نے ایک نفس کو زندہ کیا گویا اس نے تمام انسانیت کو زندگی بخشی۔

امامؑ نے جواب دیا کہ ''یہاں اس آیت میں زندہ کرنے سے مراد ظاہری زندگی نہیں ہے۔ یہاں زندہ کرنے سے مراد ہدایت ہے''۔ مثلاً ایک مردہ دل انسان ہے 'اس کے دل میں معرفت خدا کا نور نہیں ہے' معرفت رسولؐ کا نور نہیں ہے' وہ گناہوں میں ڈوبا ہوا ہے' شیطان کی اطاعت کر رہا ہے' اللہ کے راستے صراط مستقیم سے دور ہے تو اگر کسی نے اس گناہ گار انسان کو ہدایت کی' اس کے مردہ دل کو زندہ کر دیا' اس کے دل میں معرفت خدا اور رسول کا نور منور ہو گیا' وہ گناہوں کی دلدل سے نکل آیا' شیطان کے خلاف بغاوت پر اتر آیا اور اللہ کے راستے۔ صراط مستقیم۔ پر گامزن ہو گیا تو حقیقت میں ایسے انسان نے زندگی کو پا لیا' زندگی گزارنے کا راز اسے معلوم ہو گیا' ابدی خزانے کی چابی اس کے ہاتھ لگ گئی ــــ اگر کسی کے ذریعے سے حقیقتاً ایسا ہو گیا تو اس کا اجر فقط یہ نہیں ہے کہ اس نے ایک انسان کو جنتی بنا دیا۔ ایک انسان کو راہ ہدایت دکھائی بلکہ اس کا اجر و ثواب اتنا ہے کہ گویا اس نے تمام انسانوں کو راہ ہدایت دکھائی اور سب کو اللہ والا بنا دیا۔ عاشق رسولؐ بنا دیا اور عاشق اسلام بنا دیا۔ یعنی اگر تم نے کسی گمراہ انسان کو علیؑ کا چاہنے والا' حسینؑ پر پروانہ بنا دیا' اس کی تربیت کر کے اسے سلمان و ابوذر کے مثل بنا دیا اور کسی کو گمراہی کے سمندر میں ڈوبنے سے بچا لیا تو اس کا اجر ایک انسان کو تباہی و ہلاکت سے بچانے کا نہیں ہے بلکہ تمام انسانوں کو زندگی دینے کا اجر تمہیں ملے گا۔

## گمراہی ـــــ موت ہے۔

آیت کا پہلا حصہ آپ نے سنا کہ ومن قتل نفسا ـــــ جس نے ایک انسان کو قتل کیا ـــــ فکانما قتل الناس جمیعا تو گویا اس نے تمام انسانیت کو قتل کیا۔

امام جعفر صادقؑ نے اسی آیت کے ذیل میں ارشاد فرمایا کہ "یہاں قتل سے مراد جسم انسانی کا قتل نہیں ہے' بلکہ یہاں قتل انسان سے مراد ـــــ قتل نفس ہے"۔

یعنی آپ کی وجہ سے ایک انسان گمراہ ہو گیا' آپ کے کردار کی وجہ سے ایک انسان اسلام سے بددل ہو گیا' اللہ کے راستے سے دور ہو گیا' طاغوت کو اپنا ولی اور سرپرست قرار دینے لگا' شیطان کی پیروی کرنے لگا اور تہمت کی جگہوں کو اپنا مسکن بنانے لگا ـــــ تو اس کا عذاب اور اس کا گناہ اتنا ہے کہ آپ نے تمام انسانوں کو گمراہ کیا اور سب کو اللہ کے راستے صراط مستقیم سے دور کر دیا۔

خدانخواستہ آپ کی اولاد آپ کی غفلت کی وجہ سے قرآن و اہلبیت علیہم السلام کے راستے سے منحرف ہو گئی' احکام الٰہی کی مخالفت کرنے لگی' لڑکی بے پردہ پھرنے لگی میک اپ کر کے نامحرموں کو اپنا جسم دکھاتی رہی' نامحرموں سے ہنس ہنس کر بات کرنے لگی آپ کا بیٹا سگریٹ اور شراب نوشی کا عادی بن گیا ٹی وی اور وی سی آر پر گندی فلمیں دیکھنے لگا' داڑھی مونڈھنے لگا' بدتمیز ہو گیا' علما کی توہین کرنے لگا' ماں باپ کو بھول گیا ـــــ آپ نے اسے گناہوں' عیاشی' نفس پرستی' شیطان کی پیروی' صرف دنیا کی فکر اور آخرت سے بے خبری کے اسباب فراہم کیے اور آپ نے اپنی ناقص عقل کے مطابق اسے اعلیٰ روایات سے روشناس کرایا' جدید زمانے کے آداب سکھائے' اسے فرسودہ روایات سے منحرف کر دیا اور اسے ماڈرن لائف میں داخل کیا ـــــ مگر حقیقتاً آپ نے اس کی روح کو قتل کر دیا۔ آپ نے اس پر ہدایت کے دروازے بند کر دیے اور در حقیقت آپ نے ایسا کیا کہ تمام انسانوں کی روح کو قتل کر دیا اور ان پر ہدایت کے دروازے بند کر دیے۔ اگر ایک بچہ والدین کی غفلت سے گمراہ ہو گیا تو فقط ایک نفس گمراہ نہیں ہوا بلکہ قرآن کے مطابق تمام انسانیت کا خون ہوا۔

## تربیت اولاد ایک اہم فریضہ

ایک مرتبہ رسول اسلامؐ اپنے اصحاب کے ساتھ گلی سے گذر رہے تھے۔ اس گلی میں

چھوٹے چھوٹے بچے موجود تھے۔ آپ نے بچوں کو دیکھا اور پیار کیا اور ٹھنڈی سانس بھر کر کہا "اللہ اکبر"۔ اصحاب نے جب رسول اسلامؐ کے چہرے پر غم کے اثرات دیکھے تو آپ سے دریافت کیا کہ۔ "یا رسول اللہؐ کیا ہوا"؟ آپؐ نے جواب دیا کہ "ھائے آخری زمانے کے بچے"۔

یہ ہماری اور آپ کی اولاد ہے جو پیغمبر اسلامؐ کو رلا رہی ہے اور ان کے غم کا باعث بن رہی ہے والدین اپنے بچوں کی دنیا کے بارے میں تو بہت فکر مند رہتے ہیں انھیں اعلیٰ تعلیم کے دلوانے کا خیال ہوتا ہے کہ لڑکا بی اے (B.A) کر لے "ڈاکٹر بن جائے" انگریزی فر فر بولے (یہ سب غلط نہیں ہے) اگر وہ کسی چیز سے غافل ہیں تو وہ ان کی اولاد کی آخرت ہے اور اگر والدین کسی چیز سے بے خبر ہیں تو وہ ان کے بچوں کا بھیانک انجام ہے۔ والدین کو یہ فکر تو ہو گی کہ لڑکا کورس کی کتابیں پڑھ رہا ہے یا نہیں لیکن اس کی فکر نہیں ہو گی کہ لڑکا نماز بھی پڑھ رہا ہے یا نہیں۔ والدین کو اس کی خوراک کی تو فکر ہو گی مگر اس کی فکر نہیں ہو گی کہ وہ روزے بھی رکھتا ہے یا نہیں۔ والدین کو ان کے لباس کی فکر تو ہو گی کہ ان کے لئے نئے لباس سلوادیں مگر ان کی روح کے لباس۔ تقویٰ۔ کی فکر نہیں ہو گی۔ انھیں ان کے ماحول اور ان کی ماڈرن سوسائٹی میں ان کی نشست اور اٹھک بیٹھک (اسٹینگ) کی تو فکر ہو گی مگر ان کو یہ فکر نہیں ہو گی کہ ان کی اولاد کن غلیظ اور تباہ کن گناہوں میں مبتلا ہے۔ انھیں ان کی صحت و سلامتی کی تو فکر ہو گی مگر ان اخلاقی برائیوں اور بری صفات کی فکر نہیں ہو گی جنکا درد بھی محسوس نہیں ہوتا اور جو انکی روح کے لئے بہت خطرناک ہیں اور ان کا انجام تباہ کن بنا رہی ہیں۔

المختصر والدین کو اولاد کے ظاہر کی تو فکر ہو گی مگر ان کے باطن کی سلامتی کی فکر نہیں ہو گی۔ پیغمبر اسلامؐ کے فرمان کے مطابق وہ اولاد کی دنیا کی فکر کرینگے۔ لڑکی کے جہیز کی فکر کریں گے۔ مگر اس کے بے پردہ گھومنے اور اس کے لڑکوں سی ہنس ہنس کر بات کرنے اور

---

(اسلام دنیا کی مذمت نہیں کرتا بلکہ اگر وہ مذمت کرتا ہے تو اس کی کہ انسان صرف دنیا میں الجھ جائے اور خدا و قیامت کو بھول جائے۔ اسلام نے اس نظریئے کی شدت کے ساتھ مذمت کی ہے اس مقصد کے لئے آیت اللہ مطہری شہید کی کتاب سخن میں باب دنیا کے بارے میں دین کا نقطہ نظر ۔۔۔ کا مطالعہ کیجئے۔ ناشر جامعہ تعلیمات اسلامی اور امام خمینی کا درس محبت دنیا کا مطالعہ کریں۔ (چہل حدیث) ناشر مکتبہ رضا۔ کراچی۔

لوگوں کی بری نگاہوں سے اس کی عزت و عصمت کو بچانے کی فکر نہیں کریں گے۔ پیغمبرؐ ٹھنڈی سانس لے کر کہتے ہیں کہ۔ "ہائے آخری زمانے کے بچے" ــــ دنیا کی فکر ہے کہ اچھا بزنس مل جائے۔ امریکہ چلا جائے چاہے وہاں جاکر جو کچھ کرتا رہے۔ اس کے جھوٹ بولنے کی فکر نہیں ہے بس فکر ہے تو اس کی ڈگری کی۔ اب پیغمبرؐ فرماتے ہیں اور پیغمبر کا یہ جملہ بہت ہی سخت ہے ــــ فرماتے ہیں کہ۔ "میں اپنی زبان سے ان پر تبرا کرتا ہوں اور وہ اپنے عمل سے رسولؐ پر تبرا کرتے ہیں"۔ اگر ماں باپ نے ایک گمراہ 'فاسق' گناہ گار اور بے نمازی بچہ معاشرے کو دیا تو یہ بچہ اپنے کردار' اپنے افکار اور اپنے عمل سے رسول خدا پر تبرا کرے گا۔ وہ زبان سے تو محمد کو اللہ کا رسول کہے گا مگر عمل سے اس کا انکار کرے گا۔ ایسا بچہ حسینیؑ نہیں بلکہ یزیدی بن رہا ہے۔ بچے کی تربیت اسلامی احکام کے بجائے شیطانی احکام کے عین مطابق ہو رہی ہے۔ لہٰذا اولاد ایک امانت ہے جو ہمیں معاشرے کو اس انداز سے پیش کرنی ہے کہ وہ معاشرے کے کام آسکے اور انسانیت کی خدمت کر سکے۔ آیت اللہ حسین مظاہری اپنی ایک کتاب میں ایک عجیب جملہ تحریر کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ ــــ

"میری نظر میں قرآن و اہلبیت علیہم السلام کے بعد اولاد سے بہتر اللہ کی کوئی اور امانت نہیں ہے"۔

یعنی قرآن و اہلبیت علیہم السلام کے بعد اگر کوئی اللہ کی امانت ہے تو وہ اولاد کے علاوہ کوئی اور نہیں۔ روایات میں ملتا ہے کہ پیغمبر اسلامؐ نے فرمایا کہ۔ "ایک نوجوان لڑکی اپنی بے پردگی اور اپنے جسم کو نامحرموں کو دکھانے کے نتیجے میں جہنم میں جائے گی"۔ دنیا میں اس نے میک اپ کرکے' بازوؤں کو برہنہ کرکے اپنے آپ کو نمائش گاہ بنایا اور نامحرموں کے ساتھ گھومی' لہٰذا جہنم میں جائے گی۔ اب رسول اللہؐ فرماتے ہیں کہ۔ "اسکی ماں جو پردہ دار تھی نامحرموں سے اپنے آپ کو چھپاتی تھی وہ بھی اپنی بے پردہ بیٹی کے ساتھ جہنم میں جائے گی"۔ کیونکہ اس نے اپنی بیٹی کی تربیت اسلام کے احکام کے مطابق نہیں کی بلکہ دنیا کے احکام کے مطابق کی۔ ایک لڑکا اپنے بے نمازی ہونے کی وجہ سے جہنم میں ڈالا جائے گا مگر باپ جو نمازی تھا' جس کے چہرے پر سجدوں کا نشان واضح ہو گا وہ بھی اپنے بے نمازی بیٹے کے ساتھ جہنم میں جائے گا۔ باپ خود تو فجر میں نماز کے لئے اٹھتا تھا مگر بیٹے کو اس لئے نہیں اٹھاتا تھا کہ کہیں اس کی نیند نہ خراب ہو جائے۔ خود روزہ رکھتا تھا مگر بیٹے کو اس لئے نہیں رکھواتا تھا کہ میں بیٹا کمزور نہ ہو جائے جبکہ حدیث ہے کہ۔ "روزہ

رکھو اور صحت مند ہو جاؤ "۔ اسے داڑھی رکھنے کی تاکید نہیں کرتا تھا کہ لوگ اسے دقیانوس کہیں گے۔ خود قرآن پڑھتا تھا مگر بیٹے کو گندی ڈائجسٹ پڑھنے سے منع نہیں کرتا تھا۔ روز قیامت باپ بیٹے دونوں آئیں گے۔ بیٹا بے نمازی ہونے کی وجہ سے جہنم میں جائے گا۔ اور باپ اپنی اولاد کی اسلامی تربیت نہ کرنے کی وجہ سے جہنم میں جائے گا۔ اولاد کے متعلق جو سوالات کئے جائیں گے تو بڑے بڑے بے بس ہو جائیں گے۔

عزیزان گرامی ـــــ بچے کی تربیت ایک نہایت اہم موضوع ہے۔ اب ہم کیا کام کریں کہ پیغمبر ہم پر تبرا نہ کریں اور نہ ہی ہم ان کی امت سے خارج ہوں۔

## تربیت اولاد میں ـــــ شادی کا پہلو اور اسکی اہمیت۔

### نکاح ـــ ابتدائی منزل۔

ہمارے پاس قرآن، اہلبیت کی تاریخ موجود ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسلام اور امامت کا شیدائی بنے تو آیئے حضرت علیؑ کے پاس چلتے ہیں اور ان سے اپنی مشکل کا حل دریافت کرتے ہیں تو حضرت علیؑ اپنے بھائی عقیلؑ سے یہ فرماتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ۔ "عقیلؑ میں شادی کرنا چاہتا ہوں مگر میرا مقصد یہ ہے کہ ایک ایسا بہادر بچہ پیدا ہو جو کربلا میں (اسلام و امامت) حسینؑ کا محافظ ہو"۔ حسینؑ کے بابا علیؑ ہمیں نکاح کا مقصد بتا رہے ہیں کہ "عقیلؑ ایسا بہادر خاندان اور متقی خاتون تلاش کرو کہ جس کے بطن سے ایسا بہادر بچہ پیدا ہو کہ جو کربلا میں حسینؑ کی پاسداری کر سکے" علیؑ ایسی اولاد چاہ رہے ہیں، جو اسلام کی شیدائی ہو، بہادر ہو اور تقویٰ میں بے مثال ہو، حسینؑ سے وفا کرنے والا ہو۔ علیؑ تقویٰ کو نکاح کے لئے شرط کیوں قرار دے رہے ہیں ـــــ کیونکہ تقویٰ والی خاتون ہوگی تو اولاد بھی متقی اور حسینیؑ پروانہ بنے گی مگر آج جو نوجوان شادی کرنا چاہتے ہیں وہ یا تو خوبصورتی دیکھتے ہیں، دولت دیکھتے ہیں یا جہیز پر ان کی نگاہ ہوتی ہے۔ یہ سب خلاف شریعت اسلامی ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے حسینیؑ بنیں، حبیب ابن مظاہرؑ بنیں۔ تو آپ مت دیکھیں کہ لڑکی کیسی ہے یا لڑکا کیسا ہے۔ خوبصورت بھی ہے اور دولتمند بھی بلکہ یہ دیکھیں کہ اسمیں تقویٰ بھی ہے یا نہیں۔ ان تمام چیزوں کو شادی کے لئے شرط نہ بنائیں۔

ایک شخص نے امام حسنؑ کی خدمت میں آکر دریافت کیا کہ۔ "مولا بیٹی جوان ہو گئی

ہے اس کی شادی کرنا چاہتا ہوں کس سے نکاح کروں"۔
امامؑ نے جواب دیا کہ۔ "نہ حسن دیکھنا اور نہ دولت"۔
امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ۔ "اگر خوبصورتی اور حسن کے لئے شادی کرو گے تو نہ حسن ملے گا اور نہ دولت بلکہ بربادی کے حقدار ہو گے"۔
امام حسنؑ نے شادی کے لئے دولت اور حُسن کی ممانعت کیوں کی؟ اب امامؑ خود ہی ارشاد فرماتے ہیں اور یہ تمام والدین کے لئے بہترین اصول ہے کہ۔ "کسی کو بیٹی دو تو یہ دیکھو کہ لڑکا نیک پرہیزگار اور متقی ہے یا نہیں۔ کیونکہ اگر تیری بیٹی اسے پسند آئی تو اس سے محبت کرے گا اور تیری بیٹی کی عزت کرے گا لیکن اگر تیری بیٹی اس کے معیار کے مطابق نہیں اتری تو وہ کبھی ظلم نہیں کرے گا کیونکہ متقی کبھی ظلم نہیں کرتا"
عزیزان گرامی ـــــ آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ جس کے پاس گاڑی بڑی اور چمکدار ہے، بنگلہ ڈیفنس میں بنا ہے اور جس کے پاس روپے پیسے کی ریل پیل ہے ہم لڑکی اسی کو دیتے ہیں۔ مگر نکاح کے پہلے قدم پر علی بتا رہے ہیں کہ اگر مجاہد اولاد چاہتے ہو، اگر یہ چاہتے ہو کہ تمہاری اولاد اسلام کے برے وقت میں اسلام کے کام آئے اور یہ چاہتے ہو کہ تمہاری اولاد حسینی پروانہ بنے تو بہادر اور متقی خاندان کی متقی خاتون تلاش کرو۔
پیغمبر خدا کے فرمان کے مطابق کہ "نکاح کرو کیونکہ مرنے کے بعد عمل کرنے کا زمانہ ختم ہو جاتا ہے۔ ایسی حالت میں نیک اولاد ہی سب سے بڑا سرمایہ ہے اور گناہگار اولاد ہی سب سے بڑا عذاب ہے۔ لہذا اگر نیک اولاد چاہتے ہو تو اپنی اولاد کی صحیح تربیت کرو"۔
آپ کی وفات کے بعد آپ کی نیک اور صالح اولاد موجود ہے۔ اگر وہ عبادت کر رہا ہے تو اس عبادت کا ثواب فقط اسے نہیں مل رہا ہے بلکہ اس کا ثواب آپ کو بھی مل رہا ہے کیونکہ آپ کی تربیت کی وجہ سے وہ نیک اعمال بجالا رہا ہے۔ لیکن اگر آپ نے اپنی اولاد کی تربیت اسلامی اصولوں کے مطابق نہیں کی اور معاشرے کو گمراہ انسان دیا تو اب جتنے گناہ وہ کر رہا ہے، آپ اس کے پانٹنر ہیں، اسکے برے اعمال میں آپ برابر کے شریک ہیں لہذا برے اعمال کا عذاب اسے تو ملے گا ہی مگر اس عذاب میں آپ بھی شامل ہونگے کیونکہ آپ کی غلط تربیت کی وجہ سے وہ اللہ کے راستے سے دور ہو گیا۔
اب پیغمبر اسلام سے نکاح کے مقاصد دریافت کئے جائیں تو پیغمبر اسلام ہمیں یہ کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ
"تم جب بھی نکاح کا ارادہ کرو تو تین (۳) علامات کو ضرور دیکھو۔ (۱) اس کا اخلاق (۲)

اس کا دین اور امانت "۔ یعنی اس کا اخلاق کیسا ہے وہ دیندار ہے یا نہیں اور وہ امانت دار بھی ہے یا نہیں۔ مرد اور عورت کے لئے یہ علامات مشترکہ ہیں۔ اب پیغمبر فرماتے ہیں کہ ۔ "اگر تم نے نکاح کے لئے اس کے اخلاق 'دین اور اس کے امانتدار ہونے کو نہیں دیکھا اور شادی کر دی تو تم نے اپنی اولاد کی نسل قطع کر دی اور بڑے فتنہ اور فساد کے علاوہ کچھ بھی نہیں ملے گا"۔ یعنی اگر بیٹی کسی کے نکاح میں دے رہے ہو اور یہ نہیں دیکھ رہے ہو کہ وہ دیندار بھی ہے یا نہیں 'وہ خوش اخلاق ہے یا بد اخلاق اور وہ امانت کے عہد کو پورا کرنے والا ہی بھی یا نہیں۔ اس کا کردار بہتر ہے یا خراب اس کا خاندان شریف ہے بھی یا نہیں 'لوگ نیک ہیں یا بد 'وہاں پردے کا مذاق تو نہیں اڑایا جاتا۔ اگر تم نے ان تمام باتوں کا پاس نہ کیا اور نکاح کر دیا تو پیغمبر کے فرمان کے مطابق "تم اپنی اولاد کی نسل کو قطع کر رہے ہو اور ایسی حالت میں سوائے بڑے فتنہ و فساد کے کچھ حاصل نہیں ہو گا"۔

عزیزان گرامی ـــــ اب آپ متوجہ ہوئے کہ نکاح کا مسئلہ کتنا اہمیت کا حامل ہے اور ہم سے کتنی توجہ کا طالب ہے۔

## امام حسینؑ کی قربانی کا مقصد ہماری اصلاح ہے۔

امام حسینؑ سے پوچھا گیا کہ آپ کربلا کیوں جا رہے ہیں۔ امام حسینؑ نے جواب دیا کہ "میں اس لئے قیام کر رہا ہوں تاکہ میرے نانا کی امت کی اصلاح ہو سکے"۔ آپ نے دیکھا کہ امام حسینؑ کی زندگی بھی امت کی اصلاح کے لئے تھی اور آپ کی شہادت بھی اس بات کا سبب بنی کہ امت کی اصلاح ہو۔ اب جب بھی اور جہاں کہیں مجلس حسینؑ برپا ہو اور آپ اس مجلس میں جائیں تو سوچیں کہ آپ کی کتنی اصلاح ہو رہی ہے اور آپ کو کتنی نصیحتیں کی جا رہی ہیں؟ مجلس پڑھنے والے پر اور ذاکر حسین پر امام حسینؑ کا حق ہے کہ آپ کی زندگی کے ہر ہر پہلو کو روشن کرے آپ کے گھر بار کی انفرادی زندگی 'آپ کے اجتماعی امور کی زندگی 'آپکے میل ملاپ کی زندگی 'بازار میں 'معاشرے میں آپ کے معاملات کی زندگی 'آپکی عبادت 'آپ کے جہاد اور آپ کے اخلاق غرضیکہ آپ کی زندگی کے تمام پہلوؤں کو روشن کرے تاکہ حسینی پروانوں کی جو حسینؑ کا ذکر سننے مجلس میں آئے ہیں ـــــ اصلاح ہو سکے۔

## ہماری بدنصیبی

—— لیکن ہماری بدنصیبی یہ ہے کہ ہماری مجالس کا محور یہ رہتا ہے کہ شہرت حاصل کی جائے، لوگوں کے خیال اور پسند ناپسند کے مطابق مجلس پڑھی جائے اور "واہ واہ والی مجلس ہو —— اور ایسی ہی مجالس کامیاب تصور کی جاتی ہیں کہ جن میں سننے والوں کا زبردست مجمع تو ہو مگر ان کی اصلاح کی فکر کے بجائے ان کی داد —— اور واہ واہ حاصل کرنے کی فکر ہو —— اور ہمارے ذاکرین صاحبان صرف خیبر و خندق کی روایت کے گرد گھومتے رہتے ہیں۔ اسلام تو بہت وسیع دین ہے اور دنیا کی تمام مشکلات کا حل اسکے دامن میں موجود ہے۔

## خون حسینؑ سے وفاداری کا ثبوت دیں

امام حسینؑ کا مقصد یہ تھا کہ امت کی اصلاح ہو —— امام حسینؑ کربلا میں قربانی اس لئے دے رہے ہیں کہ امت محمدیؐ کا ہر فرد معاشرے کو نیک کاموں کا حکم دے اور برائیوں سے روکے لیکن افسوس اسی حسینؑ کی یاد میں برپا کی جانے والی مجالس میں اصلاح کا کوئی پہلو نہیں ہوتا۔ اگر ہم امام حسینؑ کے مقصد شہادت یعنی اصلاح کو بھول جائیں گے تو ہم خون حسینؑ کے ساتھ وفا نہیں کر سکیں گے امام حسینؑ شبیہ رسول علی اکبرؑ جیسا نوجوان بیٹا ذبح کرائیں تاکہ ہماری اصلاح ہو، امام حسینؑ علی اصغرؑ جیسے معصوم بیٹے کے چہرے پر خاک ڈالنا گوارہ کریں تاکہ نانا کی امت کی اصلاح ہو —— اور ہم مجالس میں صرف واہ واہ کر کے چلے جائیں۔ امام حسینؑ زینبؑ جیسی عظیم خاتون کی چادر کی قربانی —— صرف ہماری اصلاح کے لئے دیں مگر ہم خود اپنی خواتین کو بے پردہ پھرائیں اور مجالس میں لیکر آئیں۔ مجالس سے تو ہمارے معاشرے میں بے پردگی کو کم ہونا چاہیے اور ہمارے اندر تقوی بڑھنا چاہیے —— مگر ایسا دیکھنے میں بہت کم آتا ہے۔

عزیزان گرامی —— اولاد کی صحیح تربیت واجب ہے اور بقول آیت اللہ مظاہری —— "اولاد امانت الٰہی ہے اور اسمیں خیانت ناقابل معافی جرم ہے"۔ اگر انسان خیانت کرے تو اس کی کوئی عبادت قبول نہیں ہے۔ باپ مسجد میں ہے اور اولاد باہر کھیل رہی ہے۔ وی سی آر پر گندی فلمیں دیکھ رہی ہے۔ ماں مصلے پر بیٹھی ہے اور لڑکی بے پردہ معاشرے میں گھوم رہی ہے۔ اگر باپ مسجد میں اور ماں مصلے پر ہے تو یہ نہ سمجھیں کہ

عبادات قبول ہو رہی ہیں کیوں کہ آپ کی ہی اولاد تو ہے جو گناہوں میں ڈوبی ہوئی ہے۔ لہٰذا اولاد کی صحیح تربیت واجب ہے۔

## شادی پر گناہوں اور جہیز کے غلط اثرات

عزیزان گرامی ـــــ شادی میں کچھ نجس کام بھی ہوتے ہیں۔ جسکے برے اثرات اولاد پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔

جناب سیدہ فاطمہ الزہرہ سلام اللہ علیہ کی شادی کے موقع پر رسول اللہؐ نے خواتین کو جمع کیا اور کہا کہ۔ "خبردار ـــــ سیدہ کی شادی میں کوئی گناہ نہ ہونے پائے" ـــــ کیونکہ شادی میں کوئی گناہ ہو گا تو اس کے برے اثرات شوہر پر بھی اثر انداز ہوں گے ہماری شادیوں میں کتنے گناہوں کے کام ہوتے ہیں اور حرام کو تو اہمیت ہی نہیں دی جاتی ہے اور ان تمام باتوں کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہماری اولاد قابل نہیں نکلتی اور نیک نہیں بنتی ہے۔

اب دیکھیے کہ دنیا و آخرت کے بادشاہ رسول اللہؐ نے اپنی بیٹی کو جہیز میں کیا دیا۔ چند برتن جو مٹی کے تھے۔ چند جوڑے اور ضروری سامان۔ کیا رسول اللہؐ نعوذ باللہ فقیر تھے۔ نہیں۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے رسولِ اسلامؐ کو فقیر جانا۔ رسول اسلامؐ نے مصلے کو ہٹا کر دکھایا۔ اب جو دیکھا تو مصلے کے نیچے ہیرے جواہرات تھے۔ یہ سبق عملاً آنے والی نسلوں کو دینا تھا کہ تم مسلمان ہوتے ہوئے کہیں ہندو نہ بن جانا۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ غیر اسلامی روایات کو تم اسلامی روایات کا نام دے لو۔ یہ خالصتاً ہندوؤں اور کفار کی رسم ہے۔ جہیز کا مطالبہ حقیقتاً ظلم ہے اور جس شادی کی بنیاد ظلم پر ہو اور ابتداء ظلم سے ہو تو اس کا انجام اچھا نہیں ہوتا ہے۔ مثلاً دولہا کہتا ہے کہ مجھے گاڑی چاہیے اور دولہا کی ماں کہتی ہے کہ مجھے سونے کا سیٹ چاہیے۔ اگر یہی لالچ رہی تو آنے والی نسلیں نابود ہو جائیں گی۔ کسی شادی کی ابتداء ظلم سے کر رہے ہیں تو اولاد بھی ظالم پیدا ہوگی۔ لہٰذا جہیز کی اس لعنت کو جو ہندوں اور کافروں کی پیدا کردہ ہے ـــــ ختم ہونا چاہیے۔ ہمارے معاشرے سے اسکی جڑیں اکھاڑ پھینکنی چاہیں۔ یقیناً ایسے انسان سے نہ اللہ راضی ہو گا اور نہ اس کا رسولؐ اور فاطمہ الزہراؑ اس سے ناراض۔ اگر رسولؐ خدا جہیز سے متفق ہوتے تو اپنی بیٹی کو بھی ایسا ہی جہیز دیتے جیسا ہم دیتے ہیں۔ لیکن تاریخ نے دیکھا کہ انہوں نے اپنی بیٹی کو کیا دیا۔

جب آپ شادی کا ارادہ کرتے ہیں تو آپ دریافت کرتے ہیں کہ مولانا فلاں تاریخ

نحس تو نہیں۔ فلاں زیادہ بہتر ہے یا دوسری۔ یہ ایک علمی بحث ہے۔ بذات خود دن منحوس نہیں ہے کیونکہ اس دن کسی قوم پر عذاب نازل ہوا تھا لہٰذا اسی وجہ سے نحس ہو گیا۔ اگر شادی میں کوئی گناہ کیا گیا مہندی 'مانجھا' بڑے میرج ہالوں میں شادی 'کھانے میں اسراف' جہیز کا مطالبہ 'بے پردگی' مرد و خواتین کی مکسنگ (Mixing) اور باہم گروپ فوٹو کھنچوانا اور آرسی موسف وغیرہ وغیرہ —— ان تمام برے کاموں کے اثرات شادی اور اولاد پر مرتب ہوتے ہیں۔ لہٰذا تمام گناہوں سے بچنا واجب ہے۔ حضرت علیؑ نے جناب عقیل سے جو نکاح کے لئے صفات بیان کیں ان کا مقصد نوجوانوں کو تعلیم دینا تھا کہ شادی کا مقصد فقط جہیز حاصل کرنا یا جسمانی لذت اٹھانا نہیں ہے بلکہ تمہارے نکاح کا اولین مقصد یہ ہونا چاہیے کہ تمہاری اولاد حسینی پروانہ بنے' دین دار بنے' پیغمبر اسلامؐ فرماتے ہیں کہ —— "اپنے بچوں کی صحیح تربیت کرکے ماں باپ گناہگار مرجائیں اور اگر وہ روز قیامت دعا کریں گے تو انکی دعا قبول ہوگی اور وہ گناہ گار والدین نیک اولاد کی وجہ سے جنت میں جائیں گے" ——

امام حسنؑ فرماتے ہیں کہ۔ "اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ اسے عزت مل جائے تو اسے چاہیے کہ گناہ کی ذلت سے نکل کر اطاعت الٰہی کی عزت میں داخل ہو جائے ——"۔ اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ بغیر خاندان کے 'بغیر قوم کے اسے عزت مل جائے' اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ وہ بغیر مال کے امیر بن جائے' بغیر حکمرانی کے اسے جلال اور ہیبت حاصل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ گناہوں کی ذلت سے نکل جائے۔ شیطان کی پیروی' گناہوں سے قربت اور خدا سے دوری ہی حقیقتاً موت' گمراہی اور ذلت ہے' عزت یہ نہیں ہے کہ تمہارے پاس دولت بہت ہو یا تم فلاں قوم و فلاں خاندان سے ہو وہ تو تم ہی قابل عزت ہو یا اگر تم صاحب اقتدار ہو تو تم ہی عزت و احترام کے قابل ہو۔ نہیں بھائی ایسا نہیں ہے بلکہ حقیقی عزت تو اسمیں ہے کہ تم شیطان کے دشمن ہو' تم اللہ کی اطاعت کرنے والے ہو۔

خداوند عالم حدیث قدسی میں ارشاد فرماتا ہے کہ۔ "میں نے عزت اور شان و شوکت اپنی اطاعت میں رکھی ہے جبکہ لوگ اسے نام و نسب اور خاندانوں میں تلاش کرتے ہیں اور اسی وجہ سے انہیں عزت نہیں ملتی ہے"۔ خود قرآن میں ارشاد الٰہی ہے کہ

ان اکرمکم عند اللہ اتقکم۔

"بے شک خدا کے نزدیک عزت والا وہی ہے جو تقوے والا ہے۔" (سورۃ الحجرات ۱۳)

خدا کی بارگاہ میں حقیقی عزت اسی کو ملتی ہے جو نیک پرہیزگار، متقی اور اطاعت گزار ہے۔ یہ اور بات ہے کہ لوگ عزت اسے دیں جو اعلیٰ قوم و خاندان سے تعلق رکھتا ہو یا جس کے پاس مال و دولت زیادہ ہو یا جو صاحب اقتدار ہو۔

آج آپ حضرات رات میں یہاں بیٹھے ہیں۔ یہ کس کی محبت ہے جو آپ کو یہاں کھلے آسمان کے نیچے زمین پر بٹھانے کے لئے کھینچ لائی ہے۔ یہ یقیناً حسین کی ہی محبت ہے اور اس محبت کو آپ کے دل میں کس نے ڈالا۔ یقیناً خدائے کریم نے جس کا وعدہ ہے کہ

فاذکرونی اذکرکم

تم میرا ذکر کرو میں تمہارا ذکر کروں گا۔ (البقرہ ۱۵۲) خداوند عالم نے حضرت موسیٰ سے کہا کہ "اے موسیٰ تم میرا ذکر لوگوں میں کرو گے تو میں تمہارا ذکر اس سے بہتر جگہ کروں گا۔ (حدیث قدسی) اور حسین نے خدا کو ایسا یاد کیا کہ تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی کہ حسین سجدہ آخر میں بھی خدا کو یاد کر رہے ہیں۔ یہ ہے اولاد کی تربیت۔ یہ ہے علی و فاطمہ کی اعلیٰ تربیت کا نمونہ۔ کہ اگر جسم کو قتل بھی کر دیا جائے، اگر گلا کاٹ بھی دیا جائے تو سر نوک نیزہ پر تلاوت قرآن میں مشغول ہے۔ حسین نے ایک بیابان صحرا میں گرم ریت پر خدا کو یاد کیا تو آج دنیا کے کونے کونے میں حسین کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ یہ ماں فاطمہ کی تربیت کا نتیجہ ہے کہ آج حسین کے تذکرے کے ساتھ ساتھ خدا کا، اسلام کا، قرآن کا، رسول کا اور شریعت کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ اور اب ہماری مجالس میں معاشرے کی اصلاح کی باتیں کی جانے لگی ہیں۔ حسین آج بھی مرکز ہدایت ہیں کیونکہ انکی روح ابھی تک بلکہ ہمیشہ ہمیشہ تک زندہ ہے۔

ان الحسین مصباح الهدایہ و سفینتہ النجاۃ

"بے شک حسین ہدایت کے چراغ اور نجات کے سفینہ ہیں"۔

امام جعفر صادقؑ نے محرم کی پہلی تاریخ کو فرش عزا بچھایا۔ ایک مومن کہتا ہے کہ "امام ایسے رو رہے تھے جیسے ایک بوڑھی ماں جوان بیٹے کی لاش پر گریہ کرتی ہے"۔ ذاکر بہت اچھے مصائب پڑھ رہا تھا اور لوگ رو رہے تھے۔ امام نے کہا کہ "اور پڑھو۔" پھر ذاکر نے اور پڑھا۔ لوگ روئے کہ آواز بہت بلند ہو گئی۔ اب امام بہت خوش ہوئے اور کہا کہ "ہمارا حق ادا کر دیا"۔ مومن کہتا ہے کہ میں امام کے پاس گیا تو امام نے کہا کہ "تو میرے دادا مظلوم کے غم میں کیوں نہیں رو رہا تھا۔ اس مومن نے کہا کہ "مولا میرا رومال دیکھئے

یہ آنسوؤں سے گیلا ہے"۔ امام نے کہا کہ "نہیں۔ تو نے رونے کا حق ادا نہیں کیا۔ دیکھو گھٹ گھٹ کے نہ رویا کرو، جب بھی میرے دادا پر رویا کرو تو بے انتہا رویا کرو اس لئے کہ یہ وہ مظلوم ہیں کہ ان پر جب کوئی روتا تھا تو اسے طمانچے مارے جاتے تھے لہٰذا آہستہ آہستہ رونے کے بجائے بلند آواز سے رویا کرو" اور جب کوئی روتا تھا تو امام بہت راضی ہوتے تھے۔

عزیزان گرامی —— محرم کا یہ چاند کسی مومنہ نے دیکھا اور اس زمانے میں سخت پابندی تھی کہ کہیں عزاے حسین ہو اور اگر کسی گھر میں فرش عزا بچھتا تھا تو اس گھر کو جلا دیا جاتا تھا محرم میں خاص سپاہی کھڑے کیے جاتے تھے کہ کوئی حسین کی صدائے بلند نہ کرنے پائے۔ اس عالم میں ایک حسین کی چاہنے والی اٹھی اب دیکھیے یہ ہے ماں باپ کی صحیح تربیت کا نتیجہ۔ اور وہ دربار میں گئی اور بادشاہ سے کہا کہ تو مجھ سے جو کچھ لینا چاہتا ہے وہ لے لے مگر میں ایک مجلس شبیر چاہتی ہوں۔ اب بادشاہ کے دریائے ظلم نے جوش مارا کہا ٹھیک ہے "اگر اتنی ہی عاشق حسین ہے ہم اجازت دینگے قیمت ادا کروگی" کہا "جو تو چاہتا ہے ادا کرونگی"۔ بادشاہ نے کہا کہ "ایک بیٹا دوگی۔ ایک مجلس کی قیمت ایک بیٹا"۔ کہا کہ "اگر ہزار (۱۰۰۰) بیٹے ہوں تو ہزار (۱۰۰۰) حاضر لو ایک بیٹا لو"۔ اب صحیح حسینی تربیت کا نتیجہ دیکھئے۔ بیٹے نے خود کو پیش کیا۔ ادھر بیٹے کا سر کٹا اور ادھر مومنہ نے فرش عزا بچھائی اور پورے شہروالوں کو جمع کیا۔ مومن سمجھ رہے تھے کہ ہم نے تو کوئی قیمت ادا نہیں کی اور اس مومنہ نے کی ہے لہٰذا بار بار آتے اور کہتے کہ ہائے آپ نے تو اپنا بیٹا قربان کردیا اور لوگ اس عورت کو پرسہ دیتے جاتے اسی طرح مومنہ نے اپنے دس بیٹوں کو عزائے حسین کے لئے قربان کردیا اور عزاداری حسین کو باقی رکھا۔

خداوند عالم ہم سب کو اپنی اولاد کی بہترین اسلامی تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ ہمارے بچے حسینی پروانے بنیں اور عزاداری کی حفاظت کرسکیں۔

—— "خدایا —— خدایا —— تا انقلاب مہدی —— از نہضت خمینی سلام اللہ علیہ —— محافظت بفرما ——"

# دوسری مجلس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالیٰ فی القران الحکیم

من قتل نفسا بغیر نفس اوفساد فی الارض فکانما قتل الناس جمیعا ٭

ومن احیاھا فکانما احیا الناس جمیعا ٭

ــــ جس نے ایک نفس کو بے گناہ قتل کیا یا زمین میں فساد کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ کیا ــــ

(المائدہ ۳۲)

معزز سامعین ۔ سورۃ مائدہ میں ارشاد رب العزت ہو رہا ہے کہ جس نے ایک نفس کو قتل کیا تو وہ فقط ایک جان کا قاتل نہیں ہے بلکہ اس کا گناہ اتنا ہے کہ گویا اس نے تمام انسانیت کا خون کیا اور وہ عالم انسانیت کا قاتل ہے اور ومن احیا اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا ' ایک انسان کو ہدایت کی تو اس کا ثواب اتنا ہے کہ گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ کیا اور تمام انسانوں کو ہدایت کی۔

## رسول اسلامؐ کے خلاف یہودیوں کی سازشیں

محترم سامعین ۔ جب پیغمبر اسلامؐ کا ظہور عرب کی سرزمین پر ہوا تو اہل عرب ظاہراً انسان تھے مگر مردہ دل تھے ' وہ انسانی شکل میں حیوان حقیقی تھے ۔ اللہ کے راستے سے ہٹے ہوئے انسان تھے ' ظالم و گناہگار انسان تھے ' وہ شیطانی کردار کے مالک تھے ' ان کے وجود

میں انسانیت نام کا کوئی عنصر موجود نہیں تھا' وہ اپنی نومولود بیٹیوں کو زندہ دفن کر دیا کرتے تھے' جہالت کی اس منزل پر تھے کہ معمولی معمولی باتوں پر جھگڑا فساد کرتے تھے اور وہ جنگیں پچاس (۵۰) پچاس (۵۰) برس تک جاری رہتی تھیں۔ ان حالات میں پیغمبر اسلامؐ کا نور نازل ہوا تاکہ عالم انسانیت کے مردہ دل میں ہدایت کا نور اجاگر کریں حقیقت میں یہ کام بہت ہی مشکل تھا کیونکہ ان کے قلوب گناہوں کی وجہ سے پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو گئے تھے اور وہ جہالت کی اس منزل پر تھے کہ اچھی بات سننے کو تیار نہ تھے۔ جہاں پیغمبرؐ اچھی بات کہنے لگتے بس وہیں پیغمبر پر پتھر آنے لگتے اور وہیں کوڑا کرکٹ پھینکا جانے لگتا۔ ایک مرتبہ طائف میں آپؐ پر اتنے پتھر برسائے گئے کہ آپ کا جوتا آپؐ کے خون سے بھر گیا۔ آپ کی تحریک کو دبانے کے لئے' آپؐ کا معاشی بائیکاٹ کیا گیا اور آپؐ نے شعب ابی طالب کی پہاڑیوں کے درمیان ایک گھاٹی میں پناہ لی مگر آپؐ نے بڑی جوانمردی اور استقامت کے ساتھ بڑی بڑی قربانیاں دے کر اپنے مقدس جہاد کو جاری رکھا اور آپؐ نے اپنی تریسٹھ (۶۳) سالہ زندگی میں کفار اور منافقین کے لئے کبھی بددعا نہیں کی۔ چنانچہ خداوند کریم نے آپؐ کو عظیم الشان فتح نصیب کی آپؐ کی اسلامی تبلیغات کے خلاف کفار متحد ہو گئے۔ یہودی اور عیسائیوں نے اسلام کے ابتدائی زمانے میں بھی اسلام کے پیغام کے خلاف اپنی تبلیغات جاری رکھی ہوئیں تھیں اور آج بھی انہوں نے رسول اسلامؐ اور اسلامی انقلاب کے خلاف اپنی تبلیغات جاری رکھی ہوئیں ہیں۔ ابتدائے اسلام کے زمانہ میں کفار نے "ابو جہل و ابو لہب" کو اپنا آلہ بنایا اور آج بھی کفار اور یہود نے "سلمان رشدی" کو اپنا آلہ کار بنایا ہوا ہے۔ اس زمانے میں بھی کفار نے اسلامی انقلاب کے خلاف اور رسول اسلامؐ کی عظمت کو گھٹانے کے لئے زہریلا پروپیگنڈا کیا کہ یہ رسولؐ شاعر' جادوگر اور مجنوں ہے اور آج بھی وہ سلمان رشدی کی کتاب کے ذریعے سے زہر اگل رہے ہیں۔

## یہودیوں کا سب سے بڑا ہتھیار — پروپیگنڈا

عزیزان گرامی —— جو شخص ہدایت یافتہ ہے حقیقتاً وہی زندہ ہے۔ اب جو کوئی زندگی چاہتا ہے' ہدایت چاہتا ہے تو اسے باطل پروپیگنڈے کے ذریعے حق کے راستے سے گمراہ کیا جاتا ہے۔ دشمنان اسلام یہودیوں اور عیسائیوں کا یہی پروپیگنڈا ان کا سب سے بڑا ہتھیار ہے اس مقصد کے لئے بہت سی ایجادات کیں۔ ٹیلی ویژن' ریڈیو' وہ سی آر' اخبارات' بی بی سی' وائس آف امریکہ' سی این این انٹرنیشنل (پی ٹی این اور ورلڈ نیٹ) اور اسی قسم کی دیگر خبر رساں ایجنسیاں قائم کیں ہیں۔

دنیا کے تمام ذرائع ابلاغ پر قبضہ کیا اور ہر جگہ آپ کو انہی کا نمائندہ نظر آئے گا۔ ابتدائے اسلام میں یہ تمام سائنسی ایجادات نہیں تھیں اس زمانے میں کچھ اور قسم کا پروپیگنڈا تھا۔ رسول اسلام ؐ کو جادوگر کہہ کر ان سے لوگوں کو دور کیا جاتا تھا کہ "ارے بھائی یہ نبیؐ جادوگر ہے اس کے قریب بھی نہ جانا۔ خواتین چونکہ جادو سے بہت ڈرتی ہیں لٰہذا اپنے بچوں کو رسول اللہ ؐ کے پاس جانے سے منع کرتیں کہ اس کے پاس بھی مت جانا ورنہ وہ تمہیں بھی اپنا جادو لگا دے گا ایسا جادو کہ باپ بیٹے کا دشمن ہو جاتا ہے اور بیٹا باپ کا

آپ دیکھئے کہ اس زمانے میں بھی کفار اور یہودیوں کا ذہن کتنا سازشی تھا۔ جبکہ ان کے پاس ابلاغ کے جدید ذرائع موجود نہیں تھے لیکن آج کے یہودیوں کے پاس تو جدید ذرائع ابلاغ موجود ہیں تو سوچئے کہ پیغمبر اسلام ؐ کے خلاف ان کا پروپیگنڈا کتنا شدید ہو گا۔

---

اس میدان میں ہماری شکست کا واضح ثبوت ہمارے اخبارات ہیں جن پر تصدیق شدہ ABC لکھا ہوتا ہے۔ یعنی امریکن براڈ کاسٹنگ سے منظور شدہ۔ اب جو بھی اخبار امریکن براڈ کاسٹنگ سے منظور شدہ ہو گا۔ واضح رہے کہ امریکہ میں یہودیوں کی تعداد قلیل ہے لیکن تمام کلیدی عہدے (Key Posts) انہی کے پاس ہیں۔ اب وہ اخبار جس پر یہودیت کی مہر ہو گی وہی اخبار بکے گا' اسی کی خبریں تصدیق شدہ ہوں گی

یہ بی بی سی کے ذریعے سے پوری دنیا میں اپنا زہر اگلتے ہیں ' سی این این انٹرنیشنل کے ذریعے سے مسلمانوں کو بدنام کرتے ہیں اور اسلامی تعلیمات کا مذاق اڑاتے ہیں۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اس مرو فقیہ ' عاشق رسول ' امریکہ شکن امام خمینی سلام اللہ علیہ کے خلاف ان کا پروپیگنڈا کتنا شدید تھا یہاں تک کہ خود ہمارے لوگ بھی شک میں مبتلا ہو گئے یہ بی بی سی روز خبریں دیتا تھا کہ آج ایران میں اتنے لوگ کٹ گئے اور آج اتنی لاشیں گریں۔ ایسی غلط قسم کی خبریں سن کر ہمارے لوگ کہنے لگے کہ بھائی یہ خمینی تو روز لوگوں کو کٹوا رہا ہے اور خود آرام سے بیٹھا ہوا ہے۔ ان یہودیوں کے پروپیگنڈے نے اس بندہ الٰہی کو دنیا کے سامنے ظالم کی شکل میں پیش کیا اور اس طرح کے مقالے لکھے گئے اور فلمیں دکھائی گئیں جیسے وہ ________ حقیقتاً ڈکٹیٹر اور قاتل ہوں اور اس طرح انہوں نے امام خمینی سلام اللہ علیہ کی الٰہی تحریک اور اسلامی جمہوریہ ایران کے چہرے کو مسخ کیا۔ ہمارے کتنے اخبارات ہیں اور وہ خبریں کہاں سے دیتے ہیں؟ ان میں خبریں کہاں سے آتی ہیں؟ اخبارات کی تصدیق کون کرتا ہے؟ اگر آپ اخبارات کی چھان بین کریں تو آپ کو سازش کی کڑی نظر آئے گی جس کا آخری سرا یہودیوں کے ہاتھ میں ہو گا۔ آپ کو ہر اخبار میں یہودیت کا نمائندہ ' یہودیت کا آلہ کار ' یہودی ثقافت کا مداح اور یہودیت کا ذہنی غلام نظر آئے گا۔ خبریں وہی چھاپی جاتی ہیں جو یہودی چاہتے ہیں ۔ آج بھی یہودی اپنے زہریلے پروپیگنڈے کے ذریعے سے اسلام کی نابودی کی فکر کر رہے ہیں۔ اس متقی ترین انسان امام خمینی سلام اللہ علیہ کے خلاف زبردست پروپیگنڈا کیا گیا ہے کہ خود ہمارے لوگ کہنے لگے کہ ایران میں جو کچھ ہو رہا ہے غلط ہو رہا ہے۔ ترکی ' امریکہ اور اسلامی ممالک غرض یہ کہ دنیا کے تمام ممالک میں پروپیگنڈا کیا گیا لیکن امام خمینی سلام اللہ کی وفات نے تمام شکوک و شبہات کو خاک میں ملا دیا کہ اگر وہ اتنے ہی ظالم و قاتل انسان تھے کہ انہوں نے ایران میں خون کی ندیاں بہائیں تو پھر اپنی ملت اور دیگر ممالک کے تقریباً ایک کروڑ اسلام پسند افراد نے ان کی تشیع جنازہ میں کیوں شرکت کی؟

اگر امام خمینی سلام اللہ علیہ ملت ایران اور ملت اسلامیہ کے دشمن تھے تو ملت اسلامیہ ان کی وفات پر دھاڑیں مار کر کیوں رو رہی تھی؟ دنیا کی تاریخ میں کوئی ایسی شخصیت نظر نہیں آتی سوائے امام خمینی سلام اللہ علیہ کے، جن کے جنازے میں ایک کروڑ سے زیادہ افراد نے شرکت کی ہو۔ کتنے ہی لوگ امام خمینی سلام اللہ علیہ کی وفات سن کر اس دنیا سے رخصت ہو گئے، سینکڑوں لوگ بے ہوش ہو گئے۔ آج کے فرعونوں کا سب سے بڑا ہتھیار پروپیگنڈا ہے لہٰذا اس سے نجات پانا ضروری ہے۔ خود خداوند عالم فرماتا ہے کہ

یاا یھاالذین امنو ان جاء کم فاسق م بنبا فتبینوان تصیبو قوما

بجھالۃ متصبحو علی ما فعلتم نلمین ٭

اے ایمان والوں۔ اگر تمہارے پاس کوئی فاسق خبر لے کر آئے تو پہلے خوب تحقیق کر لیا کرو کہیں نادانی سے کسی قوم پر جا پڑو اور پھر اپنے کئے پر پچھتانے لگو (سورۃ الحجرات ۶)

عزیزان گرامی قرآن فاسق کی خبر کا بغیر تحقیق اعتبار کرنے کو منع کر رہا ہے تو پھر ہم یہودیوں کی خبر پر کیسے یقین کر لیں؟

ایک شخص رسول اسلامؐ کی خدمت میں آیا اور کہا کہ "اللہ کے رسولؐ کہاں ہیں میرے پاس دولت ہے جو میں رسول اسلامؐ کی خدمت میں دینا چاہتا ہوں۔ اب ابو جہل جو اس وقت وہاں موجود تھا، یہ کوشش کرنے لگا کہ یہ شخص پیغمبرؐ کے دروازے تک پہنچنے نہ پائے۔ اگر اس نے پیغمبر اسلامؐ کی باتیں سن لیں تو یہ یقیناً باطل کو چھوڑ کر حق کو قبول کر لے گا یہ شخص ملک شام سے پیغمبرؐ کی زیارت کے لئے آیا تھا۔ ابو جہل نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ خبردار یہ محمدؐ کی باتیں سننے نہ پائے ورنہ یہ بھی اسلام میں داخل ہو جائے گا۔ اس کے ساتھیوں نے پوچھا کہ "پھر کیا کریں"؟ ابو جہل نے کہا کہ "اسے میرے پاس لے آؤ اسے کیا پتہ کہ محمدؐ کون ہے؟ تم سب کہنا یہ اللہ کے رسولؐ ہیں اور

انہی کا نام محمد مصطفیٰؐ ہے تو اس طرح وہ مان لے گا پھر ہم اسے اپنی باتیں بتائیں گے اور اس سے اس کا مال بھی لے لیں گے۔ اسلام کا شیدائی جو اسلام کی تلاش میں نکلا ہے ہم اسے حق سے ہٹا دیں گے"۔

اب اس بے چارے سے کہا کہ "ہم تمہیں رسول اسلامؐ کے پاس لئے چلتے ہیں"۔ اس نے کہا کہ "چلو"۔ ادھر پروگرام کے مطابق ابوجہل مسند پر بیٹھ گیا اس شخص کو لایا گیا اس نے پوچھا کہ "کون ہے اللہ کا رسولؐ"۔ لوگوں نے کہا کہ "وہ ہے اللہ کا رسولؐ جو مسند پر بیٹھا ہے" اس شخص نے ابوجہل سے کہا کہ "اگر تو رسولؐ ہے اور تیرا نام محمد مصطفیٰؐ ہے تو تو میرا اور میرے باپ کا نام بتا"۔ ابوجہل کو اس کا اور اس کے باپ کا نام کیا پتہ؟

عزیزان گرامی جو صاحبان علم ہوتے ہیں وہ دھوکا نہیں کھاتے اور جہاں علم کی کمی ہوتی ہے وہاں ابوجہل جیسے کو رسول کہہ دیا جاتا ہے۔ اس شخص نے کہا کہ۔ "رسولؐ کو تو علم غیب ہوتا ہے، خدا اپنے رسولؐ کو علم دے کر بھیجتا ہے کوئی جاہل رسولؐ نہیں ہو سکتا ہے"
آپ نے دیکھا کہ کس طرح اس نے جھوٹے پروپیگنڈے کو خاک میں ملا دیا۔ ہمیں چاہیے کہ اپنی اولاد کی تربیت اس طرح کریں کہ وہ ان یہودیوں کے پروپیگنڈے کا شکار نہ ہوں ہمیں اپنی اولاد کی تربیت اسطرح کرنی ہے کہ وہ محمدؐ و آل محمدؐ کے حامی و ناصر ہوں۔

## اپنی اور اپنے گھر والوں کی حفاظت کریں۔

ہمیں چاہیے کہ اپنی اولاد کی صحیح تربیت کر کے ایک بہترین اور صالح انسان معاشرے کو دیں۔ یہ کام نہیں ہے بلکہ عبادت ہے، عبادت بھی ایسی اور اس کا ثواب اتنا ہے کہ گویا آپ نے تمام انسانیت کو ہدایت کی اور نیک بنایا۔ لیکن خدا نہ کرے کہ ہماری غلطی سے کوئی بچہ گمراہ ہو جائے اور راہ اسلام سے منحرف اور متنفر ہو جائے تو ہم نے حقیقت میں اسکی روح کو قتل کر دیا اور اس کا عذاب اتنا ہے کہ گویا ہم نے تمام انسانوں کو راہ اسلام

سے دور اور متنفر کردیا اور اس طرح ہم اللہ کی عطا کردہ امانت عظیم میں خیانت کبیرہ کے مرتکب ہوں گے اور روز قیامت ہمیں خدا کے سامنے جواب دینا ہو گا۔ روز قیامت سب سے سوالات کیئے جائیں گے لیکن ان کا جواب دینا بہت مشکل ہو گا؟

اے انسان تجھ سے سوال کیا جائے گا کہ "تو نے جوانی رحمان کی اطاعت میں گزاری یا شیطان کی پیروی میں۔ اپنی جوانی کی قوتوں کو خدا کی راہ میں خرچ کیا یا گناہوں میں وقف کیا ؟"

اے انسان تجھ سے سوال کیا جائے گا کہ "مال حلال طریقہ سے کمایا تھا یا حرام۔ کسی کا مال تو نہیں چھینا۔ خیانت تو نہیں کی' رشوت تو نہیں لی' اگر مال حلال تھا تو کہاں خرچ کیا' اسراف تو نہیں کیا؟"

اولاد کے بارے میں سوال کیا جائے گا کہ "اولاد کی بڑی تمنا تھی' بڑی دعائیں کیا کرتے تھے تو کیا اس کی صحیح تربیت بھی کی یا نہیں"۔ خداوند عالم قرآن میں ارشاد فرمارہا ہے کہ

یا ایھا الذین امنو قوا انفسکم واھلیکم نارا

—— اے ایمان والو۔ اپنے آپ کو اور اپنے خاندان کو آگ سے بچاؤ"

——(سورۃ تحریم ۶)

اپنے آپ کو تو جہنم سے بچانا لازمی ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ اپنے خاندان والوں کو بھی آتش جہنم سے بچانا لازمی ہے۔ اپنی حفاظت اور اپنا بچاؤ تو سب سے پہلے ہے۔

یا ایھا الذین امنو علیکم انفسکم

—— اے ایمان والو —— تم تو اپنی خبر لو —— (المائدہ ۱۰۵)

لیکن اس کے ساتھ ساتھ ۔ واھلیکم نارا —— اور اپنے گھر والوں کو بھی آگ سے بچاؤ (۱)

---

(ص۱) جیسے اپنی جان بچانا ضروری ہے ویسے اپنے خاندان والوں کی بھی بقیہ صفحہ ۳۳ پر۔

بہرحال آپ اپنے گھر والوں کو نصیحت کرتے رہیں۔ آپ کی بہن پردہ نہیں کرتی، آپ نے دو(۲) مرتبہ کہا تو وہ غصہ میں آگئی، آپ کہیں کہ میں تو ٹھیک ہو گیا ہوں وہ ٹھیک نہیں ہوتی تو اس میں میرا قصور نہیں ہے۔ میں نے اپنی قبر کو بنا رکھا ہے میں اس کی قبر کے لئے کیا کروں؟ اپنی تبلیغ کو مسلسل جاری رکھیں۔ انسان کا دل ہے پتھر تو نہیں بلکہ پتھر پر بھی اگر مسلسل پانی کے قطرے گرتے رہیں تو اسمیں بھی گڑھا پیدا ہو جاتا ہے نصیحت سے تو بڑے بڑے ظالموں کے دل پگھل جاتے ہیں۔ حضرت علی نے فرمایا کہ —— "دل کبھی مائل ہوتے ہیں اور کبھی بیزار —"

اگر فی الوقت آپ کی بہن پردہ نہیں کر رہی تو اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ اچھائی کا حکم دینا (امر بالمعروف) اور برائیوں سے روکنا (نہی عن المنکر) جو واجب ہے، کو ترک کر دیں۔ اسلام کی باتیں بتاتے رہیں۔ انسانی دل ہے آپکی باتیں ضرور اثر انداز ہوں گی۔ جیسے خود نیک بننا واجب ہے ویسے اپنے گھر والوں کو بھی نیک بنانا ضروری ہے۔ پیغمبر اسلامؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ —— "میں ان پر تبرا کرتا ہوں" —— جو اپنی اولاد کی دنیا کی تو فکر کرتے ہیں لیکن ان کی آخرت، آخرت میں ان کے بھیانک انجام اور جہنم میں ان کے مقام کی فکر نہیں کرتے اور اس سے غافل ہیں۔

پیغمبر اسلامؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ —— "اللہ کی لعنت ہوتی ہے ان ماں باپ پر جن کی غفلت کی وجہ سے ان کی اولاد عاق ہو جاتی ہے"۔

قصور ہم ماں باپ کا ہوتا ہے جن نیت ابتدا یعنی نکاح سے خراب تھی۔ اگر ہمارا

---

ضروری ہے۔ یہ مت خیال کریں کہ ہم اچھے ہو گئے اور ہم نے بری عادات کو ترک کر دیا تو بس بیڑہ پار ہے۔ کوئی انسان کبھی تمام اچھائیوں کو حاصل نہیں کر سکتا کیونکہ کمالات لامحدود ہیں۔ شیطان کبھی انسان کا پیچھا نہیں چھوڑتا۔ حضرت علی فرماتے ہیں کہ "مومن ہمیشہ اپنے نفس سے بدگمان رہتا ہے اور اس پر الزام لگاتا ہے"

مقصد نکاح علی جیسا ہوتا تو آج یہ پریشانیاں نہ ہوتیں۔ مگر ہمارے نکاح میں دین، تقویٰ اور اخلاق کی شرط نہیں ہوتی ہے۔ امیرالمومنین علیؑ ہمیں مقصد نکاح بتا رہے ہیں کہ تم شادی کے ذریعے عاشق حسین معاشرے کو دے سکو۔ وہ اپنے زمانہ کے امامؑ کے سپاہی ہوں۔ لیکن اگر شادی میں حرام کام کیے جائیں گے تو اس کا اثر نہ صرف دولہا دلہن پر ہوگا بلکہ اس کے برے اثرات اولاد پر بھی مرتب ہوں گے۔

## شادی کو کیسے اچھا بنائیں۔؟

لوگ اکثر کہتے ہیں کہ ہم اکیلے کیا کیا اچھائیاں کریں۔ پورا زمانہ ہی خراب ہے۔ ایک ہمارے اچھے ہونے سے کیا ہو جائے گا۔

ہم اپنی شادیوں کو زمانہ کی غلط رسومات سے کیسے پاک کریں۔؟

ہم اپنے گھر کی شادیوں کو کیسے پاکیزہ بنائیں تاکہ اولاد بھی نیک اور صالح ہو۔

ہم اپنے گھر کی شادیوں کو کیسے اچھا بنائیں کہ خدا، رسولؐ اور اہلبیتؑ ہم سے اور ہماری شادیوں سے راضی ہوں۔؟

یہ واقعی مشکل امر ہے ـــــ لیکن اسلام بہت وسیع دین ہے۔ اسلام کے پاس تمام مشکلات کا حل ہے ہمارے پاس خدا کے نیک ترین بندوں یعنی محمدؐ و آل محمدؐ کی تاریخ موجود ہے۔ اگر ہم تاریخ اہلبیت سے رجوع کریں تو ہمیں اس مشکل کا حل بھی مل جائے گا۔

ـــــ کربلا کے واقعے کے بعد ایک عاشق امام حسینؑ امام زین العابدینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ "مولا میرے بیٹے کی شادی ہے۔ میری تمنا ہے کہ آپ شریک ہوں۔ آپ کے وجود سے میرے بیٹے کی شادی بابرکت ہو جائے گی" امام زین العابدینؑ نے عرض کی کہ ـــ "میرے دوست کربلا کے واقع کے بعد اب کسی خوشی کے موقع پر سجادؑ کا جانے کو دل نہیں چاہتا ہے" اس شخص نے عرض کی کہ ـــ "مولا اگر آپ میرے بیٹے کی شادی میں نہیں آئے تو شادی نہیں ہوگی"۔ اب امام سجادؑ نے دیکھا کہ یہ شخص بہت اصرار کر رہا ہے اور میری عدم شرکت کی وجہ سے شادی جیسے اہم کام کو ترک کر رہا ہے۔ اب

امام سجادؑ نے کہا کہ "اگر تو اتنی ہی خواہش رکھتا ہے تو ہم ضرور آئیں گے مگر ایک شرط ہے۔ اس مومن نے کہا کہ "مولا قبول کروں گا"۔ امام زین العابدینؑ نے کہا کہ "اس شادی میں میرے بھائی علی اکبرؑ کے مصائب پڑھے جائیں۔ اس نے کہا کہ "مولا منظور ہے"۔ اب شادی میں مجلس کا انتظام کیا گیا' ذاکر کو بلایا گیا۔ امامؑ کے لئے ایک خاص جگہ بنائی گئی۔ مجلس میں حضرت علی اکبرؑ کے مصائب پڑھے گئے۔ مجلس کے بعد امامؑ کو دیکھا گیا تو امامؑ اپنی جگہ موجود نہیں تھے۔ جہاں جوتے اتارے جاتے ہیں امامؑ وہاں بیٹھے نظر آئے۔ امام زین العابدینؑ اتنا گریہ کر رہے تھے کہ قریب تھا کہ غش آجائے' امامؑ کو بازو سے پکڑ کر اٹھایا گیا۔ امامؑ نے کہا کہ "ہم تمہارے گھر کی شادی سے بہت خوش ہیں"۔

اب آپ خود فیصلہ کیجیے کہ وہ شادی بابرکت ہوگی جس میں خدا' رسولؐ اور اہلبیتؑ کا تذکرہ ہوگا اور حضرت فاطمہؑ اور حضرت زینبؑ کے پردے کا تذکرہ ہوگا یا وہ شادی بابرکت ہوگی جس میں فعل حرام کیے جائیں گے' بے پردگی ہوگی' میوزیکل فنکشن ہوگا۔

دشمن کی زبردست سازش پر نظر ڈالیے کہ خود اپنی شادی اپنی عبادت گاہ یعنی چرچ میں کرتا ہے اور ہم مسلمانوں اور عاشقان محمدؐ و آل محمدؐ کے لئے شادی ہال (میرج ہال) بنوادیے کہ خوب فضول خرچی کرو۔ اگر ہم یہ عہد کرلیں کہ ہم اپنی اپنی شادی مسجد یا امام بارگاہ جو ہماری عبادت گاہ ہے' میں کریں گے اور اپنی شادیوں میں خدا' رسولؐ امام حسینؑ اور حضرت زینبؑ اور حضرت فاطمہؑ کے پردے' عفت اور پاکیزگی کا تذکرہ کریں گے تو یقیناً ایسی ہی شادی بابرکت ہوگی۔ اہلبیتؑ کے اخلاق و کردار کا دولہا دلہن پر اثر ہوگا۔ لیکن اگر ہم شادیوں میں یزیدی افعال انجام دیں اور شیطان کا حکم مانیں تو اس کے برے اثرات دولہا دلہن پر مرتب ہوں گے اور یہ برے اثرات اولاد پر بھی اثر کریں گے۔

## تربیت اولاد کی منزلیں

رسول اللہؐ کی شادی کے بعد خداوند عالم نے حضرت فاطمہؑ کا نور کیسے نازل کیا؟

رسول اللہؐ نے چالیس (۴۰) دن عبادت الٰہی میں گزارے اور حضرت خدیجہ الکبریٰؑ بھی ذکر الٰہی میں مشغول رہیں۔ اب جبرائیلؑ نازل ہوئے ایک مخصوص میوہ لے کر اور کہا کہ اللہؐ کے رسول آپ بھی کھائیں اور حضرت خدیجہؑ کو بھی کھلائیں جب دونوں نے میوہ کھایا تو جناب فاطمہؑ کا نور نازل ہوا۔

## پہلی منزل۔ غذا حرام کی نہ ہو ــــــــــ

محترم قارئین ـــــ اگر کمائی حرام کی ہوگی' مال رشوت کا ہوگا یا مال غصب کیا ہوگا تو اس کے برے اثرات اولاد پر مرتب ہوں گے۔ غذائے حرام کے اولاد پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں ایک واقع سنیے۔

ـــــ ابتدائے اسلام کا زمانہ ہے۔ پیغمبر اسلامؐ اپنے اصحاب کے ساتھ ایک بازار سے گزر رہے ہیں۔ سب نے دیکھا کہ بچے راستے میں کھیل رہے ہیں۔ بچوں نے بھی پیغمبرؐ اسلام کو دیکھا۔ جو نیک بچے تھے سب نے سلام کیا۔ مگر ایک بچے نے بہت عجیب و غریب حرکت کی۔ سلام تو اس نے بھی کیا مگر اس نے مذاق بھی اڑایا۔ رسول اسلامؐ کی توہین کی۔ پیغمبر اسلامؐ نے بچے کے سوال کا جواب اس طرح دیا۔

وعلیک السلام یا ولد الحرام ”ــــــ اے حرام کی اولاد تجھ پر بھی سلام ہو“

اصحاب نے یہ واقعہ اس بچے کے باپ کو سنایا تو اس کا باپ روتا ہوا پیغمبر اسلامؐ کی خدمت میں پہنچا اور کہا کہ ــ ”آپ اللہ کے رسولؐ ہیں' غلط نہیں کہہ سکتے۔ پہلے میں معافی چاہتا ہوں کہ میرے بچے نے آپ کی توہین کی لیکن آپ نے میرے بچے کو حرامی کہا ہے اس کی حرامی ہونے میں میرا قصور ہے یا میری بیوی کا“ اور اس نے اپنی بیوی کو قصوروار ٹھہرایا۔ رسول اللہؐ نے کہا کہ ــ ”تیرے بچے کے حرامی ہونے میں تیری بیوی ذمہ دار نہیں بلکہ تو خود ذمہ دار ہے“ ــ اس نے کہا کہ ”یا رسول اللہؐ کیسے؟ پیغمبر اسلامؐ نے

فرمایا کہ ـــــ "جس رات تیرے اس بچے کا نطفہ ٹھرا تو تیری کمائی حرام کی تھی ـ ـ" حرام کی کمائی سے جو غذا حاصل کی گئی اور اس سے جو نطفہ بنا اس نطفے کا اثر یہ ہوا کہ بچہ گستاخ رسول بنا اور رسول نے بچے کو حرامی کہا۔ اب اگر معاشرے سے حلال یا حرام غذا کا تصور ہی ختم ہو جائے تو بچے نیک و صالح بننے کے بجائے بدکردار بنیں گے اور سلمان رشدی بنیں گے۔ لہٰذا غذائے حرام سے پرہیز لازمی ہے۔

## جماع (صحبت)

عمل جماع یا عمل مباشرت ـــــ یہ بچے کی ابتداء ہے 'بنیاد ہے' پہلی منزل ہے اور آغاز ہے 'لہٰذا بہت ضروری ہے کہ یہ مضبوط' مستحکم 'قوی اور پاکیزہ ہو۔ لیکن اگر بچے کی ابتداء ہی غلط ہوئی 'فاسد شیطانی خیالات اور نفسانی خواہشات انسان پر غالب آگئیں تو بچہ فسادفی لارض کرے گا 'برائیوں کو جنم دے گا اور معاشرے کی نابودی کا سبب بنے گا لہٰذا بہت ضروری ہے کہ مباشرت سے متعلق تمام احکامات کا علم انسان کو ہو اور یہ تمام تفصیل کتابوں میں مل سکتی ہے۔ ~~صہ~~

عزیزان گرامی۔ آپ پر واضح ہو گیا کہ ماں باپ کا کردار اولاد میں منتقل ہوتا ہے۔ اگر ماں باپ میں کوئی بیماری ہو تو وہ بھی اولاد میں منتقل ہوتی ہے۔ اب اگر ہم میں برائیاں ہی ہیں تو اب اولاد میں اچھائیاں تو منتقل نہیں ہو سکتی ہیں۔ ظاہر ہے جو عادات ہو گی وہی

---

(صہ ماں باپ کے افعال اولاد کو مجبور نہیں کرتے۔ اگر ماں باپ نیک و صالح ہیں تو ان کا نیک ہونا بچے کو نیکی کی طرف مائل کرے گا اور اگر ماں باپ برے اور گناہگار ہیں تو ان کا گناہگار ہونا بچے کو برائیوں کی طرف مائل کرے گا۔ خدا نے تمام انسانوں کو اختیار دیا ہے کہ جو چاہے عمل کریں۔ ماں باپ کا اچھا یا برا ہونا صرف اولاد کو مائل کرتا ہے انہیں اچھا یا برا نہیں بناتا کیونکہ انسان کو بھی اچھائی یا برائی کرنے کا اختیار خدا نے دیا ہے۔)

اولاد میں منتقل ہوں گی مثلاً خواتین حسد اور غیبت بہت کرتی ہیں۔ انہیں اپنی نمائش کرنے کی بہت عادت ہوتی ہے اب یہی عادات ہی اولاد میں جائیں گی اب بچی پردے دار تو پیدا نہیں ہوگی۔

## دوسری منزل ـــــ

## وقت مباشرت ذکر الٰہی کی اہمیت ـــــ

ـــــ اب بہت سے والدین اس معاملے میں پریشان نظر آتے ہیں۔ مگر اسلام ان مسائل کا بھی حل رکھتا ہے کہ اولاد میں ماں باپ کی برائیاں منتقل نہ ہوں ماں یہ چاہتی ہے کہ بچی فرمانبردار اور پردے دار ہو' باپ کی خواہش ہے کہ میری اولاد امام حسینؑ کی چاہنے والی ہو۔ اب آیئے تاریخ اہلبیتؑ سے معلوم کرتے ہیں۔ حضرت علیؑ کے سامنے میاں بیوی آئے دونوں گورے رنگ کے تھے اور انکی اولاد کا رنگ سیاہ تھا۔ باپ کہتا ہے کہ "یہ میری اولاد نہیں ہیں۔ میرا رنگ گورا ہے اور میری بچی کا بھی۔ لیکن اس بچے کا رنگ کالا ہے ضرور اسکی ماں نے خیانت کی ہے"۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ "نہ تم نے خیانت کی ہے اور نہ تمھاری بیوی نے یہ بچہ تمہارے ہی نطفے کا ہے"۔ اب اس شخص نے حیرت سے پوچھا کہ "مولا گورے ماں باپ کا بچہ کالا کیسے ہو سکتا ہے؟"۔ حضرت علیؑ نے جواب دیا کہ "اسلئے ایسا ہوکہ جب نطفہ ٹھہر رہا تھا تو تم ذکر خدا میں مشغول نہ تھے اور تمہاری بیوی کے ذہن میں کسی کالے حبشی کا تصور تھا جسکا نتیجہ یہ نکلا"۔

اب آپ نے اندازہ لگایا کہ اگر انسان وقت مباشرت ذکر الٰہی نہ کرے تو اولاد پر اسکے برے اثرات مرتب ہوتے ہیں اور اس شخص کی بیوی ظاہری طور پر اس سے جسمانی لذت اٹھا رہی تھی اور اسکا نطفہ قبول کر رہی تھی لیکن اسکے ذہن پر کسی کالے حبشی کا تصور تھا"۔ اب اگر خواتین چاہتی ہیں کہ انکی اولاد حضرت زینبؑ و حضرت فاطمہؑ کی ہم شکل ہو اور انکی کردار کی پیروی کرنے والی ہو یا انکا لڑکا حضرت عباسؑ' حضرت علی اکبرؑ اور حضرت

تو وہ ذکر خدا میں مشغول رہیں۔ اور خود میں نورانی صفات پیدا کریں۔

(اس تفصیل کے لئے کتاب تہذیب الاسلام کے باب نکاح کا مطالعہ کریں)

## تیسری منزل ـــــــــ

## حمل اور تربیت اولاد۔

حمل کا زمانہ انتہائی نازک زمانہ ہے۔ اب یہ واحد مرحلہ ہے کہ یہاں بچے کی تربیت کا انحصار صرف خاتون پر ہی ہوتا ہے رسول اللہؐ کے نزدیک حاملہ خاتون کا کیا رتبہ ہے؟۔ پیغمبر اسلام نے ارشاد فرمایا کہ۔ "حاملہ خاتون کا رتبہ ایسا ہے جیسے وہ اسلام کی سرحد پہ خط مقدم پر کفر کے ساتھ جہاد کررہی ہے۔" حاملہ خاتون کا اتنا ثواب ہے جتنا ایک مجاہد فی سبیل اللہ کو ہوتا ہے۔ اب خاتون کو ثواب اسوقت ملے گا جب وہ ان شرائط پر عمل کرے گی جن پر ایک سپاہی عمل کرتا ہے۔ خط مقدم باڈر لائین پر ایک رات جہاد کرنا ہزار رکعت کے ثواب کے برابر ہے بلکہ بعض روایات کے مطابق کئی سالوں کی عبادت کے برابر ہے۔ اب اگر ایک سپاہی خط مقدم یا باڈر لائین پر دشمنان سے لڑ رہا ہے تو اب اس کی ذرا سی غفلت 'ذرا سی بے توجہی اور اپنے کام "جہاد" سے عدم توجہی معاشرے کو تباہ کرسکتی ہے' معاشرے کی نابودی کا سبب بن سکتی ہے۔ اب حاملہ خاتون کا رتبہ اس مجاہد کے برابر ہے جو باڈر لائین پر کفار سے جنگ کررہا ہے' اب حاملہ خاتون جسکے شکم میں ایک بچہ پرورش پا رہا ہے ماں کی ذرا سی غفلت' اپنے پاکیزہ مقصد سے عدم توجہی ایک بچے کو فرعون صفت بنا سکتی ہے۔ اپنی عبادت (حمل) سے غفلت برتنا اس بات کا پیش خیمہ ہے کہ وہ ایک گناہگار بچہ معاشرے کے سپرد کرے گی۔ یہ اہم ترین مسائل ہیں لہٰذا ان سے بے توجہی برتنا دراصل معاشرے کی تباہی کے مترادف ہے۔

حمل کا زمانہ اہم ترین زمانہ ہے اب بچے کی تربیت کا تمام دارومدار ماں ہی پر ہے۔ دوران حمل اگر کوئی خاتون گناہ کرتی ہے' خدا کی اطاعت سے منہ پھیر کر شیطان کی اطاعت میں داخل ہو جاتی ہے تو دراصل وہ خاتون بچے کی روح کو قتل کر رہی ہے۔ اپنے ہونے والے بچے کو شیطان کی اطاعت کی جانب بلا رہی ہے' خدا کی اطاعت کے خلاف بغاوت کا درس دے رہی ہے۔ اب دوران حمل کوئی خاتون غیبت کرتی ہے' برائیاں بیان کرتی ہے تو درحقیقت وہ اپنے بچے کو خون پلاتی ہے' اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھلاتی ہے۔ اب کیا ایسی خاتون کو جہاد کا ثواب ملے گا' کیا اسے مجاہد فی سبیل اللہ کا درجہ ملے گا؟ اب دوران حمل خاتون موسیقی نہ سنے' نامحرم مردوں پر نگاہ نہ ڈالے اور نا ہی کوئی گناہ کرے کیونکہ دوران حمل کسی بھی قسم کا معمولی سے معمولی قسم کا گناہ اور بری عادت اس بچے کے لئے زہر ثابت ہوتا ہے ایسی حالت میں جو بچہ جنم لے گا وہ امام زمانہ کا سپاہی بننے کے بجائے شیطان کا سپاہی بنے گا لہٰذا حاملہ خاتون کو چاہئے کہ وہ ذکر خدا میں زیادہ سے زیادہ مشغول رہے اور متوجہ رہے کہ اسکے ذریعے سے ہونیوالا ہر چھوٹے سے چھوٹا اور بڑے سے بڑا اچھا یا برا عمل یا خیال اسکے شکم میں موجود بچے پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ اس کے ہر عمل کے ذریعے سے اسکا بچہ ہر لمحے جنتی یا جہنمی بن رہا ہے۔ اس کا ہر فعل بچے کو یا حسینیؑ بنا رہا ہے یا یزیدی۔ لہٰذا حاملہ خاتون کا گناہوں سے پرہیز کرنا لازمی ہے۔

## زمانہ حمل میں غذائے حرام کا بچے پر اثر۔

علامہ مجلسی اپنے بچے کو مسجد لیکر جاتے ہیں۔ اب بچہ کبھی کھیلتا ہے اور کبھی سجدہ کرتا ہے۔ ایک مومن آیا اور اس نے پانی سے بھر کر مشکیزہ رکھا اور نماز پڑھنے لگا۔ اب بچے کے ذہن میں شرارت سمائی اور اس نے اس مومن کے مشکیزے میں سوراخ کر دیا۔ مشکیزہ پھٹ گیا اور سارا پانی بہہ گیا۔ نماز کے بعد علامہ مجلسی کو اس واقع کا علم ہوا تو بہت

غمگین ہوئے اور سوچ کر کہنے لگے کہ "میں نے کوئی حرام کام نہیں کیا' واجب مستحب اور حرام کا خیال رکھا' ایسا ظلم میرے بچے نے کیسے کیا؟ یقیناً یہ غلطی ماں کی طرف سے ہوئی ہے"۔ اب انہوں نے اپنی بیوی سے پوچھا کہ ۔۔۔ "ہمارے بچے نے یہ ظلم کیا کہ ایک مزدور کے مشکیزے کو نقصان پہنچایا اور اسکا پانی بہادیا۔ اس نے ایسا کیا یقیناً ہماری غلطی ہے"۔ ماں نے بہت سوچا اور کہا۔ "ہاں میرا قصور ہے۔ حمل کے دوران میں محلے کے کسی گھر میں چلی گئی تھی اور اسمیں انار کا درخت تھا میں نے مالک کی اجازت کے بغیر سوئی انار میں داخل کردی اور اس سے جو رس نکلا اسے میں نے چکھا اور اس کو میں نے نہیں بتایا"۔

عزیزان گرامی ۔۔۔ آپ نے دیکھا کہ غذائے حرام پیٹ میں پہنچی تو اس نے کیا اثر دکھایا۔

حرام غذا کا اتنا اثر ہوتا ہے کہ انسان پر ہدایت کے راستے بند ہو جاتے ہیں۔ انسان پر تبلیغ اثر نہیں کرتی ہے۔

جب کربلا میں امام حسینؑ داخل ہوئے تو آپ نے ایک عظیم الشان خطبہ دیا اور نصیحتیں کیں مگر کسی بھی یزیدی پر اس نصیحت کا اثر نہیں ہوا۔ پھر امام حسینؑ نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا کہ ۔

۔۔۔ "اے فوج یزید یہ حرام کھانے کا نتیجہ ہے کہ تم پر نصیحت کا ذرا بھی اثر نہیں ہوتا ہے"۔

اب اگر ماں دوران حمل گناہ کرتی ہے تو وہ اپنے بچے کو زہر دیتی ہے' اس کی روح کو قتل کرتی ہے' کوئی بھی برا کام کرتی تو بچے پر اس کا اثر ہوتا ہے۔ مردوں کے لئے بھی حکم ہے کہ وہ دوران حمل بیوی سے جھگڑا نہ کریں اور ان کو پریشان نہ کریں' اگر بیوی ذہنی پریشانی میں مبتلا ہوگی تو بچہ بھی پریشان ذہن پیدا ہوگا۔ ومن احیا ۔ جس نے ایک نفس کو زندہ کیا' ہدایت کی' یقیناً اولاد کی تربیت کرنا اتنا ہی مشکل ہے جتنا حدیث رسولؐ کے مطابق پر صراط پر چلنا جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز۔ یقیناً اولاد کو متقی بنانا

اتنا ہی زیادہ مشکل ہے۔ ومن احیا فکانما احیا الناس جمیعا اگر تم نے ایک بچے کو
متقی بنا کر معاشرے کے حوالے کیا تو یہ اتنا عظیم کام ہے کہ گویا عالم انسانیت کو ہدایت کی۔
اپنے بچوں کو حسینی بنائیں، حسینی اصولوں پر چلائیں، امام حسینؑ نے کربلا میں یزید سے
جنگ کیوں کی؟ کیا امامؑ کی اس ملعون سے ذاتی دشمنی تھی؟ نہیں حسینؑ کا مقصد تو یہ تھا کہ
نانا کی امت کی اصلاح ہو، امت محمد مصطفیٰؐ تک اسلام حقیقی کا پیغام پہنچے اور انکی اصلاح
ہو۔ حسین اپنا علی اکبرؑ قربان کریں تاکہ نوجوان اسلام کا پیغام سنیں اسلام کی بقا اور امت
کی اصلاح کے لئے علی اکبرؑ کا سینہ پیش کر دیں کہ نوجوانوں کے سینے اسلام کی خدمت کے
لئے تیار رہیں۔ حسین عباسؑ جیسا جوان بھائی قربان کریں، امت کی اصلاح کے لئے بھائی
کے ہاتھ دیں۔ وہ ہاتھ جو سکینہ کے پردے کا زینب کے پردے کا دفاع کرنے والے تھے۔
وہ ہماری اصلاح کے لئے قربان کر دیں تاکہ نوجوانوں کے ہاتھ اسلام کی خدمت کریں
تاکہ اپنے ہاتھوں سے وی سی آر (V.C.R.) لائیں گندی فلمیں دیکھیں۔ حسین زینبؑ
کا پردہ قربان کریں تاکہ امت کی صلاح ہو۔ خواتین پردے دار ہوں تاکہ بے پردہ مجلس
میں آ کر زینب کے پردے کا مذاق اڑائیں ہاں یہ فاطمہ زہراؑ کی تربیت کا اثر ہے۔ کربلا میں
فاطمہؑ کی تربیت کا عملی نمونہ دیکھیے۔ کربلا میں علیؑ کی تربیت کا نمونہ دیکھیے۔ حسینؑ کی
تربیت کا نمونہ دیکھیے۔ زینبؑ بنت علیؑ کی تربیت کا نمونہ دیکھیے۔ عون و محمد اپنے
ماموں پر اپنی جان نثار کرتے ہیں۔ اور اپنے خون کا آخری قطرہ تک اسلام کے لئے بہا
دیتے ہیں۔

الا لعنۃ اللہ علی القوم الظالمین

خداوند عالم ہم سب کو اپنی اولاد کی بہترین اسلامی تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے
تاکہ ہمارے بچے حسینی پروانہ بنیں اور عزاداری کی حفاظت کریں۔
—— "خدایا —— خدایا تا انقلاب مہدی از نہضت خمینی سلام اللہ علیہ —— محافظت بفرما"

# تیسری مجلس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالیٰ فی القران الحکیم

من قتل نفسا بغیر نفس او فساد فی الارض فکانما قتل الناس جمیعا ط

ومن احیاھا فکانما احیا الناس جمیعا ۔

جس نے ایک نفس کو قتل کیا بے گناہ یا زمین میں فساد کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ کیا۔ (المائدہ ۳۲)

معزز سامعین۔ حضرت امام جعفر صادقؑ نے اس آیت کی تفسیر میں بتایا کہ "یہاں زندہ کرنے سے مراد مردہ دل انسان کو ہدایت کا راستہ دکھانا ہے۔ خدا اور اسلام کا راستہ دکھانا ہے" لہٰذا جس کے پاس ہدایت ہے وہ حقیقتاً زندہ ہے اور جو ہدایت یافتہ نہیں ہے وہ مردہ ہے۔ اگر آپ نے کسی مردہ دل انسان کو خدا کا راستہ دکھایا تو اس کا ثواب اتنا ہے اور اس کا اجر اتنا ہے کہ گویا آپ نے تمام انسانوں کو جنتی بنا دیا خدا والا بنا دیا آپ کی محنت اور کاوشوں سے ایک نوجوان عبادت کرنے والا بن گیا، لڑکی پردے دار بن گئی، تو گویا اس کا ثواب بارگاہ خدا میں اتنا ہے گویا تمام انسانیت کو آپ نے ہدایت کی لیکن ہماری غفلت، نادانی، اور جہالت کی وجہ سے ایک انسان بھی اللہ کے راستے سے دور ہو جائے، ہدایت سے، مجالس سے عزاداری امام مظلومؑ سے منہ موڑ لے گناہ کرنے لگے، لڑکی بے پردہ ہو جائے، لڑکا گندی فلمیں دیکھنے کا عادی بن جائے تو اس کا گناہ وبال اور عذاب اتنا ہے گویا ہم نے تمام انسانیت کو، تمام انسانوں کو خدا کے راستے سے دور کر دیا۔ قتل کر دیا۔

## ہدایت ہی زندگی ہے۔

عزیزان گرامی۔ ہدایت ہی زندگی ہے۔ ہدایت ہی حیات کا نام ہے۔ اگر کسی قوم کے پاس ہدایت کا چراغ نہیں تو وہ مردہ قوم ہے۔ وہ ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔ عالم کفر کی یہ کوشش رہی ہے کہ ہم سے زندگی کے اس اصلی جوہر۔ ہدایت۔ کو چھین لیا جائے عالم اسلام کے بدن سے اس کے دل "ہدایت" کو نکال لیا جائے۔ آج ایک ارب مسلمان ہیں، چاہے دس ارب ہو جائیں ان کی طاقت دس گناہ زیادہ بھی ہو جائے تو بھی عالم کفر کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ہم مسلمانوں کی ایسی طاقت سے اسرائیل کو کوئی خطرہ نہیں، بیت المقدس، قبلہ اول اسرائیلیوں ہی کے قبضے میں رہے گا۔ ہمارے جوان مرتے رہیں گے، بچے یتیم ہوتے رہیں گے اور خواتین کی بے حرمتی ہوتی رہے گی اور اگر مسلمانوں کو ہدایت اور ایمان کا نور مل جائے تو مسلمان بیدار ہو جائیں گے اور اگر مسلمان بیدار ہو گئے تو وہ غلامی کی ساری زنجیریں توڑ دیں گے اور پھر ظاہر ہے کہ کفر کی موت ہو گی۔ لہذا عالم استکبار، عالم استعمار اور عالم کفر کی کوشش ہے کہ ہدایت کے مرکز ہی کو ختم کر دیں تاکہ ہدایت کی روشنی پھیل ہی نہ سکے۔

## مرکز ہدایت ذات پیغمبر اکرمؐ ہے۔

ہدایت کا مرکز کون ہے۔ ہاں ہدایت کا مرکز ذات پیغمبر اکرمؐ ہے۔ ذات محمد مصطفےٰؐ ہے ۔ **وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین** اور ہم نے آپؐ کو عالمین کے لوگوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا (الانبیا ــــ) دراصل رسولِ اعظمؐ کی رحمت ہدایت ہے کہ انھوں نے جہنم میں گرے ہوئے لوگوں کو اٹھا کر جنّت میں پہنچا دیا اب قرآن آگے چل کر کہتا ہے کہ

هو الذی بعث فی الامیین رسولا منهم یتلو علیهم ایاته ویزکیهم

ویعلمهم الکتاب والحکمة

——وہی ہے جس نے امیوں میں انہیں کے درمیان سے ایک رسولؐ مبعوث کیا جو ان کے سامنے آیات الٰہی کی تلاوت کرتا ہے اور ان کے نفسوں کو پاکیزہ کرتا ہے، اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے' (سورۃ جمعہ ۲)

یہ معاشرے کی ہدایت کے طریقے ہیں۔ اے رسولؐ پہلے آیات الٰہی کی تلاوت کرو' حق کی باتیں بتاؤ' پھر ان کے نفسوں کو ان حق کی باتوں کے ذریعے سے پاکیزہ کرو اور جب یہ پاکیزہ نفس والے ہو جائیں تو اب ان کو کتاب و حکمت کی تعلیم دو۔

اب ارشاد رب العزت ہوا کہ

تبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا۔

——بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر فرقان (فیصلہ) نازل کیا تاکہ وہ تمام عالمین کو خبردار کرے (سورۃ الفرقان ۱)

## ہادی امت کے خلاف سازشوں کا جال۔

اب قرآن نے بھی کہہ دیا کہ تمام کائنات کے ہادی اور کائنات کے مصلح رسول کریمؐ ہیں' عالمین کو خبردار کرنے والے' آنے والے خطرات سے باخبر اور ہوشیار کرنے والے اور آخرت کے عذاب سے ڈرانے والے رسول اللہؐ ہی ہیں۔ رسول اللہؐ ہدایت کا مرکز' منبع اور چراغ ہیں یہیں سے ساری کائنات کو فیض پہنچتا ہے' ساری کائنات یہیں سے ہدایت حاصل کرتی ہے لہٰذا عالم کفر نے کوشش کی کہ اس مرکز کو ختم کر دیا جائے۔ اس ہدایت کے چراغ کو بجھا دیا جائے اور اس کی لو کو خاموش کر دیا جائے۔ تاکہ ہدایت کی روشنی پھیل نہ سکے اور لوگ گمراہ ہو جائیں۔ اب جتنی احادیث ہیں اور جتنے نورانی کلمات ہیں یا رسول اسلامؐ سے ہیں۔ یا خاندان رسالتؐ سے۔ یعنی سب کی بنیاد رسولؐ اسلام ہیں۔ اب دیکھا گیا تو پتہ چلا کہ پورا عالم اسلام ذات محمدؐ کے گرد چکر لگا رہا ہے۔

امت کی ہدایت کی بنیادی رسول اسلامؐ کی ذات ہے اور اسی وجہ سے رسالتؐ کا عقیدہ مسلمانوں میں بہت زیادہ مضبوط ہے۔ اب عالم کفر نے کوشش کی پیغمبر اسلامؐ کے نام کو اور مقام کو جو مسلمانوں میں ہے اور اس کی وجہ سے جو عقیدہ رسالت ہے اس کو بگاڑ دیا جائے کہ پیغمبرؐ کی حیثیت ایک عام آدمی کے برابر ہو جائے اور چونکہ رسول کریمؐ کے اقوال کی بہت اہمیت ہے لہٰذا جب ان کے مقام کو گھٹا دیا جائیگا تو ان کے اقوال کی اہمیت اور حیثیت خود بخود ختم ہو جائے گی لہٰذا کوشش کی گئی کہ نور کے اس عظیم الشان مرکز کو ختم کیا جائے لہٰذا دنیا کے تمام عیسائی اور یہودی متحد ہو گئے۔ رسول اسلامؐ کے خلاف یہودیوں کی مذموم سازشیں روز روشن کی طرح عیاں ہیں اور آپ نے دیکھا کہ ان یہودی اور عیسائی ممالک نے کس طرح متحد ہو کر اس گستاخ رسول رشدی کی حمایت کی یہ پورا یورپ امریکہ اس سلمان رشدی کی اتنی شدید حمایت کیوں کر رہے ہیں؟ کیونکہ اس کتاب میں پیغمبر اسلامؐ کی شان میں گستاخی کی گئی ہے اور حکومت برطانیہ اس کی حفاظت کے لئے کئی لاکھ پاؤنڈز خرچ کر رہی ہے اور امام خمینی (سلام اللہ علیہ) نے جو قتل کا فتویٰ دیا اس کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے کہ "یہ غلط ہے" "انسانیت کے خلاف ہے، اسلام انسانیت کے خلاف ہے، ایران انسانیت کا دشمن ہے"۔ سلمان رشدی نے اپنی کتاب میں ابراہیم خلیل اللہؑ کو برا کہا ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کو عیسائی بھی مانتے ہیں۔ لیکن رسول اسلامؐ کی دشمنی میں یہ یہودی اور عیسائی پاگل اور اندھے ہو گئے ہیں۔ عالم کفر اور سلمان رشدی نے ہمارے پیغمبرؐ کو برا کہا اور گالی دی تو کیا ہم اس ملعون کو معاف کر دیں؟ اب بتایئے آپ جو اس مجلس حسینؑ میں رات بارہ (۱۲) بجے یہاں آئے ہیں تو کیا رات بارہ بجے کا وقت آپ کو یہاں کھینچ لایا ہے یا آپ کے دل میں موجود مقام حسینؑ نے مجلس کے لئے رغبت دی ہے یقیناً یہ حسینؑ کی محبت ہی ہے اور یہی رسولؐ کی محبت ہے کہ مسلمان ان پر اپنی جان مال سب کچھ قربان کرنے کے لئے تیار ہیں لہٰذا ان دشمنان کی کوشش ہے کہ مسلمانوں کی زبان پر رسولؐ کا نام بھی نہ آئے لہٰذا یہ پروپیگنڈا کیا گیا کہ "رسول اسلامؐ کی قسم کھانا شرک ہے" "قسم

صرف خدا کی کھانی چاہیے۔ آدمی جتنا بھی گناہ گار ہو رسولؐ کی قسم تو کھائے گا لہٰذا چاہا کہ اس کی زبان سے بھی خدا کے رسولؐ کا نام ختم ہو جائے۔ علی مرتضیٰؑ کا نام نہ رہے۔ ظاہر ہے کہ انسان قسم اسی کی کھاتا ہے کہ جس کی عظمت پر قائل ہو۔ لہٰذا عظمت رسالت کو گھٹانے کے لئے کہا کہ "رسول اللہؐ کی قسم کھانا شرک ہے۔" لیکن جب تک قرآن موجود ہے رسول خداؐ کا نام تا قیامت کوئی نہیں مٹا سکتا۔ اب چاہے لاکھ یہودی کوشش کریں کہ دنیا سے رسول اسلامؐ کا نام مٹ جائے' دلوں سے ان کی محبت ختم ہو جائے' اور ان کی یاد باقی نہ رہے لیکن جب تک قرآن ہے کوئی پیغمبرؐ کی شان کو نہیں گھٹا سکتا۔ اس باطل عقیدے اور پروپیگنڈے پر قرآن نے بھرپور حملہ کیا۔

لا اقسم بھذا البلد ۝ وانت حل بھذا البلد ۝

—— میں قسم کھاتا ہوں اس شہر کی۔ اے میرے محبوبؐ جس میں تو زندگی بسر کر رہا ہے (سورۃ البلد ۱۔۲)

یہ ہے شان محمد عربیؐ —— خدا تو اس شہر کی قسم کھا رہا ہے کہ جس میں اس کا رسولؐ ہے اور عالم کفر پروپیگنڈا کر رہا ہے کہ رسولؐ کی قسم کھانا شرک ہے۔ قرآن نے فیصلہ کر دیا کہ یہ راہ قرآن نہیں ہے بلکہ راہ شیطان ہے۔ خدا نے صرف رسولؐ کی قسم نہیں کھائی بلکہ اس شہر کی قسم کھائی ہے جس میں رسولؐ سانس لے رہا ہے اور اس طرح پیغمبر اسلامؐ کی شان پر اپنی مہر لگا دی۔ اگر کسی بے جان چیز کو جاندار سے منسوب کر دیا جائے تو وہ بے جان چیز جاندار کی طرف نسبت کی وجہ سے قابل احترام ہو جائے گی۔ لہٰذا اب رسول کریمؐ کی وجہ سے ان کی شان اور عظمت کی وجہ سے بے جان شہر کی قسم کھائی گئی۔ ہمیں چاہئے کہ اپنے آپ کو اور اپنے خاندان کو اس دشمنوں کے زہریلے پروپیگنڈے سے بچائیں اور آنے والے جدید زمانے میں شدید قسم کے پروپیگنڈے سے بچنے کے لئے اپنی اولاد کی اسلامی تربیت کریں تاکہ وہ ان کے زہریلے پروپیگنڈے کا شکار نہ ہو سکیں۔

اب انسان کتنا ہی گناہ گار ہو لیکن اگر اولاد کی تربیت اسلامی کی اور اولاد نیک اور صالح ہے تو وہ اولاد اپنے گناہ گار ماں باپ کی مغفرت کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ اولاد کی صحیح تربیت ماں باپ کو عذاب جہنم کے گڑھے سے باہر لا سکتی ہے۔

## حقیقی نقصان۔

اب اگر انسان اپنی اولاد کی صحیح تربیت نہ کرے' زمانے کی ہوا کے ساتھ چلے اور اپنے بچوں کو بھی چلائے تو بچے گمراہ ہوں گے اور یہی حقیقی نقصان ہو گا۔ خداوند عالم نے قرآن میں ارشاد فرمایا کہ والعصرo ان الانسان لفی خسرo قسم ہے مجھے زمانے کی کہ بے شک انسان نقصان میں ہے (سورۃ العصر ۱۔۲) خدا ہم غافلوں کو جگانے کے لئے قسم کھا رہا ہے کہ ہم غافل ہیں اپنے کرتوتوں سے اپنی سیاہ کاریوں سے' اپنی آخرت سے اور جہنم میں اپنے مقام سے بے خبر ہیں۔ امام خمینی (سلام اللہ علیہ) نے اس کی تفسیر میں ارشاد فرمایا کہ والعصر سے مراد —— "امام زمانہؑ" —— ہیں یعنی خدا زمانے کے امام کی' خدا اپنے نمائندے اور اپنی حجت کی قسم کھا کر کہہ رہا ہے کہ انسان تو نقصان میں ہے۔ اب خدا جو نقصان بیان کر رہا ہے ہم اسے دنیاوی نقصان ہی خیال کرتے ہیں۔ مال چوری ہو جائے تو ہم اسی کو نقصان خیال کرتے ہیں۔ باڈی بلڈر ہیں ہاتھ کٹ جائے فقط اسی کو نقصان سمجھتے ہیں۔ آنکھ نکل جائے تو اسی کو نقصان مانتے ہیں۔ خدا ہماری ذہنیت اور دنیا سے ہماری وابستگی' دلچسپی اور محبت کو خوب جانتا ہے' لہٰذا قسم کھا کر ہمیں خطرے سے آگاہ کر رہا ہے کہ اے انسان تو نقصان میں ہے۔ تو غافل کیوں ہے؟ تیرے چاروں جانب آگ ہی آگ ہے۔ تو خواب غفلت میں کیوں ہے؟ خدا کہہ رہا ہے کہ اے انسان تو اپنے مال کی کمی کو نقصان سمجھ رہا ہے۔ تیرا گھر جل گیا تو تو اسی کو نقصان خیال کرتا ہے۔ یہاں اس مقام پر خدا نے صرف قسم کھا کر ہمیں خواب غفلت سے بیدار کرنا چاہا اب خدا نے دوسرے مقام پر نقصان کو واضح کیا کہ اصلی نقصان' حقیقی نقصان' نقصان پہنچانے والا نقصان' عذاب دینے والا نقصان'

محمدؐ و آل محمدؐ کی شفاعت سے دور کر دینے والا نقصان کیا ہے؟ لہذا ارشاد الٰہی ہوا کہ

ان الخاسرین الذین خسروا انفسھم واھلیھم یوم القیامۃ

—— بے شک نقصان والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنی جان اور اپنے گھروالوں کا نقصان کیا" (سورۃ الشورہ ۴۵)

عزیزان گرامی —— اب آپ نے دیکھا کہ خدا کی نگاہ میں نقصان کیا ہے اور بندے کے نزدیک نقصان کیا ہے۔ مثلاً کسی کا مال چوری ہو گیا تو بس وہ اسی کو نقصان سمجھ رہا ہے۔ ہاں یہ نقصان ہے مگر اس نقصان کا دائرہ فقط اسی دنیا تک ہے۔ لیکن اس نقصان کا آخرت کے نقصان سے کوئی تعلق نہیں۔ اُس نقصان کی نوعیت تو بالکل ہی الگ ہے۔ اگر آپ نے نماز فجر قضا کر دی "گانا سنا یا بے پردگی کو اختیا کیا۔ ظاہر تو یہ زمانے کے تقاضے ہیں' زمانے کے سنگ سنگ چلنا ہے لیکن حقیقتاً یہی نقصان عظیم ہے۔ ان کا دائرہ قیامت تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ نقصان آپ کی جنت کا نقصان کرانے والا ہے۔ جنت میں آپ کے چین و آرام کا نقصان کرانے والا ہے' یہ نقصان آپ کو جہنم میں لے جانے والا ہے۔ یہ نقصان ہمیشہ ہمیشہ کا نقصان ہے اور بقول حضرت علیؑ کے

ولا یخفف عن اھلہ۔ —— اور جہنم میں رہنے والوں پر عذاب کم نہیں کیا جائیگا۔

ولا تقوم لہ السموات والارض —— اور اس کے عذاب کے سامنے نہ زمین ٹھر سکتی ہے اور نہ آسمان قائم رہ سکتا ہے —— (دعائے کمیلؒ)

قرآن کی نگاہ میں حقیقی نقصان یہی ہے کہ انسان نہ اپنی تربیت کرے اور نہ اپنے خاندان کی۔ نہ خود کو نورانی بنائے اور نہ خود عذاب جہنم سے بچے اور نہ اپنے خاندان والوں کو بچائے' خود بھی خدا کی فائدہ دینے والی اطاعت و پیروی سے منہ موڑے اور خاندان کو بھی ایسے ہی اسباب فراہم کرے' خود بھی شیطان کی پیروی کرے جس کا پھندہ خود اس کے اور اسکے گھروالوں کے گلے میں لگے گا اور اپنے خاندان کو بھی شیطان ی

پیروی کی دعوت دے۔

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی اور اپنے خاندان کی گھر کی اور اولاد کی اسلامی اصولوں کے مطابق تربیت کریں تاکہ ہم خود کو گھر والوں کو خاندان والوں کو اور اپنی اولاد کو آخرت کے ہمیشہ رہنے والے عذاب بچا سکیں۔

## رسول اسلام کا ایک نورانی جملہ

آج تک تربیت اولاد پر جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں' ڈاکٹروں نے تربیت اولاد پر جتنی تقاریر کیں اصول و قوانین مرتب کئے' جتنی احتیاطی تدابیر بیان کیں' ماہر نفسیات نے جو احکامات بیان کئے ہیں وہ سب ایک طرف اور رسول اسلامؐ کا نورانی جملہ ایک طرف پیغمبر اسلامؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ

الولد سید سبعة سنین - و عبد سبعة سنین - و وزیر سبعة سنین

۔۔۔ بس ایک اتنے سے جملے پر غور کیجئے تو اولاد کی تربیت کے سنہری اصول تک آپ پہنچ جائیں گے۔ پیغمبرؐ نے ایک جملے میں اولاد کی تربیت کے سارے اصول سمودئے۔ فرماتے ہیں کہ پہلے سال سے سات سال کی عمر تک بچہ تمہارا سردار ہے اور سات سال سے چودہ سال کی عمر تک بچہ تمہارا غلام ہے اور چودہ سال سے اکیس سال کی عمر تک وہ تمہارا وزیر بھی ہے اور مشیر بھی۔

پیغمبر اسلامؐ کے ارشاد کے مطابق ایک سال سے سات سال تک بچہ تمہارا سردار ہے کیوں سردار ہے؟ اس لئے کہ سردار کی خدمت کی جاتی ہے۔ اس کے آرام کا خیال رکھا جاتا ہے۔ جس طرح آپ کو اسکے آرام کی فکر ہے اس کی گرمی سردی کی فکر ہے۔ اسکی جسمانی غذا کی فکر ہے تو آپ کو اسکی روحانی غذا کی بھی فکر ہونی چاہیئے کہ اسکی روح کی پرورش کی فکر بھی ہونی چاہیے۔ جس طرح آپ اس کے جسم کی فکر کرتے ہیں تو

اسکی روح کی بھی فکر کریں۔ اس کی روح کی غذا محبت اور پیار ہے۔ اگر آپ بچے کو دیکھ کر مسکرائیں گے تو بچہ بھی مسکرائے گا یعنی بچہ محبت چاہ رہا ہے۔ اگر محبت نہ ملے تو یہ بچے کی روح کے لئے انتہائی خطرناک ثابت ہو گا۔ والدین کا اپنی اولاد سے محبت نہ کرنا بچے کے لئے ناسور اور کینسر ہے۔ ایک سال سے سات سال تک کا زمانہ انتہائی نازک زمانہ ہے۔ جتنے بھی ظالم اور ڈکٹیٹر دنیا کی تاریخ میں گزرے ہیں ان کے ساتھ یہی پرابلم تھی کہ بچپن میں ان کے ساتھ محبت کا سلوک نہیں کیا گیا۔

پہلے سال سے سات سال تک بچہ تمہارا آقا سردار اور تم اس کے نوکر اور خدمت گذار ہو اب سات سال سے چودہ سال تک وہ تمہارا نوکر اور خدمت گزار اور تم اسکے آقا و سردار لہٰذا اب تم نے اپنے خدمت گزار سے کام نہیں لیا تو وہ سست و کاہل ہو جائے گا۔ لہٰذا اسے کام و محنت کراؤ تاکہ اچھا کام کرے۔ اس کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاؤ تاکہ وہ اسکے بھی کام آسکیں چودہ سال سے اکیس سال تک تمہارا وزیر و مشیر۔ لہٰذا اس سے مشورے طلب کرو۔

پہلے سال سے سات سال تک بچہ تمہارا آقا ہے' تمہاری خدمت کا طالب ہے' محبت کا طالب ہے لہٰذا اس کی بے احترامی نہ ہونے پائے کیونکہ توہین کرنا بچے کے لئے حد درجہ خطرناک ہے۔ پیغمبر اسلام کا ارشاد ہے کہ

اکرموا اولادکم واحسنوا ادبکم لیغفر لکم ذنوبکم

اپنی اولاد کی عزت کرو اور انہیں اچھے اخلاق سکھاؤ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارے گناہوں کو معاف کر دیا جائے۔

ماں باپ کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنی اولاد کو ماریں یا ان پر غصہ کریں یا اپنی اولاد کی توہین کریں کیونکہ چھوٹا بچہ معصوم ہوتا ہے اس نے ابھی تک کوئی گناہ نہیں کیا ہے۔ اور ہم اب تک ہزار ہا گناہ کر چکے ہیں' خدا کی مخالفتیں کیں اسی بناء پر وہ بچہ تو ہم سے

افضل ہے۔

## بچہ کی عزت کی جائے۔

امام معصوم ؑ نے ارشاد فرمایا کہ ـــ" جو بھی تمہارے سامنے ہے اگر وہ عمر میں تم سے زیادہ ہو تو اس نے تم سے زیادہ نیکیاں کی ہیں اور اگر عمر میں کم ہے تو اس نے تم سے کم گناہ کیے ہیں"۔

لہٰذا ـــ تمہاری جو اولاد ہے اس کی عزت کرو کہ اسکے گناہ کم ہیں۔

اپنی اولاد کی عزت کرو' احترام کرو۔ وہ معصوم ہے گناہ گار نہیں ہے بلکہ نیک ہے۔ یہ تو نیک ہے خدا تو عام انسان کی عزت و احترام کا حکم دیتا ہے۔ حدیث میں ارشاد ہوا کہ "ـــ میں نے اپنے خاص (نیک) بندوں کو عام بندوں میں چھپا رکھا ہے لہٰذا سب کی عزت کرو اور کسی کو حقیر مت سمجھو کہ شاید وہی میرا ایک بندہ ہو۔

ـــ مجھے حق نہیں ہے کہ ایک عام مسلمان کی توہین کروں' بے عزتی اور بے احترامی کروں تو ایک معصوم بچہ کی جس نے کوئی گناہ نہیں کیا توہین کیسے کروں؟ اے انسان تجھے یہ حق کس نے دیا ہے کہ تو انسان کی توہین کرے۔

حضرت عیسیٰ ؑ سے پوچھا گیا کہ "سب سے سخت ترین چیز کیا ہے؟" جواب دیا "اللہ کا غضب (غصہ)"۔ پھر پوچھا کہ "ہم اللہ کے غضب (غصے) سے کیسے بچ سکتے ہیں؟" فرمایا کہ ـــ "جو تم سے کمزور ہیں تم ان پر اپنا غضب (غصہ) نہ کرو تو خدا بھی تم پر اپنا غضب (غصہ) نہیں کرے گا"۔

انسان جن لوگوں کا سرپرست ہے یا جو ان سے ضعیف ہیں کمزور ہیں' بیوی' بچے اور ملازم چھوٹے بھائی بہن اور شاگرد وغیرہ انسان ان سب پر رحم کرے اپنا غصہ نہ کرے درگذر کرے اور ان پر معافی کے دروازے کھول دے تو خدا بھی ان پر اپنا غصہ (غضب) نہیں کرے گا۔ ماں باپ کو بھی یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنی اولاد کی توہین کریں۔ استاد کو یہ

حق نہیں ہے کہ وہ اپنے شاگرد کو ماریں' لہٰذا احتیاط لازمی ہے۔ اگر بچے کی توہین کی گئی اور اسے محبت نہ ملی تو بچہ ظالم بنے گا' درندہ صفت انسان بنے گا۔

—— مامون الرشید کنیز کا بیٹا تھا اور امین شہزادی زبیدہ کا بیٹا تھا۔ مامون الرشید کو بچپن میں پیار و محبت نہیں ملا' اس کی بے عزتی اس کی ماں بھی کرتی تھی اور سوتیلی ماں یعنی شہزادی زبیدہ بھی۔ مامون الرشید جب بڑا ہوا تو اس نے حکومت کی لالچ میں شہزادی زبیدہ کے بیٹے امین کو قتل کر دیا اور امین بھائی کی لاش کو دربار میں لٹکا کر پورے شہر میں اعلان کر دیا کہ ہر آدمی آکر اسکی توہین کرے' اس کے منہ پر تھوکے' تھپڑ مارے۔ جوتے مارے جب اسکی لاش دفن ہوئی تو اس نے سر کو لٹکا دیا' یہ سلسلہ کئی دنوں تک جاری رہا لوگ آکر اس کی توہین کرتے۔ ایک دن ایک شخص نے آکر جوتا مارا اور یہ بھی کہا کہ "تجھ پر لعنت' تیرے باپ پر اور تیرے بھائی پر بھی" یعنی مامون پر لعنت کی تو اب مامون نے کہا کہ "یہ سلسلہ بند کرو" نہ جانے یہ سلسلہ کب تک جاری رہا۔ مامون کو بچپن میں محبت نہ ملی' توہین کی گئی بے عزتی کی گئی تو یہ درندہ صفت ظالم بنا۔ بچے سے محبت کا سلوک لازمی ہے۔ پیار لازمی ہے۔ حدیث میں ہے کہ۔ "باپ کا اپنے بچے کے منہ کو چومنا (پیار کرنا) عبادت ہے۔" — روایات کے مطابق "بچے کو گود میں لینا بھی ثواب کا سبب بنتا ہے" "بچے کے لیے تحفہ لانا بھی ثواب ہے۔ قرآن خود کہہ رہا ہے کہ۔

VPCY

ارئیت الذی یکذب بالدین فذلک الذی یدع الیتیم

"—— کیا تو نے اس شخص کو دیکھا ہے جو دین کو جھٹلاتا ہے پس یہ وہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے" (سورۃ الماعون ا۔۲)

—— دوسری صفت جو بیان کی کہ وہ یتیم کو دھکے دیتا ہے' کیونکہ اس کا باپ نہیں ہے لہٰذا جو یتیم کی عزت نہیں کرتا وہ بے دین ہے۔ یتیم کو کون عزت دے "اس کا باپ نہیں ہے' ماں بھی نہیں ہے جو پیار کی باتیں کرے۔ قرآن کہتا ہے کہ وہ آدمی بے دین ہے جو

یتیم کی عزت نہیں کرتا۔ وہ معاشرہ بے دین ہے جس میں یتیم کی عزت نہیں کی جاتی۔ اور بچے کو محبت کا نہ ملنا معاشرے کی نابودی کا سبب بن سکتا ہے اور علمائے اسلام کا قول ہے کہ "ایک بیماری ایک وبا ہے جو معاشرے اور انسانوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے اس سے زیادہ نقصان وہ گمراہ شخص، ظالم ڈکٹیٹر شخص معاشرے کو پہنچائے گا۔ وبائی بیماری سے معاشرے کو جو نقصان پہنچے گا اس سے زیادہ نقصان ایک گمراہ شخص معاشرے کو پہنچائے گا"۔

لہٰذا اب قرآن نے آواز دی کہ وہ مرد وہ خاتون اور وہ معاشرہ دین کو جھٹلانے والا ہے، جو یتیم کو دھکے دیتا ہے، یتیم سے محبت نہیں کرتا ہے۔ اب دیکھئے کہ یتیم سے محبت اور پیار کا کتنا ثواب ہے۔

حدیث میں ہے کہ ـــ جب انسان کسی یتیم کے سر پر پیار و محبت سے ہاتھ پھیرتا ہے اور ہاتھ کے نیچے سے جتنے بھی بال گزرتے ہیں خدا اتنا ہی ثواب دیتا ہے ـــ اب اگر آپ اپنے بچے سے محبت کا برتاؤ نہیں کر رہے ہیں تو اپنے بچے کو یزیدی بنا رہے ہیں۔ لیکن یہ بھی نہیں کہ بچے سے اتنی محبت کریں کہ وہ بد تمیز، بد اخلاق ہو جائے، وہ بچہ لوگوں کی توہین و بے احترامی کرنے لگے لہٰذا وہ لوگ جنہوں نے اپنے بچوں کی تربیت نہیں کی اور وہ لوگ جنہوں نے اپنے بچوں پر سختی کی ـــ وہ دونوں اپنے بچوں کو گمراہی کی جانب لے جا رہے ہیں۔ آپ کا توجہ نہ دینا اور زیادہ سختی دونوں بچوں کو گمراہ کر سکتی ہے، تباہی و بربادی کی طرف لے جا سکتی ہے۔ درمیانی راہ قرآن سے پوچھئے۔ قرآن بچوں کو ہدایت کرنے کا طریقہ بتا رہا ہے۔

## قرآن کا انداز نصیحت

اب دیکھئے کہ قرآن کا انداز نصیحت کیسا ہے، قرآن بچوں کو ہدایت کرنے کا طریقہ بتا رہا ہے

حضرت لقمانؑ اپنے بیٹے کو نصیحت کر رہے ہیں۔ ارشاد ہوا کہ

واذقال لقمن لابنه وهو يعظه يبنی لا تشرک باللہ ط ان الشرک لظلم عظیم ۔

—— اور جب کہا لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو جب اسے نصیحت کرنے لگا کہ اے بیٹا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔ (سورۃ القمان ۱۳)

باپ کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے بیٹے اور بیٹی کو نصیحت کرے۔ اچھی باتوں کے فائدے بتائے اور بری باتوں کے نقصانات سے آگاہ کرے۔ اب باپ اسی وقت نصیحت کر سکتا ہے جب خود اچھا ہو۔ یہ آپ کے اور ہمارے جیسے نہیں ہیں کہ سر پر ڈنڈا لئے کھڑے ہیں کہ چلو اچھا کام کرو ورنہ ڈنڈا پڑے گا۔ ہم کیا کہتے ہیں "ابے بیوقوف" "ابے گدھے احمق" مگر اسلام بچے کی بے احترامی اور بے عزتی کا حکم نہیں دیتا ہے بلکہ پیار سے بات کرنے کو کہتا ہے کہ اگر تم اولاد کو بے وقوف گدھا اور احمق کہو گے تو یہ باتیں اور القاب اسکے کچے اور ننھے ذہن پر اثر کریں گے۔ لہذا بچے کے لئے گندے اور غیر مناسب الفاظ کے استعمال سے پرہیز کیا جائے۔ اگر بچہ غلط کام کر رہا ہے تو اسے پیار سے سمجھائیں ورنہ وہ ضدی بن جائے گا ؂

بچے سے زبردستی نہ کریں اسے پیار سے سمجھائیں۔ اگر زبردستی کی جائیگی تو یہ بچے کے

---

؂ امام خمینی سلام اللہ علیہ کے ایک بہت ہی گہرے دوست آیت اللہ شیخ محمد شریعت اعلی اللہ مقامہ جو چالیس پچاس سال قبل کراچی تشریف لائے تھے کہ یہاں پر نجف کے مدارس منتقل کر دیں تو اس وقت کے علماء نے ان کی شدید مخالفت کی چنانچہ انہوں نے اپنی زندگی کے آخری لمحات تک تنہا درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا اور کراچی ہی میں انتقال کیا۔ ارشاد فرماتے تھے کہ

"گناہ کو نہ چھوڑو بلکہ گناہ کی وجہ بنیاد اور گناہ کی محبت کو چھوڑو"

لئے اچھا ثابت نہیں ہو گا۔ اب قرآن نے کہا کہ یبنی اے بیٹا۔ اولاد سے پیار سے بات کی جائے۔ لا تشرک باللہ ط اللہ کے ساتھ کسی کو اس کا شریک مت ٹھہراؤ۔ شرک مت اختیار کرو۔ شرک گناہ ہے' یعنی کسی کو اللہ کے مقام کے برابر خیال کرنا۔ کسی کو اللہ کے کام میں شریک قرار دینا۔ مثلاً آپ وضو کر کے جب نماز شب پڑھتے ہیں تو آپ کی پرواز آسمان کی بلندیوں کی جانب ہوتی ہے اور فرشتوں کے پر آپ کے قدموں کے نیچے ہوتے ہیں اب اگر آپ نے شرک کیا تو آپ آسمان کی بلندیوں سے جہنم کی گہرائیوں میں گر جائیں گے۔ اب قرآن صرف منع نہیں کر رہا ہے کہ گندی باتیں نہ کرو۔ نہ محرم پر نظر نہ کرو' گندی فلمیں نہ دیکھو' بے پردہ نہ پھرو بلکہ قرآن دلیل دیتا ہے۔

حضرت لقمانؑ اپنے لڑکے کو شرک نہ کرنے کا کہہ رہے ہیں اور اب اس کا نقصان بتا رہے ہیں اب دلیل دے رہے ہیں شرک کیوں نہ کرو اس لئے کہ واذقال لقمن لابنہ ان الشرک لظلم عظیم ٭ بے شک شرک کرنا اپنی روح پر بڑا ظلم ہے۔ صرف ظلم ہی نہیں بلکہ ظلم عظیم ہے۔ صرف نقصان نہیں بلکہ نقصان عظیم ہے' دنیا کا نقصان نہیں بلکہ آخرت کا نقصان ہے۔ اور آخرت کا نقصان ہمیشہ ہمیشہ کا نقصان ہے۔ اس نقصان کا ابھی پتہ نہیں چلے گا اس لئے کہ نماز کی مثال میں ہم نے عرض کیا کہ انسان نماز میں آسمان کی بلندیوں پر ہوتا ہے' معراج پر ہوتا ہے اب اگر شرک کرتا ہے تو جہنم کی گہرائیوں میں جا گرتا ہے۔ اب اگر اسنے خدانخواستہ شرک کیا تو کیا آپ واقعی جہنم میں جا گرے۔ کیا واقعی آپ کو چوٹ کا اور جہنم کی گرمی کا احساس ہوا؟ اس کا احساس' شرک اختیار کرنے کا احساس جہنم کی گرمی کا احساس مرنے کے بعد کی دنیا میں ہو گا' قیامت کے دن ہو گا' اب قرآن نے ایک کلیہ بیان کیا۔ ہمیں تربیت کرنے نصیحت کرنے کا ایک قانون دیا کہ جب نصیحت کرو اور کسی اچھے کام کا حکم دو تو اس کے فائدے بتاؤ اور اگر کسی بری بات سے منع کرو تو اس کے نقصانات بتاؤ۔ دلیل دو۔ اب نماز کا حکم دو۔۔۔ تو صرف حکم نہ دو۔۔۔ صرف سختی نہ کرو بلکہ فائدے بتاؤ دلیل بھی دو۔

قد افلح المومنون الذین هم فی صلاتهم خاشعون

"تحقیق وہی ایمان والے کامیاب ہیں جو اپنی نماز میں خدا سے ڈرنے والے ہیں"۔ (سورۃ المومنون ۱۔۳)

اب دلیل کیا دی کہ اگر نماز پڑھو گے تو خوف خدا حاصل ہو گا اور خوف خدا کا فائدہ یہ ہو گا کہ تم عذاب الٰہی سے نجات پا جاؤ گے۔ اب قرآن نے دوسری دلیل دی، دوسرا فائدہ بتایا۔

ان الصلوٰۃ تنہی عن الفحشاء المنکر

"بے شک نماز بے حیائی کے کاموں اور بری باتوں سے روکتی ہے"۔ (سورۃ العنکبوت۔ ۴۵)

اب قرآن نماز نہ پڑھنے کے نقصانات بیان کر رہا ہے، دلیل دے رہا ہے کہ

عن المجرمین ما سلککم فی سقر ہ قالو لم نک من المصلین ہ

"جب گناہ گاروں سے سوال کیا جائے گا کہ تم کس وجہ سے جہنم میں ڈالے گئے ہو؟ وہ کہیں گے کہ ہم دنیا میں نماز نہیں پڑھتے تھے"۔ (سورۃ المدثر ۴۱۔۴۲۔۴۳)

اب قرآن نے دلیل دی کہ — اگر انسان تو نماز نہیں پڑھے گا، خدا کی عظیم ترین اطاعت سے منہ موڑے گا تو تو جہنمی بن جائیگا۔ چند منٹ کی خدا کی اطاعت — نماز سے منہ موڑنا ہزار ہا سالوں کے لئے آگ میں جلنے کا باعث بنے گا لہٰذا تکبر کے بجائے انکساری کر اور خدا کی عبادت کر۔

اب جہاں جہاں قرآن نے نصیحت کی وہاں اس کی دلیلیں بھی دیں۔

اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ بے شک شرک ظلم عظیم ہے۔ خدا نے تجھے جو جسم دیا ہے جو اعضاء عطا کئے ہیں یہ امانت ہیں لہٰذا اللہ کی امانت سے اللہ کی نعمت سے اللہ کی نافرمانی نہ کر یہ ظلم

عظیم ہے۔ تو زبان سے غیبت کر رہا ہے یہ زبان خدا ہی نے تو دی ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ "کیا لوگ روز قیامت زبان کی زیادتیوں اور گناہوں کے علاوہ بھی کسی اور وجہ سے جہنم میں داخل کیے جائیں گے؟ " یہ سننے کی طاقت اللہ ہی نے دی ہے لہٰذا کانوں کو اللہ کے خلاف استعمال مت کر' یہ ہاتھ پیر خدا ہی نے دیے ہیں لہٰذا اعضاء کو خدا ہی کی خدمت میں لگا۔ یہ سب اعضاء اللہ کی امانت ہیں لہٰذا ان میں خیانت نہ کر۔ بچہ جب بھی بری بات کرے تو اسے سمجھائیں۔ سختی نہ کریں۔ ڈانٹیں نہیں' دلیل سے سمجھائیں۔ ہم لوگ بچوں کو ٹالنے کے لئے ان سے جھوٹا وعدہ کر لیتے ہیں مثلاً کوئی کام کر رہے ہیں بچہ آیا اور چلنے کے لئے کہنے لگا اب بار بار کہے جا رہا ہے بچہ ہے ۔ ہمارے کام میں خلل واقع ہو رہا ہے لہٰذا اسے ٹالنے کے لئے کہا کہ جاؤ اچھا کل گھومنے چلیں گے یا بازار سے کھلونا لادیں گے اب ہم نے تو جان چھڑانے کے لئے بچے سے جھوٹا وعدہ کیا اور بچہ اسے حقیقت جان رہا ہے۔ اب اگر وہ کام نہیں ہوا تو بچے کا دل ٹوٹے گا' توہین ہوگی اور سب سے بڑھ کر وہ جھوٹ کی جانب مائل ہو گا۔ لہٰذا ہم کو چاہئے کہ جھوٹے وعدے کر کے اپنے بچوں کو خراب نہ کریں۔ اکرموا اولادکم ـــــ اپنی اولاد کی عزت کرو۔ محبت کرو۔ بچوں کے ساتھ کی گئی زیادتیاں' ناانصافیاں اور انکی بے عزتی ان کے لئے بہت سے امراض کا سبب بنتی ہیں۔ بچپن کی سختیوں کی وجہ سے بچہ ذہنی مریض بن جاتا ہے اور نفسیاتی بیماری کا شکار ہو جاتا ہے۔

آج پورے یورپ اور امریکہ میں جتنی نفسیاتی بیماریاں ہیں اتنی کسی اور ملک میں نہیں ہیں۔ اسّی (۸۰) فیصد لوگ ذہنی دباؤ کا شکار ہیں۔ وہاں اسلام نہیں ہے روحانیت نہیں ہے زنا کے واقعات عام ہیں۔ ہر بالغ ماں بننے والی پانچ لڑکیوں میں دوسری لڑکی اسکول میں تعلیم پا رہی ہے۔ اب جو حرام کی اولاد ہوتی ہے وہ پریشانیوں کا دروازہ کھول دیتی ہے۔ اب اولاد کو بچوں کی پرورش کے اداروں میں داخل کر دیا جاتا ہے۔ لہٰذا ان بچوں کو اپنے ماں باپ تک کا پتہ نہیں ہوتا ہے اور وہ انکی شفقت و محبت سے محروم رہتے ہیں اور بڑے ہو کر

معاشرے کی تباہی اور نابودی کا سبب بنتے ہیں۔

جرمنی کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ "جرمنی میں ذہنی سکون حاصل کرنے کے لئے ایک رات میں کئی لاکھ گولیاں فروخت ہوتی ہیں لوگ ذہنی سکون اور نیند کے لئے ہزاروں روپے خرچ کرتے ہیں"

آپ نے دیکھا کہ امریکہ میں خودکشی کی شرح بھی زیادہ ہے دیگر ممالک کی بہ نسبت وہاں روپیہ پیسہ مال و دولت سب ہے کوئی مالی پریشانی نہیں ہے۔ دنیا کی آدھی دولت امریکہ میں ہے کیونکہ امریکہ سب لوٹ کرلے گیا ہے، سب مسلمانوں کی دولت ہے، غریب اور مظلوم قوموں کا مال ہے، مگر آپ نے دیکھا کہ وہاں ذہنی سکون نہیں ہے۔ اسکی بنیادی وجہ اسلام اور اسلامی تعلیمات سے منہ موڑنا ہے، بچوں کی صحیح تربیت نہیں کی گئی۔ باپ بھی کماتا ہے اور بیٹا بھی پھر ماں بھی کمانے چلی۔ اپنے چھوٹے بچوں کو کرائے کے اسکولوں میں داخل کردیا کہ جہاں صبح سے شام تک بچہ رہتا ہے اور اپنی ماں کی ممتا کا انتظار کرتا ہے۔ ہم نے اپنی آنکھوں سے خود دیکھا کہ وہ اسکول کی ٹیچر مسلمان تھی۔ کل پچیس (۲۵) بچے تھے اس کے پاس۔ اب جو بچہ رویا اس نے ایک تھپڑ رسید کردیا۔ اس کا خود کا بچہ تو نہیں ہے کہ بچے کو محبت دے۔ اسے تو بس شام تک بچوں کو رکھنا ہے اور اپنا کرایہ لینا ہے۔ اب جہاں بچہ رویا، تنگ کرنا شروع کردیا تو اب دو (۲) تین (۳) صلواتیں سنادیں منہ پر دو (۲) تین (۳) تھپڑ جڑ دیئے۔ اخبارات کی رپوٹ کے مطابق ــــ "بے بی کیئر اسکولوں میں وہاں کی منتظمہ عورتیں بچوں کو سلانے کے لئے تاکہ وہ تنگ نہ کرسکیں، کچھ شراب پلادیتی ہیں وہ بچے سوتے رہتے ہیں اور عورتیں آرام سے اپنا کام کرتی رہتی ہیں"۔ مزے کی بات یہ ہے کہ بعض جگہ ماں باپ نے بے بی کیئر اسکولوں کے اخراجات سے بچنے کے لئے سدھائی ہوئی بندریاں پال رکھی ہیں جو ان کی غیر موجودگی میں ماں باپ کے آفس چلے جانے کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں، اب نسانیت پر یہ وقت آگیا ہے کہ جانور انسانوں کی پرورش کرنے لگے ہیں بڑے بھائی ہیں تو

انھیں اپنی گرل فرینڈ سے فرصت نہیں ملتی اور رہی بڑی بہن تو انھیں دوسرے لڑکوں کے ساتھ گھومنے سے وقت نہیں۔ یہ تربیت ہو رہی ہے اب اسے کیا کہا جائے۔ انسانیت کی ترقی—یا پستی۔؟

جن بچوں کی پرورش جانور کریں' شراب کرے' کرائے کے اسکولوں کی عورتوں کا ظلم کرے تو ان بچوں کا تو بس خدا ہی حافظ ہے۔

خدارا— آپ سے التجا ہے کہ مجالس میں جائیں کہ ان مجالس سے ہماری خود کی' ہماری خواتین کی اور ہمارے بچوں کی کتنی اصلاح ہوتی ہے' کتنی تربیت ہوتی ہے۔

لاکھوں میں ایک کیس ہوتا ہے کہ کسی بچے کو محبت کا نہ ملنا بچے کو ذہین بنا دیتا ہے مگر اس کا یہ مقصد نہیں کہ آپ بھی اپنے بچوں پر اپنے پیار و محبت بند کریں کیونکہ ایسا کیس لاکھوں کروڑوں میں ایک ہوتا ہے۔ بچپن کی سختیاں' ناانصافیاں اور ظلم اسے محنت کرنے پر مجبور کرتے ہیں مثلاً نیوٹن سائنسدان کی تاریخ کو لیجیے۔ کہا جاتا ہے کہ "اس کو بالکل محبت نہیں ملی۔ وہ ننگے پاؤں اسکول جاتا تھا تو تمام طالب علم اس کا مذاق اڑاتے تھے اور یہی مذاق کا اڑانا اسے سخت محنت پر مجبور کرتا اور یہاں تک کہ وہ مشہور سائنسدان بنا۔"

اس حدیث نبی کا دوسرا جملہ یہ ہے کہ— تمہارا بچہ سات (۷) سال سے چودہ (۱۴) سال تک تمہارا غلام ہے— لہٰذا اس سے کام لو تاکہ اسکی صلاحیتوں کو زنگ نہ لگ جائے وہ سست نہ ہو جائے بلکہ کام لے کر اسے محنتی بناؤ اور تیسرا جملہ— چودہ (۱۴) سال سے اکیس (۲۱) سال تک وہ تمہارا وزیر ہے— لہٰذا اس سے مشورہ لو۔

اگر ہم ان سنہری اقوال' تعلیمات قرآن و اہلبیت علیہم اسلام پر عمل کریں تو یقی[ن] ہمارے گھر جنت بن جائیں گے اور معاشرے سے برائیوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔

دشمن نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ جو یتیم ہو اس پر ظلم کر کے اسے گمراہ بنائے۔ خد[ا] قرآن میں فرما رہا ہے کہ "وہ بے دین ہے' دین کو' خدا کے قوانین کو جھٹلانے والا ہے' 

یتیم کو دھکے دے اور یتیم کی عزت نہیں کرے "۔ اب دشمنان اہلبیتؑ کی یہ کوشش رہی کہ ظلم کر کے لوگوں کو گمراہ اور بے دین بنایا جائے مگر ہزاروں درود ہوں ان کی عظیم ماؤں پر جنہوں نے اپنے بچوں کی تربیت قرآن و اسلام کے اصولوں 'اہلبیتؑ کے فرمانوں کے مطابق کی۔ ذرا آگے دیکھئے مسلم بن عقیلؑ بن علیؑ کے لخت جگروں کو۔ اللہ اکبر کیسی شاندار اسلامی تربیت کی ہے۔ ہاں علیؑ والے ہیں نا یہ لوگ لہذا تربیت بھی علیؑ جیسی کی ہے اگر آپ بھی علیؑ والے ہیں تو پھر مسلمؑ کے بچوں جیسی اپنے بچوں کی تربیت کریں۔ عباسؑ و علی اکبرؑ و قاسمؑ جیسی تربیت کریں۔ مسلمؑ کے یتیموں پر ظلم و ستم کیا جا رہا ہے بے دین مسلمانوں نے 'بے دین معاشرے نے ان یتیمان کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ خدا کہہ رہا ہے کہ جو یتیم کو دھکے دے وہ بے دین ہے۔ ارے یہ تو دنیا کا قانون ہے یہ تو رسم دنیا ہے کہ یتیم کو دیکھ کر اسے پیار کیا جاتا ہے۔ محبت کی جاتی ہے۔ سر پر شفقت سے ہاتھ پھیرا جاتا ہے کیوں؟ ارے اس کے ماں باپ نہیں ہیں۔ ان کو پیار دینے کی کوشش کی جاتی ہے کہ یہ یتیم ہے شاید ہمارے پیار و محبت سے اس کی دل جوئی ہو جائے۔ یتیم کو پاس بلایا جاتا ہے پیار و محبت کے الفاظ بولے جاتے ہیں۔ مگر ہائے کربلا کے یتیمان حسینؑ۔ ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔ کیا سکینہؑ کے ساتھ پیار و محبت کا برتاؤ کیا گیا۔ ہائے یتیمان مسلم بن عقیلؑ ان کے ساتھ کیا ظلم نہیں کیا گیا۔ مگر ذرا تربیت تو دیکھئے۔ آخری وقت میں بھی مہلت نماز طلب کر رہے ہیں۔ یہ ہے تربیت مگر ان ظالموں کو ذرہ برابر بھی رحم نہ آیا اور دونوں یتیمان کو شہید کر دیا اور فاطمہؑ کے جگر کو زخمی کیا اور رسولؐ کو رلایا۔

خداوند عالم ہم سب کو اپنی اولاد کی اسلامی تربیت

کرنے کی توفیق عطا فرمائے کہ ہمارے بچے قرآن 'اسلام اور محمدؐ و آل محمدؐ کے عاشق اور شیدائی بن سکیں 'عزاداری حسینؑ مظلوم کی حفاظت کر سکیں۔

"خدایا 'خدایا —— تا انقلاب مہدیؑ —— از نہضت خمینی (سلام اللہ علیہ) محافظت بفرما"——

# چوتھی مجلس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالی فی القران الحکیم

من قتل نفسا بغیر نفس او فساد فی الارض فکانما قتل الناس جمیعا ط

ومن احیاھا فکانما احیا الناس جمیعا ۰

---- جس نے ایک نفس کو بے گناہ قتل کیا یا زمین میں فساد کیا تو گویا اس نے تما
انسانوں کو قتل کیا اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زند
کیا ---" (المائدہ ۳۲)

--- معزز سامعین ---- یہ قرآنی اصول ہیں اور قرآن نور ہے۔ قرآن حق ہے۔ حق
کی طرف سے حق کی جانب نازل ہوا ہے اور حق کی طرف دعوت دیتا ہے۔ قرآن میں
حق تعالی کا ارشاد ہو رہا ہے کہ ومن قتل نفسا جس نے ایک نفس کو قتل کیا ---
ایک انسان کو گمراہ کیا ' خدا کے راستے " صراط مستقیم " سے دور کر دیا ' عزاداری اما
حسین سے دور کر دیا اور وہ اور گناہ کرنے لگا --- تو اب اسکا گناہ کتنا ہے؟ اسکا گنا
اتنا ہے کہ۔ فکانما قتل الناس جمیعا ---- گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا۔
نے ایک شخص کو خدا کے راستے سے دور کیا تو گویا تم نے پوری انسانیت کو گمراہ کر دیا
تمام انسانوں کو قتل کر دیا۔ تم قرآن کی نگاہ میں تمام انسانیت کے قاتل ہو۔ پھر فرما
کہ --- ومن احیا جس نے ایک نفس کو زندہ کیا --- زندہ کرنے سے مراد
ایک مردہ دل آدمی کو ہدایت کرنا ہے ' خدا والا بنانا ہے ' نیک و فرماں بردار بنانا ہے

اب اس کا ثواب کتنا ہے اس کا ثواب اتنا ہے کہ فکانما احیا الناس جمیعا گویا آپ نے پوری انسانیت کو زندہ کر دیا۔ پوری انسانیت کو ہدایت کرنے اور خدا والا بنانے کا سہرا آپ کے سر ہو گا۔ کسی کو قتل کرنا' اللہ کے راستے سے دور کرنا گناہ عظیم ہے اور کسی کو زندہ کرنا' ہدایت کرنا یہ اجر عظیم ہے۔ قرآن حق ہے اور حقیقت کو بیان کر رہا ہے۔ اب جس کے پاس نور ہدایت نہیں ہے وہ خود کو مردہ سمجھے۔ کیونکہ وہ ابھی تک شیطان کی پیروی میں گرفتار ہے' نفسانی خواہشات کا اسیر ہے' گناہوں کی تاریکی میں اسے کچھ نظر نہیں آ رہا ہے لہذا وہ مردہ ہے۔ اب وہ زندہ کیسے ہو گا؟

جب وہ اپنے آپ کو نور الہی اور نور ہدایت سے متمسک کرے گا' شیطان کی پیروی سے بغاوت کرے گا' نفسانی خواہشات سے دشمنی کرے گا' اور گناہوں کی تاریکی میں اطاعت خدا کا اجالا کرے گا۔

---ہدایت ہی حیات ہے اور ہدایت ہی نور لہذا جو اس نور الٰہی میں داخل ہو گیا اور ذلت بھری زندگی سے نجات حاصل کر لی تو ایسا بندہ حقیقتاً زندہ ہے۔ وہ قوم اللہ کی نظر میں زندہ ہے جسمیں انقلاب پیدا ہو گیا' جس نے خود کو گناہوں کی ذلت سے نکال لیا' وہ معاشرہ حقیقت میں زندہ ہے کہ جس میں اسلامی قوانین کا عملی نمونہ ہو اور اسمیں انقلاب پیدا ہو چکا ہو۔

ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسہم

یعنی ...

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی

نہ ہو جس کو خیال خود اپنی حالت کے بدلنے کا۔ (سورۃ الرعد۔۱۱)

وہ معاشرہ مردہ ہے جہاں گناہ کو گناہ اور خدا کی نافرمانی تصور ہی نہیں کیا جاتا بلکہ گناہ کو زمانے کے تقاضے اور ماڈرن زندگی کے اصول و قوانین کہا جاتا ہے۔

## فساد کیا ہے ---؟

ہم نے پچھلی تقاریر میں عرض کیا تھا کہ عالم کفر کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ ہم سے ہمارے مقصد حیات کو چھین لے۔ حیات کے جوہر اصلی --- "ہدایت" کو چھین لے۔ اس نور الٰہی کو بجھادے اور اسکے ذریعے سے ہم پر حکمرانی کرے اور وہ جو چاہیں ہم سے کام کروائیں۔ آپ نے آیت میں غور کیا کہ جو کسی کو بے گناہ قتل کرے یا زمین میں فساد کرے۔ ان کا گناہ پوری انسانیت کو نابود کرنے کے گناہ کے برابر ہے۔ اب قاتل ہو یا فسادی۔ دونوں کا گناہ برابر ہے۔ دونوں انسانیت کے دشمن ہیں۔ اب دشمن فساد کر کے ہمیں اپنا غلام بنائے گا۔ اپنی شیطانی' غیر اخلاقی' بے غیرتی اور انسانیت سے گری ثقافت ہم پر مسلط کرے گا اور ہمیں ذہنی غلام بنائے گا۔ عربی زبان میں فساد کے معنٰی کا دائرہ بہت وسیع ہے اب اگر کوئی میاں بیوی کے درمیان فساد برپا کررھا ہے تو اسکا گناہ بھی قاتل کے گناہ کے برابر ہے۔ اگر کوئی بھائی کو بھائی سے لڑانے کی کوشش کرے تو یہ کوشش بھی فساد ہی ہوگی۔ کوئی دو خاندانوں کو لڑانے کے منصوبے بنائے گا تو یہ منصوبہ بھی فساد ہی کے دائرے میں آئے گا۔

الفتنۃ اشد من القتل

---"فتنے اور فساد کا گناہ --- قتل کے گناہ سے بڑھ کر ہے ---"

دو گھرانوں میں عداوت و دشمنی پیدا کرنا' لگائی بجھائی کرنا اور ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ یہ سب قتل سے بڑھ کر ہے۔ قتل کے بعد' جسم کے مردہ ہونے کے بعد انسان کے اعمال کا دروازہ بند ہو جاتا ہے۔ اب انسان نہ اچھائی کر سکتا ہے اور نہ کوئی برا عمل انجام دے سکتا ہے لیکن فساد و فتنے سے ایک دوسرے کی غیبت کرنے سے' لگائی بجھائی اور عداوت و دشمنی سے انسان کے نامہ اعمال میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے

عذاب لکھا جا سکتا ہے۔ انسان ان اعمال کے ذریعے سے اپنی مکمل تباہی اور معاشرے کی مکمل نابودی کے مکمل اسباب فراہم کر سکتا ہے۔

## غیبت کا گناہ-----

غیبت کیا ہے اور اسکا گناہ کتنا ہے---؟ مولا علی فرماتے ہیں کہ

یا نوفل- اجتنب الغیبتہ فانہا اداب کلاب النار ثم قال یا نوفل

کذب من زعم ولد من حلال وھو یا کل لحوم الناس بالغیبتہ

مولا علیؑ فرماتے ہیں۔

----"اے نوفل --- غیبت کرنے سے بچو۔ بے شک یہ جہنم کے کتوں کا سالن ہے پھر فرمایا کہ اے نوفل وہ جھوٹا ہے جو یہ دعوی کرے کہ وہ حلالی (جائز پیدائش) ہے جبکہ وہ غیبت کرکے لوگوں کا گوشت کھا رہا ہے"----

پیغمبر اسلامؐ نے ارشاد فرمایا کہ

-----"غیبت اتنا بد ترین گناہ ہے کہ قیامت کے دن غیبت کرنے والا کتے کی شکل میں حاضر کیا جائے گا اور اس کی زبان اتنی لمبی کر دی جائیگی کہ اہل قیامت اس کی زبان کے اوپر چلیں گے۔"

---"غیبت یہ ہے کہ ہم کسی کی پیٹھ پیچھے برائی بیان کریں اور اسے تکلیف ہو' مثلاً کسی کو کالا کہنا' چھوٹے قد والا کہنا اور کسی محفل میں غائب شخص کا تذکرہ اسطرح کرنا کہ حاضرین میں اس کی بے عزتی اور توہین ہو۔" اب ان عذاب کے تذکرے کے بعد بھی ہم غیبت کریں گے تو یہ ہماری جہالت ہے' ہم اپنے لئے خود عذاب تیار کر رہے ہیں اور خود اپنی تباہی کا سامان کر رہے ہیں۔ ذرا سی دنیاوی ذلت کا تو سامنا نہیں کر سکتے ہیں تو خیال کیجئے کہ وہاں تو اولین و آخرین کا مجمع ہو گا' سب دوست' رشتہ دار اہل

محلہ، تمام ائمہؑ اور انبیاءؑ جمع ہونگے اور ان کے سامنے ہم اپنی اصلی شکل کتے کی شکل میں لائے جائیں گے۔ سب ہماری اصلیت و حقیقت سے واقف ہو جائیں گے۔ غیبت کا اتنا گناہ کیوں ہے؟ اس لئے کہ یہ فساد برپا کرتی ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ ۔۔ "کیا لوگ روز قیامت زبان کی زیادتیوں کے علاوہ بھی کسی اور وجہ سے جہنم میں ڈالے جائیں گے۔" تمام آفتیں، بلائیں، فتنہ اور فساد اسی آلہ شیطانی کے پیدا کردہ ہیں۔ یہ زبان بہت فساد کرتی ہے لہٰذا اسکی بہت مذمت کی گئی ہے۔ اس کا ذکر تو خدا نے قرآن میں کیا کہ ۔۔۔

ولا یغتب بعضکم بعضا ط ایحب احد کم ان یا کل لحم اخیہ میتا فکرھتموہ۔

۔۔۔"اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے۔ پس تم کو اس سے گھن آتی ہے۔" (سورۃ الحجرات ۱۲)

منافقت کی کیوں مذمت کی گئی ہے کہ انسان دل میں کچھ رکھے اور ظاہر میں کچھ۔ منافقت سے معاشرے میں فساد پیدا ہوتا ہے۔ قرآن میں ارشاد الٰہی ہو رہا ہے کہ۔

یخدعون اللہ والذین امنو وما یخدعون الا انفسھم وما یشعرون۔

۔۔۔" دھوکا دیتے ہیں اللہ کو اور ایمان والوں کو اور یہ صرف اپنے نفسوں کو دھوکا دیتے ہیں اور اسکا شعور نہیں ہے۔۔۔" (البقرہ ۹)

یہ معاشرے میں فساد کرکے اپنے لئے آگ تیار کر رہے ہیں اور اپنے آپ کو دھوکا دے رہے ہیں۔

## عقیدے کی تباہی۔ معاشرے کی تباہی ہے۔

بے پردگی، بے حیائی، رشوت کا عام ہونا۔ یہ سب فساد کے دائرے میں آتا ہے۔ اب قرآن کی نگاہ میں وہ معاشرہ فاسد ہے جو بے حیائی و بے پردگی کو عام کرتا ہے

رشوت، سود کو عام کرتا ہے، خراب کو خراب نہیں کہتا بلکہ برائی کو تعریفی نظروں سے دیکھتا ہے -- یہ سب فساد ہے لیکن ایک فساد یہ بھی ہے کہ کسی ملت کے عقیدے کو بگاڑ دیا جائے اور خراب کر دیا جائے۔ یہ سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ (اب اگر ریل کی پٹڑی ہی بدل دی جائے تو اس حالت میں بھی ٹرین چلے گی لیکن اپنی اصلی منزل تک نہیں پہنچ سکے گی۔) اب کسی ملت کا عقیدہ بگاڑ دیا جائے تو پورا معاشرہ خراب و برباد ہو جائے گا کسی معاشرے میں برائیاں ہیں، شراب، جوا، زنا، رشوت سب عام ہے لیکن اگر عقیدہ درست ہے اور پختہ ہے تو یہ تمام برائیاں بھی ختم ہو سکتی ہیں لیکن اگر ان برائیوں کے ساتھ ساتھ اجتماعی عقیدہ بھی خراب ہے تو ان برائیوں کے خاتمے کا ذرا بھی امکان نہیں ہے۔ اب اگر کسی بھی معاشرے کا عقیدہ خراب کر دیا گیا تو وہ معاشرہ جیتے جاگتے مردہ ہو جائے گا۔ ظاہراً تو اسمیں کاروبار زندگی جاری ہو گا اور زندگی کے آثار نمایاں ہوں گے لیکن قرآن اور "حق و حقیقت" کی نگاہ میں اسے مردہ ہی تصور کیا جائے گا۔

عالم کفر نے ہم مسلمانوں پر چاروں جانب سے حملہ تو کیا ہی کیا اس کے ساتھ ساتھ ہمارے عقیدے کو بھی فاسد کیا، ہمارے معاشرے کو بھی فاسد کیا، اداروں کو بھی فاسد کیا، پاکستان تو بن گیا، چہرے تو بدل گے لیکن نظام نہیں بدلا، نظام وہی انگریزوں کا ہے۔ پاکستان وجود میں آیا تھا اسلام کے لئے لیکن یہاں اسلامی نظام کے بجائے، انگریزی نظام اور یہودی نظام نافذ ہے۔ ان کا مقصد معاشرے اور پوری ملت اسلامیہ کو فاسد کرنا ہے، مسلمانوں کی تباہی اور نابودی انکی زندگی کا بڑا مقصد ہے لہذا اپنے مذموم عزائم کو عملی شکل دینے کے لئے مسلمانوں کی آئیڈیا لوجی، نظریے اور عقیدے کو فاسد کیا، اب دیکھئے پورا معاشرہ گناہوں سے بھر چکا ہے۔ اب یہاں انصاف بکتا ہے، دولت والا ہو تو اسے انصاف مل جاتا ہے اور غریب کا حق مارا جاتا ہے، اس سے حق چھین لیا جاتا ہے -- اب یہیں سے دوسری برائیں بھی جنم لیتی ہیں۔ انہوں نے

صرف عقیدے کو بگاڑا اور خراب کیا اور دوسری برائیاں خود بخود انجام پا رہی ہیں۔ اب عالم یہودیت کو بار بار ہدایت کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ اب تو ان کے نمائندے یہاں موجود ہیں۔ اب دوسری برائیں خود بخود جنم لے رہی ہیں۔ اب غریب اپنا حق لینے کے لئے ناجائز ذرائع استعمال کرتا ہے وہ بھی دوسرے کی حق تلفی کرتا ہے' دوسرے کے حق پر ڈاکہ ڈالتا ہے اور دوسرے کے حق کو چھینتا ہے جبکہ امیر طاقت کا ناجائز استعمال کرتا ہے۔ مسلمان ذہنی غلام بن چکے ہیں اور ان کے جسم آزاد ہیں۔ لیکن ان کی فکر' خیالات اور سوچ سب یہودیت اور عیسائیت کی غلام ہے۔ اب چونکہ دنیا پروپیگنڈے کے زیر اثر ہے پروپیگنڈے ہی کی تمام باتیں مانتی ہے لہٰذا اب سلمان رشدی کا پروپیگنڈا کیا گیا۔ ایران میں اسلامی انقلاب کی کامیابی اور اسلامی جمہوریہ کے قیام کے بعد امریکہ اور عالم کفر کو زبردست شکست کا سامنا ہوا اور انہیں پوری دنیا میں ذلت و رسوائی کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر انہوں نے صدام کو ورغلا کر ایران پر جنگ تھوپی تاکہ ایران کا سارا زور انقلاب کی تشہیر کے بجائے عراق کے ساتھ جنگ میں استعمال ہو۔ مگر امام خمینی سلام اللہ علیہ کی عارفانہ اور مدبرانہ قیادت نے عالم کفر کے تمام عزائم کو خاک میں ملا دیا اور ایران کی صلح خود دشمنان کے گلے کا پھندہ بن گئی۔ جب یہ حربہ بھی ناکام رہا تو اب چونکہ میڈیا اور تمام ذرائع یہودیت کے زیر اثر ہیں اور انہی کے قبضہ میں ہیں لہٰذا اب سلمان رشدی کا شوشا چھوڑا گیا تاکہ عام لوگ' نادان لوگ گمراہ ہو جائیں مگر اسلامی جمہوریہ ایران نے اس وقت کتنا زبردست اسٹینڈ لیا۔ ان دشمنان کا ہدف ہمارے نظریات اور ہمارا عقیدہ ہے اور وہ ہم سے ہدایت کا نور چھین لینا چاہتے ہیں اور ہدایت کا مرکز پیغمبر اسلامؐ کی ذات مقدس ہے۔ یہی وہ ذات ہے جہاں سارا عالم اسلام متحد و متفق ہے۔ یہاں آ کر تمام اختلافات ختم ہو جاتے ہیں باہمی عداوتیں نابود ہو جاتی ہیں۔ پیار و محبت اور الفت و یگانگت کے پھول کھلنے لگتے ہیں۔ اگر کسی کا دل عشق رسولؐ سے خالی ہے' اس کا دل محبت رسولؐ

سے منور نہیں ' اس کی سانسوں میں یا نبیؐ یا نبیؐ کی صدائیں نہیں اسکے خیالوں میں مدینے کی فضائیں نہیں ----- تو ایسا شخص مسلمان نہیں ہے۔ اب سلمان رشدی ملعون کی کتاب کے ذریعے سے ہمارے نظریات کو گمراہ کیا جارہا ہے۔

اب پیغمبر اسلامؐ کی ذات پر حملے ہو رہے ہیں۔ علی مرتضیٰؑ اور اہلبیتؑ کے خلاف جھوٹی باتیں بیان کی جارہی ہیں۔ عقیدہ وہ بنیاد ہے جس پر ایمان کی عمارت کھڑی ہے۔ لہٰذا اگر عقیدہ کی بنیاد کو خراب کردیا جائے تو ایمان و عشق کی عمارت خود ہی گر پڑے گی --- پروپیگنڈا کیا جارہا ہے کہ --- " بھائی رسولؐ تو تمہاری ہی طرح کے ایک انسان تھے --- مرگئے اور ختم ہوگئے "۔ ہاں انسان تو تھے لیکن وہ انسان کی شکل میں ' انسانی بدن میں نورانی مخلوق تھے۔ (اور نورانی مخلوق ہیں) عالم کفر صرف مادیت ہی تک محدود ہے لہٰذا سمجھتا ہے کہ جسم ختم تو روح بھی ختم --- نہیں ایسا نہیں ہے انسان کی حقیقی زندگی تو وہاں شروع ہوتی ہے جب وہ مرتا ہے۔ قبر میں اتارا جاتا ہے امام جعفر صادقؑ نے ایک قبر پر بیٹھ کر فرمایا کہ ----- " کتنی فکر کرنی چاہیں اس (آخرت کی ہمیشہ رہنے والی) زندگی کے لئے جسکا ابتدائی دن یہ (قبر میں اترنا ہے) اور اپنا دل پھیر لینا چاہئے اس (دنیا کی ختم ہو جانے والی) زندگی سے جسکا آخری دن یہ (قبر میں اترنا اور مادیت کا خاتمہ) ہے --- "

بقول شاعر فنا کا راز کھلا ہے بقا کی منزل پر
میرے کمال کا نکتہ میرے زوال میں تھا

پروپیگنڈا کیا جارہا ہے کہ " ان کے وسیلے سے دعائیں مانگنا شرک و بدعت ہے۔ سب جان رہے ہیں کہ عشق رسولؐ ہی اصل طاقت ہے۔ یہی وہ طاقت ہے جس نے آج تک ملت اسلامیہ کا دفاع کیا اور حفاظت کی۔ یہی وہ طاقت ہے جس نے آج تک مسلمانوں کو متحد رکھا ہے۔ یہی روحانی طاقت ہے جو ایٹم بم کی طاقت سے زیادہ طاقت ور ہے۔ ایسی طاقت نہ عیسائیوں کے پاس ہے اور نہ یہودیوں کے پاس۔

آپ تھوڑا سا غور کریں --- نبی کریمؐ کے روضہ مبارک کو دیکھئے۔ لاکھوں آتے ہیں

کیوں؟ عشق ہے۔ عشق روحانی۔ یہاں نورانیت ہے یہ انبیائے خدا کے گزرنے کا اور فرشتوں کے اترنے کا مقام ہے۔ یہیں سے انقلاب اور اتحاد کا درس ملتا ہے۔ روحانی پیاس یہیں سے بجھتی ہے' علوم کے دریا یہیں سے شروع ہو کر یہیں ختم ہوتے ہیں' ہدایت کا سورج یہیں سے طلوع ہوتا ہے' جہاد کی تلوار یہیں سے بلند ہوتی ہے' یہیں سے شہادت کا درس ملتا ہے' ظلم کے خلاف احتجاج اور بغاوت کا علم یہیں سے بلند ہوتا ہے' سوالوں کے جواب یہیں سے ملتے ہیں' مظلوموں کی حمایت یہیں سے کی جاتی ہے' قیادت یہیں ہے' مرجعیت و رہبریت کے تمغے یہیں سے عطا کئے جاتے ہیں' جود و سخاوت کے چشمے یہیں سے ابلتے ہیں' عبادت الٰہی کا عملی نمونہ یہیں نظر آئیگا' دین یہیں ہے' سیاست یہیں ہے اور آخرت کی فکر یہیں سے ملتی ہے۔ اب سازش کا نہایت باریک جال بنا گیا۔ سوچ بچار کے بعد حملہ کیا گیا کہ قبروں پر جانا شرک ہے' سورۂ فاتحہ اور نذر بدعت ہے۔ خمس و زکوٰۃ کے خلاف تبلیغ کی گئی۔ ارے یہ تو تمہارے خون پسینے کی کمائی ہے یہ تو مولوی کھا جائیں گے ان کو نہ دینا کیونکہ دیکھ رہے تھے کہ لاکھوں روپیہ خمس مجتہد دین کی حفاظت اور اشاعت کے لئے خرچ کرتا ہے' غریبوں' بیواؤں اور یتیموں کی کفالت کی جاتی ہے اور چودہ سو (۱۴۰۰) سال کے بعد جب ظاہراً ہادیؑ نہ رہے اور زمانے کا رہبر ظاہراً غائب ہے تو دین کو کمزور ہونا چاہیے' لیکن لوگوں کی تعداد تو کم ہونے کے بجائے زیادہ ہو رہی ہے اب رہبریت' مرجعیت اور نظام ولایت فقیہ کے خلاف تبلیغات کی گئیں لیکن دیکھے کہ خدا کیا کہہ رہا ہے۔

—— "پھر ان کو زلزلے نے پکڑا اور وہ صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔" (الاعراف ۷۸)

جب حضرت صالحؑ واپس آئے تو زلزلہ دیکھا اور بولے۔

فقال یقوم لقد ابلغتکم رسالۃ ربی ونصحت لکم ولکن لا تحبون النصحین ٥

—— اے میری قوم میں تم تک اپنے رب کا پیغام پہنچا چکا اور میں نے تمہاری بھلائی چاہی لیکن تم بھلائی چاہنے والوں سے محبت نہیں کرتے ہو" —— (الاعراف ۷۹)

جب جناب صالحؑ پلٹ کر آئے اور یہ حالت دیکھی تو کہا کس نے کہا اس قوم سے جو مردہ ہے۔ زلزلے میں دفن ہو گئی ہے وفقال یقوم —— اے میری قوم" - لقد ابلغتکم رسالۃ ربی ونصحت لکم - میں نے تم تک اپنے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور ولکن لا تحبون - اور

تمہارا بھلا چاہا مگر تم اچھائی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے' انکی بات نہیں سنتے اور ان سے دشمنی کرتے ہو۔ خدا کا نبی کس سے باتیں کر رہا ہے جو مردہ ہیں نبی کا فعل غلط نہیں ہو سکتا۔ قرآن حق ہے' حق کی طرف دعوت دیتا ہے' اور حق باتیں بتاتا ہے' یہ واقعہ نقل کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ روح انسان متوجہ ہوتی ہے سنتی ہے قرآن نبی کی مردہ کافروں سے گفتگو نقل کر رہا ہے۔ سورۃ الاعراف میں آگے ارشاد ہوا کہ

—— "پھر ان کو پکڑا زلزلے نے اور وہ صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے اور وہ لوگ جنھوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا تو زلزلے نے ان کو ایسا کر دیا گویا وہ کبھی وہاں تھے ہی نہیں اور جنھوں نے شعیب کو جھٹلایا وہ نقصان والے ہیں۔ پس جب شعیبؑ واپس آئے اور کہا کہ اے میری قوم۔ میں نے تم تک اپنے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور تمہارا بھلا چاہا۔۔ اسکے بعد کا جملہ سنئے۔

فکیف اسی علی قوم کافرین ۔

تو اب میں قوم کافر کے مرنے پر کیا غم کروں؟ (سورۃ الاعراف ۹۱ ۹۲ ۹۳ )

ہم موت کو فنا خیال کر رہے ہیں۔ موت تو ایک پل ہے جو دنیا اور آخرت کا رشتہ جوڑتی ہے۔ اور آدمی موت کا پل پار کر کی آخرت کی ہمیشہ رہنے والی دنیا میں داخل ہو جاتا ہے۔ نبی مردوں سے بات کر رہا ہے تو جب مسلمان نبیؐ سے باتیں کریں تو وہ کیوں نہیں سنیں گے۔

## دنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے۔

ہم قبر میں وقت دفن مردے کو تلقین کرتے ہیں کہ ۔ "بے شک موت حق ہے" حق کو کبھی فنا نہیں ہے۔ حق کبھی مر نہیں سکتا ہے۔ حق کے راستے پر حق کے لیے جان دینا شہادت ہے۔ لہٰذا خدا نے کہا کہ خبردار انھیں مردہ نہ کہنا جو خدا کی راہ میں قتل ہو جائے ۔ وہ شہید ہے زندہ و جاوید ہے وہ بقا کی منزل پر ہے تم اسکی "زندگی" کی حقیقت نہیں پاسکتے یہ شیطان ہے جو دنیا کی محبت پیدا کرتا ہے اور کہتا ہے کہ موت کے بعد تو سب ختم ہو جائے گا' موت تو خاتمے اور فنا کا نام ہے۔ امام معصومؑ کا ارشاد ہے کہ

حب الدنیا راس کل خطیئہ

دنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے"

یہی محبت موت کے پاکیزہ مقصد اور مطلب کو تبدیل کر دیتی ہے موت کے چہرے کو مسخ کر دیتی ہے قرآن کہہ رہا ہے کہ نبیؐ مردوں سے بات کر رہا ہے۔ جب کافر مرنے کے بعد نبی کی بات سن سکتا ہے تو پھر نبی قبر میں جا کر ہماری بات کیوں نہیں سن سکتا ہے؟ لہذا ضروری ہے کہ دنیا کی محبت سے دل کو پاک کیا جائے ورنہ ہم آخرت کی زندگی سے غافل ہو جائیں گے اور اپنے بچوں کی تربیت بھی ایسی کرنی چاہیے کہ وہ موت سے خوف زدہ ہونے کے بجائے موت سے محبت کریں۔

## قرآن کا انداز نصیحت۔

عزیزان گرامی ــــ کل ہم بات کر رہے تھے کہ " قرآن کا انداز نصیحت کیسا ہے؟"۔ قرآن کیسے اور کن باتوں سے نصیحت کرتا ہے آج۔ کل ہم نے بتایا تھا کہ قرآن اگر کسی کو برا کام نہ کرنے کا حکم دیتا ہے اور منع کرتا ہے تو اس کی دلیل دیتا ہے' وجہ بتاتا ہے اور نقصانات گنواتا ہے اور اگر کسی کام کی تعریف کرتا ہے' کسی کام کو کرنے کا حکم دیتا ہے تو اسکے فائدے بتاتا ہے اور دلیل دیتا ہے۔

قرآن کہہ رہا ہے کہ نصیحت کرو تو پیار و محبت سے کرو۔ بچے کو محبت دو۔ اسے ذہنی مریض نہ بناؤ اب دیکھئے اسلام کے پاس تمام مسائل کا حل ہے مگر ہم رجوع نہیں کرتے ہیں۔ قرآن بتا رہا ہے مگر ہم ترجمہ پڑھتے ہی نہیں جبکہ ترجمہ پڑھنا بہت ہی ضروری ہے اسکا ثواب بہت زیادہ ہے۔ قرآن میں ہے کہ افلا تعقلون۔ "تم عقل استعمال کیوں نہیں کرتے ہو" ــــ؟

حدیث ہے کہ صرف وہی قرءات قرآن فائدہ دینے والی ہے' ثواب صرف اسی کا ہے جسمیں غور و فکر بھی ہو اور جسکے ساتھ ترجمہ بھی پڑھا گیا ہو ــــ"

آیئے قرآن سے رجوع کرتے ہیں۔ قرآن اٹھایئے قرآن بتا رہا ہے کہ اگر بچہ بد تمیز ہو سخت دل ہو تو اسے نصیحت کرنے کے کیا طریقے ہیں۔ اسکی تربیت کے کیا اصول ہیں؟ قرآن نے مثال دی ــــ "خدا نے حضرت موسیٰؑ کو جنہوں نے خدا سے کلام کیا' حکم دیا کہ "اے موسیٰ جاؤ فرعون کے پاس جس نے سرکشی اختیار کر رکھی ہے' اسے نصیحت

کرو' اس سے نرم بات کرو شاید اس کا دل نرم ہو جائے' وہ سوچے اور خدا کو یاد کرے۔ یا اسمیں خوف خدا پیدا ہو'۔۔۔ (طہٰ ۴۳ ۴۴) یعنی فرعون جیسے ظالم شخص سے بھی سختی سے بات نہ کرنا نصیحت نرم زبان میں کرنا۔ کیونکہ نرمی کی نصیحت اثر کرتی ہے۔ ہماری اولاد تو فرعون سے زیادہ بری تو نہیں کہ ہم انہیں دو تھپیڑ لگا کر کہیں کہ "ابے چل یہ کام کر" رسول اللہؐ فرماتے ہیں کہ "اپنے بچوں کی عزت کرو اور انکا احترام کرو" موسیٰ فرعون کو دیکھ کر غصہ نہ کرنا۔ پیار اور نرمی سے بات کرنا۔ کہنا کہ مالک

رب شرح لی صدری ویسرلی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقھو قولی

۔۔۔ میرے مالک میرا سینہ کھول دے اور میرے کاموں کو آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔۔۔ (سورۃ طٰہٰ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸)

میرے مالک۔۔۔ جب میں نصیحت کروں تو شیطان غالب نہ آئے۔ غصہ نہ آئے۔ اگر شیطان غالب آگیا تو میں ہدایت جیسا پاکیزہ اور ثواب والا کام نہیں کر سکوں گا۔ مجھے قوت دے کہ میں شیطانی طاقتوں کا مقابلہ کر سکوں۔ عربی میں "شرح صدر"۔۔۔ کے معنی بہت وسیع ہیں۔ یعنی سینے کا کھلنا۔ شرح صدر والا انسان "دریا دل" ہوتا ہے ہدایت کرنے والے کا دل بہت وسیع ہوتا ہے کہ وہ ہر طرح کی بری اور کڑوی کسیلی باتوں کو پی جاتا ہے اپنے دریا میں چھپا لیتا ہے۔ کوئی نجس بھی آئے تو اسے پاک کر دیتا ہے۔ لہٰذا والدین کے لئے بہت ضروری ہے کہ وہ "شرح صدر" کی دعا کریں۔ میرے مالک گندے خیالات سے نجات دے۔ میرے مالک غصے سے نجات دے۔ میرے مالک زبان میں ایسی تاثیر دے کہ بچے پر نصیحت کا اثر ہو سکے۔

## غصہ۔ برائیوں کی چابی ہے۔

مثلاً مولانا کسی گاؤں میں تبلیغ کرنے گئے تاکہ لوگوں کو نیکی کی ہدایت کریں' برائیوں سے روکیں۔ بڑی مشکلات کا سامنا کر کے خاک و دھول میں اٹے ہوئے مولانا گاؤں پہنچے۔ حالت بری' پیاس سے زبان باہر' پسینے کی بدبو' سر پر سوا نیزے کا سورج اور گاؤں کی گرم ہوا۔ اب بیچارے گاؤں والے ہیں ان پڑھ جاہل۔ اب وہ عزت کیا جانیں؟ مولانا کی عزت و احترام جیسے ان کے خود کے خیال میں خاک تھا۔۔۔ اسکے مطابق نہیں ہوئی سخت

برھم ہوئے۔ ارے بھئی تبلیغ کرنے آئے ہیں فوراً خیال آیا چپ رہے۔ دل پر پتھر رکھ لیا خیر صاحب مہمان ہوئے نہائے دھوئے۔ تیار ہوئے۔ دوپہر کا کھانا آیا ارے یہ چنے کی دال اور سبزی — ارے ہم تو مرغی کھاتے ہیں۔ مرچ اتنی زیادہ۔ ارے کم از کم پانی تو ٹھنڈا لادو۔ مولانا تبلیغی دورے پر نکلے ہیں 'قوم کو ہدایت کریں گے۔ غصہ ناک کی نوک پر ہے ایسے میں کیا ہدایت کریں گے اور جو کچھ کہیں گے لوگوں پر اسکا کیا اثر ہوگا غصہ پینے کا حکم دیں گے جبکہ لوگ خود انکے غصہ کا حال دیکھ رہے ہیں۔ مولانا گئے تھے کہ ثواب کما کر لائیں گے مگر الٹا گناہ کے بوجھ پیٹھ پر لاد کر لے آئے۔

آپ نے اندازہ لگایا کہ اگر غصہ ہے تو مولانا ہدایت نہیں کرسکتے۔ ماں باپ تربیت نہیں کرسکتے ہیں۔ امام جعفر صادق ؑ نے فرمایا کہ

الغضب مفتاح کل شر — غصہ تمام برائیوں کی چابی ہے

غصے کی حالت میں انسان پر شیطان اور نفسانی خواہشات کا غلبہ اور حکمرانی ہوتی ہے انسان اپنے خود کے کنٹرول سے باہر ہوتا ہے 'لوگوں کی توہین کرتا ہے' بے عزتی کرتا ہے 'گناہ کرتا ہے' غیبت کرتا ہے 'تہمت لگاتا ہے' قتل کرتا ہے 'زنا کرتا ہے' جھوٹ بولتا ہے 'ظلم کرتا ہے اور یہاں تک کہ خدا 'انبیاءؑ اور ائمہ دینؑ کا انکار کرتا ہے۔ ذرا غصہ کیا تو بس گناہوں کی بارش شروع۔ شیطان کے کمرے کا دروازہ کھل جاتا ہے 'بند کھل جاتا ہے' سیلاب آجاتا ہے 'اور انسان گناہوں میں ڈوب جاتا ہے۔ چند منٹ کا غصہ اور احسان جتانا سالوں کی عبادت اور ریاضت کو ضائع کر دیتا ہے۔ مثلاً آپ نے یتیم کو پالا۔ اب کسی بات پر غصہ آگیا تو کہا "ارے میں نے تم کو (۳) تین سال پالا پوسا ہے اور تم میرا کہنا نہیں مانتے ہو" ۔ آپ نے ادھر یہ جملے ادا کئے اور آپکی محنت اور عبادت ضائع ہوگئی۔ امام کا قول مبارک ہے کہ — "کسی یتیم کی پرورش کرنا عظیم عبادت ہے لیکن کسی یتیم محمدؐ و آل محمدؐ جس تک ہماری ہدایت نہ پہنچی ہو — ہماری باتیں اور ہدایت پہنچانا بہت ہی عظیم عبادت ہے" کسی کے ماں باپ مرجائیں اور اسکی پرورش کی جائے تو یہ عبادت عظیم ہے ہی لیکن وہ یتیم جس تک محمدؐ و آل محمدؐ کی ہدایت نہیں پہنچی اس تک ہدایت پہنچائی جائے تو یہ اس سے عظیم عبادت ہے۔ حقیقتاً وہ یتیم وہی ہے جو ہدایت یافتہ نہیں۔ اسلام ہماری توجہ ظاہر کے ساتھ ساتھ باطن کی طرف روح کی طرف 'حقیقت کی طرف اور اصلی جوہر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہے۔ قرآن احسان

جتانے کے بارے میں کہہ رہا ہے کہ

یا ایھالذین امنو لا تبطلو صدقتکم بالمن ولاذہ

۔۔۔۔"اے ایمان والو۔ اپنے صدقات کو احسان جتا کر اور اذیت کر کے ضایع مت کرو" (البقرہ ۲۶۴)

نہ کسی کو جسمانی اذیت دو اور نہ روحانی۔۔۔ آپ نے وہ جملہ تو سنا ہو گا کہ "تلوار کا زخم تو بھر جاتا ہے لیکن زبان کا زخم نہیں بھرتا ہے۔۔۔۔" کیونکہ روح کو زخم لگتا ہے' دل زخمی ہوتا ہے' کسی کا دل نہ دکھائیں۔ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ اس عمل سے انسان کے اعمال باطل ہو جاتے ہیں۔ خدا کہہ رہا ہے کہ لاتبطلو۔ باطل نہ کرو۔ ضایع مت کرو۔ اپنے لئے کرائے پر پانی مت پھیرو۔ اگر اعمال ضایع ہو گئے تو بس خاک ہی اڑاتے رہو گے ہاتھ کچھ نہ آئے گا۔

## احسان جتانے کا انجام

کہتے ہیں کہ پچھلے زمانے میں ایک بہت عبادت گزار شخص تھا' رات رات بھر عبادت کرتا تھا مگر اس کے ساتھ ساتھ مغرور تھا۔ یعنی عبادت صرف ظاہری اور نام کی کرتا تھا۔ "وہ عبادت جو انسان کو غرور میں مبتلا کر دے' وہ عبادت جس کو بجالانے کے بعد انسان دوسروں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھے وہ عبادت نہیں بلکہ شیطان کی خدمت ہے۔ وہ اپنے آپ کو بہلا رہا ہے وہ سراب کو حقیقت سمجھ رہا ہے" وہ شخص جتنی عبادت کرتا تھا اتنا ہی متکبر ہوتا جاتا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ خدا پر احسان رکھتا تھا۔ اے خدا میں تیری عبادت کرتا ہوں لہٰذا مجھ پر اپنی رحمتیں زیادہ کر۔ میں تیرا حقیقی عبادت والا بندہ ہوں لہٰذا مجھے عزت دے۔

اس قسم کے شیطانی خیالات اس کے ذہن میں تھے۔ اب خدا نے اسکا امتحان لینا چاہا اور چاہا کہ یہ اپنی حرکات سے باز آجائے ایک مرتبہ وہ صحرا سے گزر رہا تھا راستے میں جتنا پانی ساتھ تھا وہ سب ختم ہو گیا۔ صحرا کی شدید گرمی میں چلتے چلتے اس کا برا حال ہو گیا اور گر پڑا۔ خدا نے ایک فرشتے کو انسان کی شکل میں بھیجا۔ اس فرشتے کے پاس مشکیزہ ۔ اب جو اس عابد نے پانی والے کو دیکھا تو کہا "مجھے پانی پلا دو میں مرنے والا ہوں"۔ س فرشتے نے کہا۔۔۔ "اس پانی کی قیمت دو گے؟" اس عابد نے کہا کہ۔۔۔ "میں تمہیں

اپنی زندگی کی آدھی عبادت بخشتا ہوں مگر مجھے ایک گلاس پانی دے دو"۔اس فرشتے نے اس عابد کو ایک گلاس پانی پلادیا اور چلا گیا۔پانی پی کر اسکی جان میں جان آئی اور اس نے سفر دوبارہ شروع کردیا۔زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ پیاس سے اسکا برا حال ہوگیا اور یہ گرمی کی وجہ سے گر پڑا۔اب دوبارہ وہی فرشتہ نظر آیا تو اس عابد نے وہی التجا کی۔فرشتے نے جو انسانی شکل میں تھا، کہا کہ "اس پانی کی کیا قیمت دو گے؟" اس متکبر اور احسان جتانے والے عابد نے کہا کہ ---"بقیہ عبادت بھی دیتا ہوں مگر ایک گلاس پانی پلادو"۔اس نے ایک گلاس پانی پلادیا۔جب یہ پانی پی چکا فرشتے نے کہا کہ "ہائے افسوس تجھ پر اور تیری عبادت پر --- کہ تیری عبادت کی قیمت صرف دو (۲) گلاس پانی ہے اور تو ان حقیر عبادات کی وجہ سے غرور کرتا ہے اور خدا پر احسان رکھتا ہے"۔یہ کہہ کر فرشتہ غائب ہو گیا۔

عزیزان گرامی --- آپ نے دیکھا کہ احسان جتانا کتنا بڑا گناہ ہے انسان کے سارے اعمال باطل ہو جاتے ہیں، ہتھیلی پر رکھی مٹی کی مانند۔جسکے اڑنے کے بعد ہتھیلی میں کچھ باقی نہیں رہتا ہے۔لہٰذا احسان جتا کر اپنے اعمال کو ضایع مت کریں بلکہ خدا سے ہمیشہ ---"اور"--- کی خواہش کریں۔اپنی عبادات کو بھول کر اپنی غلطیوں اور گناہوں کو یاد رکھیں۔رسول اسلامؐ نے شمعون نامی شخص کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ۔"اے شمعون تمہارے پاس شیطان آکر کہے گا کہ تمہاری عبادات تو بہت زیادہ ہیں اور اسطرح تم کو غرور میں مبتلا کرے گا تو تم شیطان سے کہنا کہ میری عبادات سے زیادہ میرے گناہ اور غلطیاں ہیں ---" آپ دعا کریں کہ خداوندا --- ہماری غلطیاں اور گناہوں کو ہماری اولاد میں منتقل ہونے نہ دے"

جس طرح اذیت اور احسان جتانا عبادت کو ضایع کرتا ہے اور تربیت اولاد میں مانع ہے اسی طرح اگر مزاج میں غصہ ہے تو ماں باپ اولاد کی تربیت صحیح انداز سے نہیں کرسکتے۔امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں کہ ---"جب انسان کو غصہ آتا ہے تو شیطان انسان کی رگوں میں داخل ہو جاتا ہے"غصے کی حالت میں انسان کا اپنے اعضاء سے کنٹرول ختم ہو جاتا ہے کیونکہ ہمارا کنٹرول روم "دماغ" شیطان کے کنٹرول میں ہوتا ہے۔اور جب شیطان کسی کو کنٹرول کرے تو بس اس کا تو خدا ہی حافظ ہے۔آپ خود بتایئے کہ غصے کی حالت میں انسان اپنی اولاد کو کیا نصیحت کرے گا؟ لہٰذا جب آپ نارمل ہو جائیں تب نصیحت کریں۔جب غصہ آئے تو سمجھ جایئے کہ خطرہ کی گھنٹی بج رہی ہے لہٰذا خاموش ہو جایئے اور نصیحت

نہ کریں۔ غصے سے بچنے کا کیا طریقہ ہے؟

## غصہ کا علاج

مجتہدین عظام اس بات کے قائل ہیں کہ حالت غصہ میں ذکر خدا کرنا واجب ہے۔ لہٰذا جب بھی غصہ آئے تو ذکر خدا فوراً شروع کر دیں۔ خدا سے معافی طلب کریں۔ خدا کی بڑائی بیان کریں۔ خدا کے غصے اور آخرت کے عذاب کو یاد کریں۔ امام ؑ نے ایک طریقہ بتایا کہ "جب بھی تم کو غصہ آئے تو اپنے آپ کو زمین سے مس کر دو۔ فوراً سجدے میں چلے جاؤ۔ کھڑے ہو تو بیٹھ جاؤ۔ لیٹ جاؤ۔ دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھ دو" اگر کوئی محرم ہے عورت ہو یا مرد ان کو ہاتھ لگانے سے غصہ ختم ہو جاتا ہے۔

## عملی تربیت زیادہ موثر ہے

کل ہم نے آپ کو پیغمبر اسلام ؐ کی ایک بہت ہی نورانی حدیث بیان کی تھی — پیغمبر اسلام (ص) نے ارشاد فرمایا کہ — "پہلے سال سے سات سال تک بچہ تمہارا سردار ہے سات سال سے چودہ سال تک بچہ تمہارا غلام اور چودہ سال سے اکیس سال تک بچہ تمہارا وزیر ہے"۔

اسمیں ہم نے عرض کیا تھا کہ — جس طرح آپ کو بچے کی خوراک اور لباس کی فکر ہوتی ہے اسی طرح آپ کو بچے کی روح کی غذا کی فکر ہونی چاہیے۔ پہلے سال سے سات سال تک تربیت کے دو طریقے ہیں۔ (۱) زبان سے۔ (۲) عمل سے۔

زبان کی نصیحت سے اتنا فائدہ نہیں ہو گا جتنا کہ عمل سے نصیحت کی جائے۔ مثلاً ایک بچہ ایک سبق زبانی یاد کرتا ہے تو اسے وہ یاد ہو جائے گا لیکن اگر وہی سبق بچے کو ڈرامے کی شکل میں عملی انداز میں دکھایا جائے گا تو وہ سبق اس کے ذہن پر نقش ہو جائے گا۔ عمل سے نصیحت کا بھی یہی حال ہے کہ وہ بچے کے ذہن پر نقش ہو جاتی ہے اگر ماں باپردہ رہتی ہے 'عزیزوں کے سامنے بھی پردے کا خیال رکھتی ہے' نامحرموں سے فالتو بات نہیں کرتی ہے تو یہ اولاد کے لئے بہترین تربیت ہے۔ شوہر کی خدمت کرتی ہے یہ بہترین تربیت ہے۔

تاریخ میں ایک بہت سخی انسان گزرے ہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ "آپ سخی

کیسے بنے"؟ اس سخی نے جواب دیا کہ — "ماں کی وجہ سے۔ جب میں مدرسے جاتا تھا تو مجھے دو درھم دے کر کہتی کہ "ایک درھم تیرے لئے اور ایک درھم فقیر کے لئے — اسطرح مجھے سخاوت کی عادت ہو گئی"۔ پیغمبر اسلام نے ارشاد فرمایا کہ —

السخی قریب من اللہ وقریب الجنۃ۔ البخیل بعید من اللہ

— سخی انسان اللہ اور جنت دونوں سے نزدیک ہے جبکہ کنجوس (بخیل) انسان اللہ سے بہت دور" — ایک حدیث کے مطابق — "دنیا کے سردار سخی ہیں اور آخرت کے سردار اہل تقویٰ ہیں —"

اگر ہماری تربیت سے ہمارے بچے میں سخاوت پیدا ہو جائے تو دیکھئے اللہ کی نگاہ میں اس کا رتبہ کتنا بلند ہے۔

پیغمبر اسلامؐ نے حاتم طائی کی بیٹی کا احترام کیا جبکہ وہ مسلمان نہیں تھی اور نہ اس کا باپ۔ فقط باپ کی سخاوت کی وجہ سے اس کا احترام کیا لیکن اگر کوئی خاتون غیبت کر رہی ہے جیسا کہ عموماً خواتین میں عادت ہوتی ہے کہ دوسری خواتین کی کثرت سے غیبت کرتی ہیں اور لگائی بجھائی میں ایکسپرٹ (ماہر) ہوتی ہیں۔ (ارے بھائی یہ ہنسنے کا مقام نہیں رونے کا مقام ہے۔ ہم ابھی مردوں کی طرف بھی آتے ہیں)۔ اب اگر بیٹی کے سامنے ماں غیبت کر رہی ہے تو بچی کی غلط تربیت ہو رہی ہے۔ مثلاً آپ اپنے بچے کو انسان کا گوشت کھلائیں اور خون پلائیں تو بچہ ایک آدم خور درندہ بنے گا۔ ماں اولاد کے سامنے غیبت کر کے اسے وحشی درندہ بنا رہی ہے۔ لیکن غیبت کی محفل میں سے ماں اٹھ کر چلی جائے تو یہ عمل بچی کے ذہن پر نقش ہو جائے گا۔ ایک مرتبہ حضرت فاطمہؑ خواتین کے ساتھ بیٹھیں تھیں۔ خواتین نے غیبت شروع کی تو حضرت فاطمہؑ وہاں سے اٹھ گئیں — "اگر یہ واقعہ بتایا جائے تو اب بچی غیبت نہیں کرے گی۔ دلیل دیں۔ نقصانات بتائیں۔ عذاب بتائیں (ہم نے ایک کتاب میں پڑھا کہ اب ایران کے اسکولوں میں اب ڈرائینگ کے مضمون میں صرف پھول، پھل اور پتیاں نہیں بنوائی جاتیں بلکہ بچوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ خاردار تاروں میں گھرا ہوا القدس (قبلہ اول) بنائیں۔ باپردہ لڑکی کی تصویر بنائیں۔ کربلا کے راستے پر جاتا ہوا سپاہی بنائیں۔ مسجدیں بنائیں۔ اب مائیں اپنے بچوں کو لوریاں نہیں دیتیں بلکہ انقلابی مائیں اپنے بچوں کو داستان کربلا سناتی ہیں۔ علی اصغر، قاسم، عون و محمد اور سکینہ اور مسلم بن عقیل کے یتیموں کے واقعات سناتی

ہیں۔ ٹارزن کی کہانی کے بجائے حضرت علیؑ، حضرت عباسؑ اور امام حسینؑ کی بہادری کے بے مثال قصے سناتی ہیں)۔ ماں کا ہر عمل اولاد کے لئے تربیت ہے۔ اب اس کے بچے نے دیکھا کہ ماں ہر کام سے زیادہ نماز کو اہمیت دیتی ہے اور جب وقت نماز آتا ہے تو سب کام چھوڑ دیتی ہے۔

اگر باپ خود دن بھر سگریٹ پیتا ہے تو یہ بچے کے لئے ناسور ہے جسمانی اور روحانی دونوں طور پر۔ ایک تو بچے کو فضول خرچی کی عادت ہوگی دوسرے دھوئیں سے اس کا بھی جسمانی نقصان ہوگا۔ اب اگر باپ آدھی رات تک وی۔ سی۔ آر پر فلمیں دیکھ رہا ہے، گانے سن رہا ہے اور نتیجتاً اخلاق خراب ہو رہے ہیں اور صبح کی نماز قضاء ہو رہی ہے، تو یہ بچے کے لئے زہر قاتل ہے۔ لیکن اگر باپ نماز فجر کی پابندی کرتا ہے، بیوی بچوں سے پیار کا سلوک کرتا ہے تو یہ بچے کی بہترین تربیت ہوگی۔ والدین اگر بچے کی صحیح تربیت کرتے ہیں تو تاریخ کے مطابق۔ جناب زہراؑ ان کو اپنا بچہ کہتی ہیں۔

شیخ مفید علیہ الرحمہ ایک بہت بڑے عالم بزرگ گذرے ہیں۔ ایک رات عالم خواب میں انھوں نے دیکھا کہ کالی چادر میں ایک عورت ہے اور کہتی ہے کہ "اے شیخ۔ میں نبیؐ کی بیٹی فاطمہؑ ہوں" شیخ مفید نے یہ سنا اور احترام میں کھڑے ہو گئے۔ حضرت فاطمہؑ کے دونوں جانب بچے ہیں جنکا انھوں نے ہاتھ تھام رکھا ہے۔ حضرت فاطمہؑ نے کہا کہ۔ "یہ بچے لیکر آئی ہوں ان کو قرآن و اہلبیتؑ کا علم سکھاو"۔

اب شیخ مفید کی آنکھ کھل گئی اور وہ رونے لگے۔ اب جو رات خواب میں واقعہ دیکھا وہی صبح ہوا۔ کالی چادر میں ایک خاتون دو (۲) بچوں کو لے کر آئی جیسے حضرت فاطمہ لے کر آئیں تھیں اور کہا کہ۔ "یہ میرے بچے ہیں ان کو قرآن و اہلبیتؑ کا علم سکھادو"۔ یہ دو (۲) بچے کون تھے؟"۔ ایک سید رضی دوسرے سید مرتضیٰ۔ جناب سیدہ ان دونوں کو اپنا بچہ کہہ رہی ہیں۔ بہترین تربیت صرف کردار ہی سے ممکن ہے۔ آپکی بہترین تربیت کی وجہ سے حضرت فاطمہؑ آپکے بچوں کو اپنے بچے کہہ دیں تو اس سے بڑھ کر کسی مومن کے لئے کوئی اور خوشی نہیں ہے۔ اگر ہم بچے کے سامنے گناہ کر رہے ہیں تو ہم دراصل بچے کی تباہی کے اسباب فراہم کر رہے ہیں۔ اسے ڈوبنے کے لئے سمندر دے رہے ہیں لیکن اگر یہی ماں باپ اولاد کے سامنے نیک اعمال انجام دے رہے ہیں، اولاد امانت الٰہی ہے اس میں خیانت گناہ عظیم ہے اور ناقابل معافی جرم ہے۔ آج جو معاشرہ گناہ اور تباہی و بربادی کی طرف بڑھ رہا ہے، فساد کی جانب گامزن ہے، شیطان کے راستے پر رواں دواں ہے،

آج گناہ فیشن ہے' لڑکیوں کو چھیڑنا اور تنگ کرنا مشغلہ ہے' داڑھی مونڈھنا فیشن ہے' داڑھی والے جوان کو بوڑھا کہا جاتا ہے' معاشرے کی رسم و رواج سب غیر اسلامی ہیں۔ ان کی واحد وجہ تربیت اولاد کا صحیح نہ ہونا ہے۔ اگر باپ بھی فیشن کی دلدل میں ہے تو بیٹا بھی وہی کرے گا' بے پردہ ماں میک اپ کر کے گھومتی ہے اب اسکی بیٹی حضرت زینبؑ کی ماننے والی تو نہیں بنے گی۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا معاشرہ اسلامی معاشرہ ہو اور زمانے سے برائیوں کا خاتمہ ہو جائے تو سب مل کر جہاد کریں' جدوجہد کریں' محنت کریں اور اپنے بچوں کی تربیت اسلامی انداز سے کریں۔

جب امام خمینی سلام اللہ علیہ کو گرفتار کیا گیا تو شاہ ایران نے امام خمینی سے کہا کہ "آپ حکومت کا تختہ الٹنا چاہتے ہیں تو آپکی فوج کہاں ہے' سپاہی کہاں ہیں"؟۔ امام خمینی نے اس وقت بہت نورانی جملہ کہا کہ ـــ "میرے سپاہی ماؤں کی گودوں میں دودھ پی رہے ہیں" ـــــ انکی تربیت ہو رہی ہے۔ وہ بعد میں اسلام کے لئے جہاد کریں گے۔

## اسلامی تربیت کے سیاسی فوائد

ہم نے جو گناہ عظیم کیا ہے اور نسلیں برباد کی ہیں پوری صدی (سو ۱۰۰ سال) برباد نہیں کی بلکہ آنے والی تمام نسلوں کے قاتل ہم ہیں۔ لیکن اب جو بچہ آپکی گود میں ہے۔ اسے اچھا یا برا بنانا۔ حسینی یا یزیدی بنانا آپ کی تربیت پر منحصر ہے لیکن ماں باپ کا اچھا یا برا ہونا بچے کو اچھائی یا برائی کی طرف مائل کرتا ہے مجبور نہیں۔ اگر ہم نے ان بچوں پر توجہ دی تو پوری نسل کی تربیت اسلامی ہوگی' حسینیؑ ہوگی' علی اکبر و قاسم کی جیسی ہو گی تو ملک سے فتنہ و فساد ختم ہو سکتا ہے' اسلامی نظام نافذ ہو سکتا ہے' امریکہ اور امریکی نوکروں' خدمت گزاروں اور ایجنٹوں کو ملک سے باہر نکالا جا سکتا ہے' معاشرے سے برائیاں ختم کی جا سکتی ہیں۔ ملک و ملت کا سودا کرنے والے سیاستدانوں کو قتل کیا جا سکتا ہے' قوم پرستی کا نعرہ لگا کر ملک و ملت کے حصے بخرے کرنے والوں کی گرفت کی جا سکتی ہے۔ نیک اور متقی سیاست دان مل سکتے ہیں' ملک کا مستقبل دکھائی نہیں دیتا ہے۔ لہٰذا اگر ملک کو بچانا ہے' اپنی آخرت بنانی ہے تو اپنی اولاد پر توجہ دیجے۔ ان کی تربیت اسلامی احکام کے مطابق کریئے۔ ہر سیاستدان یہ کوشش کر رہا ہے کہ میں امریکہ کی تعریف میں بیان دوں' امریکی مفادات کا تحفظ کروں۔ ہماری سوچ کیوں بدل گئی۔ انگریزوں نے ایشیا میں آکر یہ مسلمانوں کی برین واشنگ کیوں کی۔ اس کے کیا مقاصد

تھے؟۔ اس لئے کہ ہم اسلام حقیقی سے دور ہو جائیں۔ ان سالوں میں جب برطانیہ کا حکم چلتا تھا برِ صغیر پر تو اسلام کے حقیقی چہرے کو مسخ کیا گیا۔ اسلامی تعلیمات اس انداز سے پیش کی گئیں اسلام کا معاشرے اور اس کی ہدایت سے کوئی تعلق نہیں۔ قرآن کا ہدایت' سیاست اور حکومت اسلامی سے کوئی رشتہ نہیں۔ اہلبیت تو اللہ والے بندے تھے ان کا گھر تھا۔ انہیں سیاست سے کیا کام؟ اسلام حقیقی کو اتنا بگاڑ کر پیش کیا کہ اگر کبھی اسلام اصلی چہرے میں آئے تو مسلمان اسے پہچان نہ سکیں۔ تقویٰ کا تصور ہی ختم کر دیا گیا۔ جو متقی ہو وہ ہی سیاست اور حکومت کرنے کے قابل ہے لیکن چونکہ تقویٰ کو ختم کر دیا گیا جسے چاہو ووٹ دو ——— امریکہ میں تو گدھوں کو بھی ووٹ دیا جاتا ہے ——— قرآن کہہ رہا ہے کہ

ان الارض یرثها عبادی الصالحون

——— زمین پر مالک میرے نیک بندے ہونگے" (الانبیاء ۱۰۵)

خدا کہہ رہا ہے کہ حکومت کا حق صرف خدا کے نیک بندوں کو ہی ہے۔ اب اگر آپ نے کسی ظالم کو ووٹ دیا اور وہ منتخب ہونے کے بعد جتنے گناہ کرے گا ان سب میں آپ شریک ہوں گے۔

## ظالم کا ساتھ دینے والا اس کے ظلم میں برابر کا شریک ہے۔

آیت اللہ مرتضٰی مطہری شہید اپنی کتاب داستان راستان' (سچی کہانیاں) میں ایک واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ——— امام موسیٰ کاظمؑ کے زمانے میں ایک عاشق امام کی خدمت میں پہنچا تو امام نے اس سے اچھے طریقے سے ملاقات نہیں کی۔ پوچھا "مولا کیوں ناراض ہیں"۔ کہا۔ "تو ظالم کا ساتھی ہے تو ہارون رشید کا ساتھی ہے لہٰذا تیرا ٹھکانہ بھی وہیں ہو گا جہاں ہارون کا ٹھکانہ ہو گا" ——— اس شخص نے جس کا نام غالباً صفوان جمال ہے 'امام سے پوچھا کہ "مولا میری کیا خطا ہے؟" ——— "تو نے ہارون کی مدد کی ہے تو نے اپنے اونٹ ہارون کو کرائے پر دیئے ہیں" وہ شخص اونٹوں کو کرائے پر دینے کا کاروبار کرتا تھا۔ اس نے کہا کہ

—"مولا میں نے ہارون کو اونٹ کسی برے کام کے لئے نہیں دیئے بلکہ وہ حج پر جارہا تھا اس لئے میں نے اونٹ دیئے ہیں" — امامؑ نے پوچھا کہ — "کیا ہارون نے رقم پوری ادا کی ہے یا آدھی" اس شخص نے جواب دیا کہ — "مولا رقم آدھی دی ہے اور آدھی رقم حج کے بعد واپسی پر ادا کرنے کو کہا ہے" — امامؑ نے کہا کہ — "تیری آدھی رقم ہارون کے پاس ہے۔ اب تیرے ذہن میں یہ خیال تو آتا ہوگا کہ ہارون خیریت سے آجائے تو بقیہ رقم بھی مل جائے گی" — اس شخص نے کہا کہ۔ "ہاں مولا آتا تو ہے"۔ اب امامؑ نے فوراً کہا کہ ظالم کے لئے اتنا سوچنا کہ وہ خیریت سے واپس آجائے تو یہ بھی اس کے ظلم میں برابر کا شریک ہونا ہے"۔ چند لمحات کے لئے ظالم کی خیریت کی تمنا کرنا یہ بھی بڑا ظلم ہے۔ مگر ہم تو ملک وملت کے دشمنوں کو ووٹ دے رہے ہیں' انکی حمایت کر رہے ہیں' اگر ہم نے غیر مستحق انسان کو ووٹ دیا تو ہم اسکے گناہ میں شریک ہیں۔ قرآن کہتا ہے کہ

"اور جو کوئی اللہ کے قانون کے مطابق حکومت نہ کرے۔ پس ایسے ہی لوگ ظالم ہیں"۔ (سورۃ المائدہ ۴۴)

۴۵ویں آیت میں هم الظالمون اور ۴۷ویں آیت میں هم الفاسقون کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

اب جو کوئی بھی امریکہ یا روس کے نظام کے مطابق حکومت کرے تو وہی کافر ظالم اور فاسق ہے۔ جو صاحب اقتدار ہو اور اسلامی نظام کو نافذ نہ کرے بلکہ برطانیہ کا نظام چلائے انگریزوں کی عدالت کے مطابق فیصلے دے تو ایسے ہی لوگ کافر' ظالم اور فاسق ہیں۔ اگر ہم اپنی لیڈری شہرت اور دنیاوی فائدے کی وجہ سے ووٹ دے رہے ہیں گناہگار لوگوں کو تو ہم ان کے گناہوں میں برابر کے شریک ہیں۔ بس وہ ہماری پارٹی کا حامی ہے۔ وہ میرا گہرا دوست ہے ہم تو اسی کو ووٹ دیں گے اگر اس کی پارٹی برسر اقتدار آگئی تو کیا ہمارے بچوں کی اسلامی تربیت کرے گی؟ کیا ملت کو گناہوں سے بچائے گی؟ کیا وہ آکر رشوت کم کرے گی؟ کیا معاشرے سے بدکاری اور بے پردگی کا خاتمہ کرے گی؟ کیا دنیا کے ساتھ ہماری آخرت بھی بہتر کرے گی؟ افسوس ہم نے ووٹ دیتے وقت آخرت اور قیامت کے پہلو کو نہیں دیکھا۔

یہی انگریز چاہتا ہے' یہی یہود چاہتا ہے کہ ہم صرف دنیا پر نظر رکھیں' دنیاوی فائدوں کی فکر کریں اور قبر و قیامت کو بھول جائیں۔ جو آخرت کے لئے کام کرتا ہے خدا سے دنیا

بھی دیتا ہے اور آخرت بھی۔ مولا علیؑ نے فرمایا کہ ـــــ "تم آخرت کی فکر کرو دنیا خود بخود ذلیل ہو کر تمہارے پاس آئے گی" ـــــ اور جو دنیا کے لئے فکر کرتا ہے اسے نہ دنیا ملتی ہے اور نہ آخرت اور حدیث کے مطابق ـــــ "خدا اس کے تمام کام بگاڑ دیتا ہے۔"

حسینؑ کربلا میں آکر بتا رہے ہیں اے انسانوں دیکھو اپنی آخرت کی بھی شدید فکر کرنا۔ حسینؑ نے بتایا کہ یزیدی صفات رکھنے والے انسان کو حکومت کا حق نہیں ہے بلکہ اللہ کے نیک بندے کو ہی حکومت کا حق ہے۔ حسینؑ کسی ظلم کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں اس کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں

بڑھتے بڑھتے بات جب اصول دین تک آ گئی
اور یزیدیت کی شکل میں عروج پا گئی
بڑھ کے پھر دلیر نے، شیر حق کے شیر نے
بخدا حسین نے دین کو بچا لیا

حسینؑ کا قیام فقط اللہ کے لئے تھا آخرت کے لئے تھا لہٰذا تا قیامت دنیا ذلیل ہو کر حسینؑ کے پاس رہے گی، حسین کے در پر دنیا بھیک مانگے گی۔ اب قیامت قیامت تک حسینؑ کا تذکرہ ہو گا اور ہاں یزیدی فوج جس نے دنیا کے لئے، مال و دولت کے لئے، دنیاوی شہرت کے لئے، ابن زیاد اور یزید کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے حسینؑ سے، اللہ کے نمائندے اور حجت خدا سے جنگ کی۔ اسے شہید کیا جسے فاطمہ زہراؑ نے محنت کر کے چکیاں پیس پیس کر پالا تھا۔ جس کی رگوں میں علی مرتضیٰؑ کا خون دوڑ رہا تھا۔ ہاں مظلوم کی مظلومانہ شہادت پر نبیؐ نے گریہ کیا ہو گا، علیؑ غمگین ہوئے ہونگے اور فاطمہ زہراؑ کا جگر زخمی ہوا ہو گا

الا لعنۃ اللہ علی القوم الظالمین

خداوند عالم ہم سب کو اولاد کی اسلامی تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ وہ دنیا کے ساتھ دین کی بھی فکر کریں اور ہم سب کو توفیق دے کہ ہم اپنے ملک کو امریکی ایجنٹوں سے پاک کر سکیں۔ خداوندا عزاداری حسینؑ کی حفاظت فرما۔

ـــــ "خدایا ـــــ خدایا ـــــ تا انقلاب مہدیؑ" ـــــ از نہضت خمینی ـــــ محافظت بفرما"

# پانچویں مجلس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالی فی القران الحکیم

من قتل نفسا بغیر نفس او فساد فی الارض فکانما قتل الناس جمیعا ط

ومن احیاھا فکانما احیا الناس جمیعا۔

—— جس نے ایک نفس کو بے گناہ قتل کیا یا زمین میں فساد کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ کیا۔—— (المائدہ ۳۲)

معزز سامعین—— قرآن ایک عظیم الہٰی کتاب ہے خود قرآن کا ارشاد ہو کہ

ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین ۔

"اور نہ کوئی تر ہے اور نہ کوئی خشک جو اس کھلی (واضح) کتاب میں نہیں ہے۔—" (الانعام ۵۹)

## قرآن ہدایت ہے

امام خمینی سلام اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ—— "قرآن انسان ساز کتاب ہے—" "قرآن انسان بنانے کا کارخانہ ہے یہ ایک ایسی فیکٹری ہے جو انسان تیار کرتی ہے۔ انسانی صفات' انسانی اقدار اور انسانی خصوصیات پیدا کرتی ہے پیدا کرنے سے مراد یہ نہیں ہے کہ وہ صفات اور اقدار انسان میں نہیں ہیں بعد میں پیدا ہوئیں نہیں بلکہ خداوند عالم نے تمام صفات انسانی فطرت میں رکھی ہیں۔ قرآن کا کام چونکہ ہدایت ہے لہذا وہ ہدایت کے ذریعے انسانی فطرت کو پالش کرتا ہے اور اسے چمکاتا ہے تاکہ انسانی صفات ابھر کے سامنے

آئیں اور وہ اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکے۔ قرآن فقط مسلمانوں کے لئے نازل نہیں ہوا ہے بلکہ یہ تمام انسانوں کے لئے 'عالم انسانیت کے لئے' اور تمام اہل زمین کی ہدایت کے لئے نازل ہوا ہے۔ قرآن میں ارشاد رب العزت ہوتا ہے کہ

الر (وقف) کتب انزلنہ الیک لتخرج الناس من الظلمت الی النور

——"الرا —— یہ کتاب ہم نے آپ کی طرف نازل کی تاکہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائیں۔" (الابراھیم ۱)

خود قرآن گواہ ہے کہ " قرآن کا مقصد لوگوں کو اندھیروں 'گمراہی' مادیت پرستی' دنیاداری' اور شیطان کی پیروی سے نکال کر نور' ہدایت' خدا پرستی اور فکر آخرت کی طرف لے جائے۔ قرآن ہر انسان کے لئے پیغام الٰہی ہے۔ یہ خدا کا خط ہے جو ہر بندے کے نام ہے۔ قرآن کی باتیں نورانی اصول ہیں۔ قرآن کیا کہہ رہا ہے اور شاید ہی قرآن نے کسی اور گناہ کے بارے میں اتنا سخت لہجہ استعمال کیا ہو۔ قرآن نے کیا کہا۔ جس نے ایک نفس کو بے گناہ قتل کیا تو گویا اس نے تمام انسانیت کو قتل کیا اور جس نے ایک نفس کو زندہ کیا تو گویا اس نے تمام انسانیت کو زندہ کیا۔ کسی پر ہدایت کے دروازے بند کرنا —— حقیقتاً اسے قتل کرنے کے برابر ہے اور اگر کسی شخص نے کسی انسان کو ہدایت کی' صحیح راستہ دکھایا تو حقیقتاً اس نے اس پر زندگی کے دروازے کو کھول دیا۔ اس گفتگو سے ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ قرآن کی نگاہ میں گمراہی سے بدتر کوئی چیز نہیں ہے۔ اگر کسی کو گمراہ کر دیا جائے تو اب اسے باقاعدہ پیچھے سے ہدایت کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اب وہ خود ہی فساد برپا کرے گا' قتل کرے گا' برائیاں کرے گا' اس میں چابی بھر دی گئی اب خود کام کرے گا۔

## یہودیوں کی قوم پرستی

قرآن بیان کرتا ہے کہ یہودی اور عیسائی پہلے حق پر تھے۔ یہودیوں کا تعلق بنی

اسرائیل سے تھا جن پر حضرت موسیٰؑ نازل ہوئے اور عیسائیوں کا تعلق حضرت عیسٰی بن مریمؑ سے ہے یہ دونوں حق پر تھے۔ لیکن دنیاوی لالچ کی وجہ سے اپنے مذہب سے پھر گئے۔ یہ پہلے خود رسولؐ اللہ کا انتظار کرتے تھے۔ قرآن خود کہتا ہے کہ

واذقال عیسی بن مریم یبنی اسرائیل انی رسول اللہ الیکم مصدقا لما بین یدی من التوراۃ ومبشرًا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد۔

—"اور جب مریم کے بیٹے عیسیٰؑ نے بنی اسرائیل سے کہا کہ میں اللہ کی طرف سے رسول بن کر تمہاری طرف آیا ہوں اور تصدیق کرتا ہوں جو مجھ سے آگے ہے یعنی توریت اور خوش خبری سناتا ہوں تم کو ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا اس کا نام احمدؐ ہے"۔

(سورۃ الصف ۶)

عرب تو جاہل بت پرست اور وحشی تھے۔ اپنی اولاد کو زندہ دفن کر دیتے تھے۔ الغرض یہ کہ انسانیت سے بہت دور تھے مگر یہ یہودی پڑھے لکھے تھے۔ تجارت کرتے تھے یہ عرب قبائل کو آپس میں لڑواتے تھے کیونکہ ان کا اسلحہ بکتا تھا اور فائدہ ہوتا تھا۔ یہودی ان قبائل کی آپس کی لڑائیوں سے نفع حاصل کرتے تھے۔ کل بھی ان کا یہی دھندا تھا اور آج بھی یہی کام کرتے ہیں۔ دنیا والوں کو آپس میں لڑواتے ہیں، مسلمانوں کو آپس میں دست و گریباں کرواتے ہیں۔ یہودی عربوں کو باہم لڑواتے تھے اور وہ اتنے جاہل تھے کہ لڑتے رہتے تھے۔ یہ یہودی عربوں سے کہتے تھے کہ "ہماری مقدس کتاب توریت میں لکھا ہے کہ ایک نبی جو اس سرزمین پر نازل ہو گا، جس کا نام احمدؐ (محمدؐ) ہو گا اور وہ تمہارے سارے بتوں کو توڑ دے گا"۔ اس بات پر عرب بہت بگڑتے اور ناراض ہوتے اور کہتے کہ "تم غلط کہتے ہو"۔ یہودی ان کے جواب میں کہتے کہ "ہم غلط نہیں کہتے ہیں کیونکہ یہ بات ہماری مقدس کتاب میں لکھی ہے" یہودی بہت قوم پرست واقع ہوئے ہیں کہ وہ فرد جو ان کی قوم کا نہ ہو اسے اپنا ہم مذہب نہیں سمجھتے۔ یہودیوں کے ہاں تبلیغ جائز نہیں ہے۔ وہ دلائل اور تبلیغ سے دوسروں کو یہودی نہیں بناتے ہیں۔ یہودیوں کے مطابق ان کی

قوم سب سے اعلیٰ قوم ہے باقی جو مخلوق ہے وہ سب بھیڑ بکری ہیں، وہ سب خاک ہیں اور ان کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ بھیڑ بکریوں کی طرح ان باقی مخلوق کا خون بھی اُن پر جائز ہے اور ان کا مال بھی حلال ہے۔ یہ ہے یہودیوں کے عقیدے اور مذہب کی بنیاد۔ ان کے عقیدے کے مطابق پوری کائنات میں بس وہی افضل ہیں اور حکومت کا حق انہی کو ہے۔ اب جس نے بھی یہودیوں کے ان حقائق سے پردہ اٹھایا، ان کے راز افشاں کئے یا کتاب لکھی تو اسے قتل کر دیا گیا۔ یہ ہے ان کی قوم پرستی اور قوم پرستی بھی ایسی کہ کسی غیر قوم کے فرد کو بھی اپنے مذہب میں داخل نہیں کریں گے۔ لہٰذا اب جو پیغمبر اسلامؐ نے ظہور کیا تو انھوں نے توریت میں دیکھا کہ جس کی نشانیاں یہ ہیں "پیدا ہو کر آگ بجھائے گا اور بت گریں گے"۔ اب جو رسول کو دیکھا، اب یہودیوں کے دل میں رسول اسلامؐ کے لئے بغض آیا، دشمنی پیدا ہوئی اور قوم پرستی نے جوش مارا کہ اگر یہ ہماری قوم سے ہوتا تو ہم اسے تسلیم کرتے۔ یہ ہماری قوم کا نہیں ہے لہٰذا مخالفت کی، یہ قوم پرستی بہت خراب ہے، دنیا، ایمان اور آخرت سب خراب کر دیتی ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ جب امام زمانہؑ آئیں تو ہم ان سے کہیں کہ آپ ہماری قوم سے ہیں یا نہیں اگر آپ عرب ہیں تو بس خدا حافظ ہم آپکی بات نہیں مانیں گے۔ کیونکہ آپکی قوم الگ ہی اور ہماری قوم الگ۔ لہٰذا قوم پرستی سے بچیئے، اس کی مخالفت کیجئے کہیں یہ آپ کے ایمان اور آخرت کو تباہ و برباد نہ کر دے[16]

یہودی اسی لئے پیغمبرؐ کے دشمن بن گئے تھے کہ یہ عربوں میں کیوں آیا۔ جبکہ حقیقت میں رسول اللہؐ عربوں کے لئے نہیں بلکہ تمام انسانوں کے لئے نازل ہوئے۔ سب کے لئے پیغام الٰہی لیکر آئے اور پوری دنیا کی ہدایت کے لئے مبعوث ہوئے۔ اب یہودی دشمن

---

ح[16] (یہی قوم پرستی تھی جس نے ولی فقیہ امام خمینی کے نمائندے اور شیعان پاکستان کے قائد مولانا عارف حسین الحسینی شہید کو تنہا چھوڑ دیا صرف یہ کہہ کر۔۔۔ "یہ ہماری قوم کا نہیں ہے۔ یہ پٹھان ہے، پہاڑوں سے آیا ہے، قیادت مہاجروں سے ہونی چاہیے۔ یہ قوم پرستی تھی جس نے قائد شہید جیسے عظیم رہبر کو یکتا و تنہا چھوڑ دیا)

ہو گئے لہٰذا یہیں سے فتنہ فساد شروع ہوا۔ یہودیت کے نظریئے کے مطابق کسی کو تبلیغ کر کے یہودی تو نہیں بنایا جا سکتا ہے لہٰذا اب قادیانی مذہب ایجاد کیا۔ بہائی مذہب ایجاد کیا۔ تاریخ میں رسول اللہ کے خلاف جتنی سازشیں ہوئیں ہیں ان میں سے اکثر کی بنیاد یہودیوں نے رکھی۔ "وہابیت" ہی کو لیجئے۔ اس کی بنیاد بھی یہودیوں نے رکھی۔ اب پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ رسول اللہؐ تھے اور ختم ہو گئے۔ قبروں پر جانا شرک ہے۔ فاتحہ خوانی اور نذر وغیرہ سب بدعت ہے۔ وسیلہ سے دعائیں نہ مانگو۔ ثبوت ہم فراہم کرتے ہیں— "ہمفرے کے اعترافات" نامی کتاب ہمفرے نامی برطانوی جاسوسی کی داستان ہے۔ وہ مسلمانوں کا روپ دھار کر مسلمانوں میں گھس گیا اور غلط تبلیغات کرنے لگا' اس نے اپنی پوری کہانی لکھی ہے کہ کہاں سے احکامات جاری ہوتے تھے۔ اور کام کرنے کے انداز بتائے جاتے تھے۔ اس کا کام یہ تھا کہ مسلمانوں میں سے روح قرآن کو نکال دے۔ روح اسلام کو ان مسلمانوں سے دور کر دیا جائے اور حکومت برطانیہ نے اسے بیس (۲۰) پچیس (۲۵) نکات کی ایک فہرست دی کہ ان تمام باتوں کو مسلمان ممالک سے نابود کرنا ہے اور ان میں سب سے اہم ترین نکتہ یہ تھا کہ مسلمانوں کا پیغمبر اسلامؐ کی ذات پر جو عقیدہ ہے' اسے نابود کیا جائے مثلاً حدیث ہے کہ

النظافۃ نصف الایمان۔ صفائی نصف ایمان ہے۔

مگر مسلمانوں کے گھروں' محلوں اور شہروں میں کوڑا کرکٹ اور کیچڑ ہونی چاہئے یہ ہے انکا عقیدہ اور مقصد جو کہ قرآن کے بالکل خلاف ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ

واللہ یحب المطہرین اللہ پاک کرنے والوں سے محبت کرتا ہے"۔

مثال کے طور پر خدا فرماتا ہے کہ لا تفسدو فی الارض زمین میں فساد مت کرو۔ (البقرہ ۱۱)۔ مگر یہ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کو خوب لڑائیں اور اتنی فرقے بازی کریں کہ مسلمان باہم الجھ کر رہ جائیں مسلمانوں میں نفرت پیدا ہو جائے تو ہماری حکومت مضبوط ہو جائے گی۔ روضۂ نبی ہی ان کے لئے خطرہ نہیں ہے بلکہ محرم کی مجالس کے یہ عظیم الشان

اجتماعات' یہ عاشورہ کے جلوس اور روح عزاداری ان کی آنکھوں میں کھٹک رہی ہے۔
حضرت امام خمینی سلام اللہ علیہ نے ہمیں عزاداری کی روح سے آگاہ کیا اور فلسفہ'
عزاداری سے آشنا اور ملت ایران کو آگاہ کیا تو دیکھا کہ نہ شاہ رہا اور نہ ڈھائی ہزار سالہ
شہنشائیت۔ بقول شاعر

ہے آرہی یہ صدا کربلا کے ذروں سے — یزیدیت سے ابھی انتقام لینا ہے

## خطرناک سازش

شہید محراب آیت اللہ دستیغب اپنی ایک کتاب میں واقعہ نقل کرتے ہیں اور نجف کے علماء نے یہ طے کیا کہ برطانیہ کی حکومت کے خلاف جہاد کیا جائے کیونکہ برطانوی حکومت وہاں مسلط تھی۔ جہاد تو قوت اور طاقت کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ جب شیعہ سنی ایک مسلمان ملت بن جائیں گے تو ایک قوت بنے گی اور اگر شیعہ سنی متحد نہ ہوئے تو ایسے ہی غلام رہیں گے۔ شیعہ سنی علما متحد ہو گئے اور یہ طے کیا کہ آج کے بعد سے ممبر سے کوئی بھی اختلافی روایت بیان نہیں کی جائے گی جس سے ہمارے بھائیوں میں نفرت ہو لہٰذا اگر ہم متحد نہیں ہوئے تو ہم ہمیشہ ان ظالم شرابیوں کے غلام رہیں گے۔ سب نے ان باتوں پر اتفاق کیا اور مشترکہ جہاد پر راضی ہو گئے۔ شب جمعہ روضہ امام حسینؑ پر بڑی مجلس ہوتی تھی... اس زمانے کا مشہور ذاکر مصائب میں ایک ہی روایت پڑھتا تھا جو کہ شیعہ اور سنی کو لڑانے کے لئے کافی تھی۔ ایک شب روایت پڑھی گئی۔ سب نے کہا کہ غلطی ہو گئی' دوسری شب جمعہ بھی وہی روایت پڑھی گئی۔ آخر کار اس ذاکر کو بلایا گیا وہاں کے ذاکر حسینؑ ایسے نہیں تھے کہ مجتہد کی بات نہ مانیں۔ فوراً چلے آئے۔ اس ذاکر سے کہا کہ "ہم شیعہ سنی علما نے یہ طے کیا ہے کہ انگریز کی غلامی سے نجات حاصل کرنے کے لئے متحد ہوں اور کوئی بھی اختلافی روایت نہیں پڑھی جائے۔ آپ یہ بتایئے کہ آپ نے فلاں اختلافی روایت کیوں پڑھی"؟ کہا "مولانا۔ بات یہ ہے کہ جو سیٹھ صاحب مجھے

مجلس پڑھواتے ہیں پچاس (۵۰) درہم دیتے ہیں فقط اس روایت کو سننے کے لیے۔" ان سیٹھ صاحب کو بلایا گیا وہ ٹھیکیدار تھے۔ انہوں نے کہا۔ "مولانا جو مجھ سے بڑا سیٹھ ہے وہ مجھے سو (۱۰۰) درہم دیتا ہے اس روایت کو بیان کرنے کے لئے۔ پچاس (۵۰) درہم خود رکھتا ہوں اور پچاس ذاکر حسینؑ کو دیتا ہوں"۔ اب ان صاحب کو بلایا گیا تو انہوں نے کہا کہ— "ہماری ایک وزیر (منسٹر) سے بات چیت اور واقفیت ہے وہ ہمیں اسطرح کا حکم دیتا ہے اب بات اوپر چلی اور کڑیاں سے کڑیاں ملتی گئیں۔ اب اس مسلمان وزیر کو بلایا گیا اور جب تحقیق کی گئی تو بات حکومت برطانیہ تک جا پہنچی کہ حکومت برطانیہ کی طرف سے ایک ہزار (۱۰۰۰) درہم آتے ہیں کہ اختلافی روایات پڑھی جائیں اور اختلافات کو ہوا دی جائے تاکہ مسلمان آپس میں لڑ کر اپنی طاقت کو ضایع کردیں۔ وہ ایک ہزار درہم ذاکر تک آتے آتے صرف پچاس (۵۰) رہ جاتے تھے۔ اسی طرح کے ہزاروں واقعات ہیں۔

## سارا جھگڑا— انانیت اور شہرت کا ہے

پروپیگنڈا کیا جارہا ہے کہ قبروں پر نہ جائیں۔ وہاں خاک ہے' وہاں خاک نہیں ہے بلکہ خاک شفا ہے' وہاں سے لوگوں کو شفاعت ملتی ہے' قرآن سے پوچھئے تو قرآن کہتا ہے کہ

قال فما خطبک یا سامری

"موسیٰؑ نے کہا کہ— اے سامری تیری کیا حقیقت ہے۔" (طٰہٰ ۹۵)

موسیٰؑ جب کوہ طور سے پلٹے تو دیکھا کہ قوم گمراہ ہو چکی ہے اور قوم کی گمراہی کا سبب سامری ہے۔ سب لوگ گائے کے ایک بچھڑے کو سجدہ کرتے ہیں۔ اب حضرت موسیٰؑ نے سامری سے پوچھا کہ تو نے قوم کو کیسے گمراہ کیا ہے؟ اب سامری کا جواب قرآن نقل کر رہا ہے کہ

قال بصرت بما لم یبصروا۔

—— "میں نے دیکھ لیا جو سب نے نہیں دیکھا —— (طٰہٰ ۹۶)۔ اور میں نے بھیجے ہوئے جبرئیل کے گھوڑے کی ٹاپوں کے نیچے کی خاک اٹھائی اور اس بچھڑے میں ڈال دی۔ مجھ کو میرے دل نے یہی مشورہ دیا"۔ (طٰہٰ۔۹۶)

اس نے چاہا کہ قوم کو گمراہ کردے دنیاوی فائدہ اور شہرت حاصل کرے۔ دنیا میں جو کچھ جھگڑے فساد ہیں جو فتنے ہیں سب یہی کرسی، حکومت، شہرت اور انانیت کے پیدا کردہ ہیں۔ ہمارے یہاں کوئی متقی سیاست دان نہیں ہے۔ ہمارے یہاں سیاست میں تقویٰ کا تصور نہیں ہے بلکہ ہمارے یہاں سیاست مکرو فریب کا نام ہے اور کہا جاتا ہے کہ بھائی سیاست تو گندگی کا مقام ہے، سیاست مکرو فریب ہے لہٰذا متقی اور نیک افراد کو سیاست میں حصہ نہیں لینا چاہیے مگر امام حسینؑ فرمارہے ہیں کہ —— "خدا نے ہمیں اس لئے امام بنا کر بھیجا ہے تاکہ ہم اللہ کے بندوں کو سیاست شیطان سے نجات دے کر سیاست الٰہیہ کی طرف لے آئیں"۔ دین اور سیاست جدا جدا نہیں ہے بلکہ دین اور سیاست ایک ہی ہے۔ مگر ہمارے سیاست دانوں کا مقصد یہ ہے کہ سیاست کے ذریعے سے دولت، کرسی اور شہرت حاصل کریں جیسا سامری نے چاہا کہ سامری نے حضرت موسیٰؑ سے کہا کہ جب آپ چلے گئے تو میں نے جبرئیل کے گھوڑے کے قدموں کی خاک اس بچھڑے میں ڈال دی اور اس خاک کا اثر یہ ہوا کہ یہ زندہ ہو گیا اور اسطرح میں نے قوم کو گمراہ کردیا۔ قرآن کہہ رہا ہے کہ جبرئیل کے گھوڑے کے قدموں کے نیچے جو خاک آجائے تو وہ مردے کو زندہ بنا سکتی ہے تو پھر کیا حسینؑ کی قبر کی خاک۔ خاک شفا نہیں ہو سکتی؟

یہ پروپیگنڈا کیا جارہا ہے کہ نبی اور امام کی قبر پر مت جاؤ۔ وہاں خاک ہے تمہیں کیا ملے گا؟ قرآن آواز دے رہا ہے کہ جبرئیل کے گھوڑے کے نیچے جو خاک آجائے تو وہ خاک مردے کو زندہ بنا سکتی ہے تو پھر وہ خاک جس میں جبرئیل کے مولا کا جسم ہو اور جس خاک میں پیغمبر اسلامؐ کا جسم ہو تو کیا وہ خاک شفا نہیں ہوگی؟ دشمنان اسلام کا پہلا حملہ ہمیشہ ہمارے عقیدے پر ہوتا ہے تاکہ اسے فاسد کیا جائے۔ قرآن نے کہا کہ

لا تفسدوا فی الارض ـــ "زمین میں فساد مت کرو ـــ" (البقرہ ۱۱)

دشمن نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ فساد ہونا چاہیے۔ اسلام نے کہا کہ "موسیقی حرام ہے "۔ دشمن نے زیادہ سے زیادہ میوزک کے اسباب فراہم کئے۔ اسلام نے صفائی کا حکم دیا' دشمن نے چاہا کہ گندگی ہو۔ اسلام نے کہا کہ نشہ حرام ہے۔ دشمن نے ہمارے معاشرے کو زیادہ سے زیادہ ہیروین دی 'وی' سی ' آر اور گندی فلمیں دیں۔ یہ سامراجی طاقتیں مسلسل ہمارے معاشرے کو نابود کر رہی ہیں لیکن کیا ہم ہمیشہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے اسلام' معاشرے اور انسانیت کی نابودی کا تماشا دیکھتے رہیں گے یا اسلام ہمیں ان برائیوں کو روکنے کا حکم دیتا ہے کیا اسلام کے پاس ان تباہ کاریوں کا کوئی علاج بھی ہے؟۔ ہاں اسلام ان برائیوں کے خلاف جو اسلحہ اٹھانے کا حکم دیتا ہے وہ اولاد ہے وہ آنے والی نسل ہے وہ آنے والا کل اور طلوع ہونے والا سورج ہے۔ اگر ہم اولاد کی صحیح تربیت کریں تو یہ نسل پورے ملک کے نظام کو بدل سکتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ ہم اپنی اولاد کی اسلامی اصولوں کے مطابق تربیت کریں۔

## اولاد میں بری صفات پیدا نہ ہونے دیں

ہم نے پیغمبر اسلام کا ایک نورانی جملہ نقل کیا تھا کہ

الولد سید سبعہ سنین ۔ وغلام سبعہ سنین ۔ ووزیر سبعہ سنین

ـــ "پہلے سال سے سات (۷) سال تک بچہ تمہارا سردار ہے اور سات (۷) سال سے چودہ (۱۴) سال تک بچہ تمہارا غلام اور چودہ (۱۴) سال سے اکیس (۲۱) سال تک بچہ تمہارا وزیر ہے "۔

ہم نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ تربیت کے دو (۲) طریقے ہیں۔ ایک زبان سے دوسرا کردار سے۔ بہترین تربیت کردار سے کی جا سکتی ہے۔ اگر ماں کا کردار اچھا ہے اور وہ نیک ہے تو یہ بچے کے لئے بہترین تربیت ہے۔ اگر بچہ میں کوئی صفت خبیثہ ہے اور کوئی صفت

شیطانی ہے تو اس بری صفت کو نکالنا بہت آسان ہے۔

ابھی جو لگایا گیا ہے درخت — وہ ایک آدمی سے اکھڑ جائیگا
مگر کچھ زمانہ گذر جو گیا — بہت سوں سے حل کرنہ اِل پائے گا

والدین کے لئے بہت ضروری ہے کہ جس طرح وہ بچوں کا میڈیکل چیک اَپ کراتے ہیں تاکہ بیماری کا علم ہو جائے تو انہیں چاہیے کہ اسی طرح بچوں کو چیک کرتے رہیں کہ بچے میں گندی عادات تو نہیں' اس کی روح میں اخلاقی اقدار کا فقدان تو نہیں اور روحانی بیماریاں اس کو روحانی طور پر بیمار تو نہیں کر رہی ہیں؟۔ اگر کسی بچے میں کوئی گندی اور خبیث صفت ہے تو شروع میں اس کا نکالنا بہت آسان ہے لیکن جیسے جیسے وہ پرانی ہوتی جائے گی اور اس کی جڑیں نفس (روح) میں مضبوطی سے جمتی جائیں گی تو اس خبیث صفت کا نکالنا بہت مشکل ہوتا جائے گا۔ مثلاً آپ گھر سے باہر نکلے۔ آپ نے راستے میں کانٹے دار جھاڑی دیکھی جو آپ کو' آپ کے گھر والوں اور راستہ چلنے والوں کو زخمی کر سکتی ہے۔ اگر آپ نے اس کانٹے دار جھاڑی کو فوراً نہیں نکالا تو اب جیسے جیسے دن گذرتے جائیں گے وہ جھاڑی بڑی ہوتی جائے گی اور اسی کی جڑیں زمین میں مضبوط ہوتی جائیں گی اور بعد میں اس جھاڑی کو نکالنا مشکل تر ہوتا جائے گا' اسے نکالنے میں زیادہ

---

حاشیہ (امام خمینی سلام اللہ علیہ نے اخلاقی بیماریوں کے علاج کے لئے بہت زور دیا ہے کہ جسم کی بیماری کا درد ہوتا ہے تو انسان کو علم ہو جاتا ہے کہ فلاں جگہ بیماری ہے یا درد ہے تو انسان اس کا با آسانی علاج کرا لیتا ہے لیکن روحانی اور اخلاقی بیماریوں کا کوئی درد نہیں ہوتا ہے اور نہ یہ جسمانی بیماریوں کی مانند ظاہر ہوتی ہیں لہٰذا آدمی ان بیماریوں کی جانب متوجہ نہیں ہوتا ہے اور وہ بیماریاں بڑھتی ہی رہتی ہیں لہٰذا ان بیماریوں کے لئے خاص توجہ کی ضرورت ہے روحانی بیماریوں کے بڑھنے کے بعد ان کو جڑ سے اکھاڑنا مشکل ہوتا ہے جتنی جتنی بیماری بڑھتی ہے اس کا نکالنا اتنا ہی مشکل ہوتا جاتا ہے لہٰذا جب بھی اخلاقی و روحانی بیماری کا علم ہو تو انسان کو چاہئے کہ اس کا فوراً علاج کرے)۔

وقت لگے گا اور زیادہ قوت صرف ہوگی جبکہ وہ جھاڑی کچی ہو اور اسکی جڑیں کمزور ہوں تو اسے نکالنا آسان ہوگا اور اس میں کم وقت اور کم طاقت صرف ہوگی۔ لہٰذا ماں باپ اولاد کے بارے میں بہت توجہ کریں کہ بچے میں کوئی بری صفت تو نہیں ـــــ اب اگر خدانخواستہ بچے میں کوئی بری صفت یا خبیث عادت ہے تو اسے نکالنے کا کیا طریقہ ہے؟

## بری صفات دور کرنے کا طریقہ

اگر بچے میں کوئی بری عادت ہے تو بچے کو علم عرفان یا فلسفہ و منطق پڑھانے کی ضرورت نہیں بلکہ بچے کو سمجھائیں۔ دلیل دیں، قرآنی دلیل، قرآن میں موجود انبیائے خدا کے قصے سنائیں۔ اگر بچے میں حسد ہے تو اسے حضرت یوسفؑ کا قصہ سنائیے کہ بیٹا حسد نہ کرنا۔ دوسروں کی دنیا، دولت اور مال و رتبہ دیکھ کر جلنا نہیں دیکھو حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے ان سے کتنا حسد کیا۔ کبھی کنویں میں پھینکا اور کبھی چور کہا مگر یہ اس کا انجام کیا ہوا؟۔ وہ ذلیل ہوئے اور حضرت یوسفؑ نے صبر سے کام لیا اپنا معاملہ خدا پر چھوڑ دیا اور اپنے بھائیوں سے جو ان کے جانی دشمن تھے، حسد نہیں کیا تو دیکھو خدا نے انہیں کتنی عزت دی۔ اتنی عزت دی کہ وہ مصر کے بادشاہ بن گئے اور دنیا ان کی غلام بن گئی۔ اگر بچہ تکبر کرتا ہے تو شیطان کا قصہ سنائیں کہ تکبر (غرور) کرنے والا بارگاہ خدا سے دور ہو جاتا ہے اور دیگر انبیاء خدا کے قصے سنائیں۔ آیت اللہ شہید دستغیب نے کہانیوں کی کتابیں لکھیں ہیں اسی طرح آیت اللہ شہید مرتضیٰ مطہری نے کہانیوں کی کتاب لکھی ہے۔ (جس کا اردو میں ترجمہ سچی کہانیاں کے نام سے ہوا ہے)۔ آپ ان سے کہانیاں سنائیں، حکایات سنائیں اور اچھی باتوں اور صفات کے فوائد بتائیں اور بری باتوں اور گندی صفات کے نقصانات بتائیں تاکہ آپ کی اولاد کی تربیت ہو۔ کوشش کریں کہ بچے کے بالغ ہونے سے پہلے اسمیں نورانی صفات بیدار ہوں اور اگر آپ کی کوششوں سے آپ کے بچے میں نورانی صفات پیدا ہو گئیں تو یہ عظیم دولت اور بیش بہا قیمتی سرمایہ ہے۔

اپنی اولاد میں صفت ایثار ضرور پیدا کریں اور یہ بہترین دولت ہے جو ہم بچے کو دے رہے ہیں۔

## صفت ایثار

صفت ایثار ـــــ یعنی اپنی ذات پر دوسرے کو فوقیت دینا۔ اپنے آرام پر دوسرے کو فوقیت دینا۔ خود تکالیف اٹھائیں مگر دوسرا آرام سے رہے۔ آپ کا دوست بیمار ہے۔ رات جاگ کر اس کی عیادت کرنا۔ تیمارداری کرنا۔ بیوی بیمار ہے تو شوہر رات جاگ کر بیوی کی تیمارداری کر رہا ہے' اپنی بیوی کی خاطر اپنے آرام کو پس پشت ڈال دیتا ہے تاکہ بیوی کو آرام پہنچے۔ بچہ یہ دیکھ رہا ہے تو یہ کردار سے بچے کی بہترین تربیت ہو رہی ہے۔ بچے میں صفت ایثار کا جزبہ پیدا ہو رہا ہے۔ باپ آفس سے تھکا ھارا گھر آیا۔ بیوی اس کی خدمت کرتی ہے حالانکہ وہ سارا دن گھر کا کام کرتی ہے لیکن شوہر کی خدمت کے لئے تیار ہے۔ یہ ایثار ہے کہ اپنا آرام چھوڑ دیا اور دوسرے کے آرام کا خیال رکھا۔ بچہ روز یہ حالات دیکھ رہا ہے تو اب بچے میں بھی صفت ایثار پیدا ہو گی۔

## صفت ایثار کا صلہ

نجف اشرف میں ایک بڑے عالم گزرے ہیں وہ وھاں درس دیا کرتے تھے جس میں کئی شاگرد شرکت کیا کرتے تھے۔ ان کا ایک شاگرد روزان سے پڑھتا تھا۔ ایک دن جب وہ شاگر آیا تو وہ عالم اس کے احترام میں کھڑے ہو گئے حالانکہ وہ کبھی احترام میں کھڑے نہیں ہوئے۔ یہ شاگرد بھی حیران ہوا اور بقیہ سب شاگرد بھی استاد کی اس عجیب حرکت پر بہت حیران ہوئے۔ ان عالم دین نے اپنے شاگرد سے پوچھا کہ۔ "بیٹا کل تم نے کون سا اچھا کام کیا تھا"۔ شاگرد نے جواب دیا کہ۔ "کوئی خاص کام نہیں کیا تھا"۔ استاد عالم دین نے کہا کہ سوچ کر بتاو"۔ شاگرد نے بہت سوچنے کے بعد کہا کہ۔ "شاید یہ کام اللہ کو پسند آیا ہو میں مدرسہ کے جس کمرے میں رہتا ہوں اس میں بہ مشکل تین (۳) آدمی رہ سکتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ امام حسینؑ کے روضہ مبارک کی زیارت کے لئے دو (۲) زوار آئے ہوئے ہیں۔ پیدل آئے تھے اور غریب تھے اتنا پیسہ نہیں تھا کہ مسافر خانے کا کرایہ

دے سکیں لہٰذا میں نے ان سے کہا کہ --- آپ امام حسینؑ کے زوار ہیں لہٰذا میرے پاس ایک چھوٹا کمرہ ہے۔ ساتھ رہیں گے ساتھ کھانا کھائیں گے، میں نے ان کو کھانا دیا اور ہم سب سو گئے، آدھی رات کے وقت میری آنکھ کھلی، میں بھی مطالعہ کی تھکاوٹ کے بعد سویا ہوا تھا، میں نے دیکھا کہ ایک زوار کا پاؤں میرے منہ کے قریب ہے۔ یہ مجھے بہت برا لگا۔ انسان کا نفس عبادت نہیں بلکہ آرام چاہتا ہے۔ آپ جو اسوقت بارہ بجے (۱۲) رات یہاں آئے ہیں یہ نفس کو بہت برا لگتا ہے۔ آپ یہاں نفس کو دبا کر بیٹھے ہیں --- اُس طالب علم نے کہا کہ مجھے یہ حالت بہت بری لگی اور میں نے چاہا کہ اس کا پاؤں اپنے سینے سے ہٹا کر آرام سے سو جاوں لیکن ایک مرتبہ ضمیر کی آواز آئی کہ یہ امام حسینؑ کا زوار ہے، تیرے مولا کا عاشق ہے اور ایک رات کی بات ہے تھوڑی سی تکلیف برداشت کر لو۔ اگر تو نے اس کا پاؤں اپنے سینے سے ہٹا دیا تو اس زوار کی نیند خراب ہو جائے گی اور وہ سو نہیں سکے گا لہٰذا میں نے اس کے دونوں پاؤں کو اپنے سینے پر برداشت کیا نہ ہی اس سے اس واقعے کی اطلاع دی اور نہ ہی شکایت کی"۔ اتنا سننے کے بعد استاد نے آگے بڑھ کر اس شاگرد کی پیشانی کو چوم لیا اور کہا کہ۔ "کل رات میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت کا میدان ہے اور تو آ رہا ہے اور تیرے چہرے سے نور کی شعاعیں نکل رہی ہیں"۔

ایثار کا اجر آپ نے دیکھا۔ ہر انسان اپنے ہی لئے جیتا ہے حقیقتاً انسان وہی ہے جو دوسروں کے بھی کام آئے اسلام نے حکم دیا کہ چوبیس (۲۴) گھنٹے گزرنے کے بعد انسان سوچے کہ وہ کس کے کام آیا۔ حدیث میں ہے کہ --- "جو روزانہ اپنا حساب نہیں کرتا ہے وہ ہم میں سے نہیں ہے"۔ لہٰذا انسان رات کو لیٹتے وقت ضرور سوچے کہ اس نے دن بھر میں کتنے اچھے کام لئے اور کتنے برے کام۔ اب اگر انسان نے کوئی اچھا کام نہیں کیا یا وہ کسی کے کام نہیں آیا تو حقیقتاً اس نے اپنا دن برباد کیا۔ اب اگر انسان کسی دوسرے انسان کام نہیں آیا تو اسے چاہیے کہ وہ جانور کو تلاش کرے۔[۱]

---

[۱] حاشیہ صفحہ ہذا آخر میں ہے۔

اگر انسان کو جانور نہ ملے تو انسان کسی درخت کو پانی دے۔ اگر انسان میں اور اسکی اولاد میں صفت ایثار کا نور منور ہو گیا تو یہ دولت دائمی اور ہمیشہ رہنے والی جنت ہے۔ اگر والدین نے اپنے کردار سے یہ نورانی صفت اولاد میں منتقل کی تو یہ وہی نورانی صفت ہے جو کہ علیؑ میں تھی کہ امیر المومنینؑ رات کو تنہائی میں اپنی نیند و آرام چھوڑ کر بھاری بورے کو اپنی پیٹھ پر لاد کر غریبوں تک کھانے کی اشیاء پہنچاتے تھے اور یتیموں کی خبر گیری کرتے تھے۔ امام محمد باقرؑ نے جب امام زین العابدینؑ کو غسل کے لئے لٹایا تو آپ نے دیکھا کہ امام چہارمؑ کی پشت مبارک سامان اٹھانے کی وجہ سے گٹھے پڑ گئے تھے۔ اگر یہ اماموں کی نورانی صفات آپکی اولاد میں منتقل ہو گئیں تو یہ تمام کائنات اور جو کچھ کائنات میں ہے اس سب سے افضل ہے۔

## صفت تواضع

تواضع کیا ہے ——؟ تواضع تکبر کی ضد ہے۔ رسول اللہؐ فرماتے ہیں کہ —" وہ شخص

حاشیہ ۹۶ ص: نجف کے ایک بزرگ عالم دین علی الصبح بازار سے ناشتہ لیکر گھر کی طرف جا رہے تھے کہ راستے میں انھوں نے دیکھا دریا کے کنارے ایک کتیہ بھوک سے بے حال ہے اور اس کے بچے اس کا دودھ پی رہے ہیں لیکن کتیہ کی حالت سے ظاہر ہو رہا تھا کہ اس میں دودھ نہیں ہے۔ یہ دیکھ کر وہ آگے چلے گئے۔ انہیں خیال آیا کہ یہ کتیہ اور اسکے بچے بھوکے ہیں اور میرے پاس روپیہ ہے میں دوسرا سالن خرید لوں گا یہ سوچ کر وہ واپس پلٹے اور کتیہ کو وہ سارا سالن کھلا دیا اور اپنے برتن کو مٹی اور پانی سے پاک کر کے چلے آئے۔ چند دن بعد انہیں اطلاع ملی کہ انکے گاؤں میں ایک امیر شخص نے وفات پائی اور ساری دولت انہی (عالم دین) کے نام کر دی۔ اب انہوں نے حساب لگایا تو وہ دن جب اس امیر نے وصیت کی اور جس دن کتیہ کو کھانا کھلایا وہ ایک ہی تھا۔ اس کے بعد انہوں نے محسوس کیا کہ لوگ ان کی بہت عزت کرنے لگے اور ان کی شہرت میں غیر معمولی اضافہ ہونے لگا اور اعلمیت کی جانب ان کی شہرت ہونے لگی۔

ہرگز جنت میں داخل نہیں ہو گا جس کے دل میں ذرہ برابر غرور ہو گا"۔ جس طرح دن کی ضد رات ہے اسی طرح تکبر کی ضد — تواضع ہے۔ مثلاً خدا نہ کرے شوہر بداخلاق ہے تو تواضع کی صفت یہ بتاتی ہے کہ بداخلاقی کا جواب اخلاق کے ساتھ دیا جائے۔ بیوی شوہر سے بہترین اخلاق کا مظاہرہ کرے۔

## خواتین کا جہاد

پیغمبر اسلامؐ کی خدمت میں خواتین کا ایک وفد پہنچا۔ وہ خواتین کہنے لگیں کہ —— "اللہ کے رسولؐ ہم نے کیا قصور کیا ہے۔ مرد اگر جہاد میں شہید ہو جائے تو اس کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں ہم اس شہادت و ثواب سے کیوں محروم ہیں؟" رسول اللہؐ نے جواب دیا کہ "اس لئے کہ خداوند عالم نے تمہیں کمزور خلق کیا ہے لہٰذا اللہ نے خواتین سے جہاد معاف کیا ہے لیکن تمہارے لئے دوسرا جہاد ہے اور وہ کرنے سے تمہیں شہادت کا ثواب ملے گا"۔ خواتین نے کہا کہ "وہ کیسے؟" رسول اللہ نے فرمایا کہ "اگر کوئی خاتون امور خانہ داری صحیح طور پر بجالائے یعنی بچے کی صحیح تربیت کرے اور شوہر سے اخلاق کا مظاہرہ کرے تو اسے اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا اللہ کی راہ میں لڑنے والے مجاہد کو ملتا ہے"۔ یقیناً بچے کی صحیح تربیت کرنا یہ جہاد ہے۔ بچے کو اچھے اخلاق والا بنانا یہ جہاد ہے۔ اگر خاتون کو شوہر کی بداخلاقی پر غصہ بھی آئے تو اسے چاہیے کہ غصے کو پی لے اور شوہر کی بداخلاقی کا جواب اخلاق سے دے۔ یہی عورت کا جہاد اکبر ہے۔

## عظیم عورت

ہارون رشید کا وزیر ایک مرتبہ جنگل میں راستہ بھٹک گیا اور چلتے چلتے ایک جھونپڑی کے پاس پہنچا۔ وہ جھونپڑی میں داخل ہوا تو دیکھا کہ ایک نہایت خوبصورت عورت اندر بیٹھی ہے۔ وزیر نے کہا کہ مجھے پانی دو میں مر رہا ہوں۔ عورت نے کہا کہ "میں تم کو پانی نہیں دے سکتی کیونکہ میرا شوہر بہت دور سے پانی لے کر آتا ہے اور اس کی اجازت نہیں

ہے ہاں البتہ میرے حصے کا دودھ ہے وہ میں تم کو دے سکتی ہوں"۔ کچھ دیر بعد اس عورت کا شوہر آیا اور اس کو دیکھ کر وزیر بہت حیران ہوا کیونکہ وہ انتہائی بد صورت اور بوڑھا تھا اور اس نے آتے ہی عورت سے بد اخلاقی شروع کر دی۔ وزیر اس وقت بہت حیران ہوا جب اس بوڑھے کی خوبصورت بیوی نے اس کی بد اخلاقی کا جواب نہایت اخلاق کے ساتھ دینا شروع کیا اور وہ جی جی سے جواب دینے لگی۔ تھوڑی دیر بعد اس کا شوہر چلا گیا تو وزیر نے اس عورت سے کہا کہ ــــ "اے خاتون تیرا شوہر کتنا بد اخلاق ہے" بس اتنا سننا تھا کہ وہ عورت غصے سے سرخ ہو گئی۔ کہنے لگی کہ۔ "میں نے تو تجھے انسان سمجھا تھا مگر تو تو شیطان نکلا۔ تو میرے شوہر کی غیبت کر رہا ہے"۔ یہ سن کر وزیر اور حیران ہوا کہ اس خاتون کی اتنی بے عزتی ہوئی اور وہ اپنے شوہر کے خلاف ایک لفظ سننے کو تیار نہیں ہے اور اس عورت نے اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر پانی تک نہیں دیا۔ وزیر نے کہا کہ۔ "تو اتنی خوب صورت ہے اس معمولی جھونپڑی میں کیوں پڑی ہے۔ کسی امیر سے شادی کر لے"۔

اس عورت نے کہا کہ۔ "تو بے دین معلوم ہوتا ہے۔ پیغمبر اسلامؐ کی حدیث سن

الایمان نصف الصبر و نصف الشکر۔

ــــ "ایمان آدھا صبر میں ہے اور آدھا شکر میں ــــ"

دیکھ مجھے ایمان چاہیے۔ میرا شوہر جو میرے ساتھ زیادتی کر رہا ہے میں اس پر صبر کر رہی ہوں اور جو خدا نے خوب صورتی دی ہے اس پر شکر کر رہی ہوں۔"

والدین کے اعمال سے اولاد میں یہ صفت توضیح پیدا ہو جائے تو یہ ہمیشہ باقی رہنے والا سرمایہ ہے۔ پیغمبر اسلام فرماتے ہیں کہ۔ "بیوی کی مدد کرنا عبادت ہے"۔ مگر ہمارا معاشرہ ایسا ہے کہ اگر کوئی بیوی کی مدد کرتا ہے تو لوگ کہتے ہیں کہ یہ تو بیوی کا غلام ہو گیا ہے۔ روایات میں ہے کہ "پیغمبر خداؐ اپنے سارے کام خود کرتے تھے اپنے کپڑوں اور جوتوں کو سیتے تھے"۔ ایک دن پیغمبر خداؐ حضرت فاطمہؑ کے گھر پہنچے تو دیکھا کہ حضرت علیؑ حضرت فاطمہؑ کی گھر کے کاموں میں مدد کر رہے ہیں یہ دیکھ کر رسول خداؐ بہت خوش ہوئے اور کہا کہ

"اے علیؑ میں تمہیں بتاؤں کہ جو شوہر گھر کے کاموں میں بیوی کی مدد کرتا ہے تو خدا اسے ایک ہزار (۱۰۰۰) حج و عمرے کا ثواب دیتا ہے"۔ بیوی کا غلام وہ نہیں ہے جو گھر کے کاموں میں بیوی کی مدد کرے بلکہ بیوی کا غلام وہ ہے جس کی بیوی کا حکم اس پر چلے اور شوہر بیوی کے کہنے پر چلے۔ بیوی کا غلام وہ ہے جس کی بیوی بے پردہ میک اپ کر کے بازاروں میں گھومے مجالس میں نئے نئے کپڑے پہن کر بے پردہ آئے۔ مکسنگ کی شادیوں میں جائے۔ جو بیوی کی مدد کر رہا ہے تو وہ ایثار بھی کر رہا ہے اور تواضع بھی۔

حضرت علیؑ نے راستے میں دیکھا کہ ایک آدمی بوری کو اٹھائے چلا آرہا ہے۔ اب جو اس نے حضرت علیؑ کو دیکھا تو شرمانے لگا۔ اور کہا کہ۔ "مولا میں بڑا آدمی ہوں اور میرے کندھوں پر بوری ہے"۔ حضرت علیؑ نے جواب دیا کہ "اس میں شرمانے کی کیا بات ہے گھر کا کام کرنا اللہ کی عبادت ہے"۔

حقیقتاً ایسا ہو جائے کہ ہم اور ہماری اولاد نورانی صفات کی حامل ہو جائے تو یقیناً یہ بہت بڑا سرمایہ ہے۔

مولا علیؑ بتا رہے ہیں کہ اے عقیلؑ میں ایسی خاتون سے شادی کرنا چاہتا ہوں جو تقوے میں بے مثال ہو اور بہادر ہو نکاح کے بعد ام البنین کی سواری فاطمہؑ کے گھر پر اتری۔ دروازے پر پہنچ کر مادرِ عباسؑ نے پہلا کام یہ کیا کہ دروازے کی چوکھٹ کو چوما کہ یہ فاطمہؑ زہرا کا دروازہ ہے' یہ پاکیزہ دروازہ ہے اور یہ حسنؑ و حسینؑ کا گھر ہے۔ اندر داخل ہو کر شکر کا سجدہ ادا کیا کہ "خدا نے مجھے یہ موقع دیا کہ میں فاطمہؑ کی اولاد کی خدمت کروں" آگے چل کر صحن میں بیٹھ گئیں۔ جناب زینبؑ نے کہا کہ اماں یہ کیا کیا؟ اور بازو سے پکڑ کر اٹھانا چاہا۔ جناب ام البنین نے کہا کہ شہزادی مجھے ماں نہ کہو میں تمہاری نوکرانی اور خدمت گذار بن کر آئی ہوں۔ حسنؑ و حسینؑ نے کہا کہ "اماں یہ آپ کا گھر ہے" جناب ام البنین نے کہا کہ "مجھے شرمندہ نہ کرو" میں تمہاری ماں بن کر نہیں بلکہ تمہاری خدمت کرنے آئی ہوں"۔ یہ ہے تواضع کہ کبھی عباسؑ نے حسینؑ کو بھائی نہیں کہا بلکہ

ہمیشہ آقاو سردار کہہ کر مخاطب کیا یہ ماں کی تربیت کا اثر ہے کہ عباسؑ حسینؑ کے پاس روز عاشورہ بار بار آتے ہیں کہ حسینؑ پر اپنی جان نثار کردیں۔ یہ ہے تربیت کہ عباسؑ نے اپنے دونوں بازوں کو قربان کردیا۔ یہ ہے ماں کی تربیت کا نتیجہ کہ "بیٹا عباسؑ تیرے ہوتے ہوئے تیرے آقاو مولا حسینؑ پر کوئی آنچ نہ آئے" — اور یقیناً عباسؑ نے حق ادا کردیا اور عباسؑ وفا کا امام ٹھہرا ——

الالعنتہ اللہ علی القوم الظالمین

خدا ہم سب کو اپنی اولاد کی بہترین تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ وہ اسلام و عزاداری کی حفاظت کرسکیں۔

— "خدایا خدایا —— تا انقلاب مہدیؑ از نہضت خمینی سلام اللہ علیہ —— محافظت بفرما"

## امام خمینیؒ فرماتے ہیں کہ:

# نیک فرزندوں کی تربیت معاشرے کی سعادت کا باعث بنتی ہے

آپ کی بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ اپنے بچوں کو جو نوزاد ہیں اور جنکے نفوس تربیت کو جلد قبول کرتے ہیں، اچھائی اور برائی ان پر جلد اثر انداز ہوتی ہے اور یہ ابتداء ہی سے آپ کی گود میں پلتے ہیں، اچھی تربیت سے پروان چڑھائیں، آپ ہی ان کے افعال واعمال کی ذمہ دار ہیں۔ اگر آپ ایک بچے کی اچھی تربیت کرتی ہیں تو ممکن ہے وہی ایک بچہ قوم کی سعادت کا باعث بنے اور اگر خدانخواستہ آپ کی گود میں کوئی برا بچہ پروان چڑھے تو ممکن ہے پورے معاشرے میں برائی پھیل جائے۔ آپ یہ نہ سوچئے کہ ایک بچہ ہے۔ ایک بچہ بعض اوقات جب معاشرے میں قدم رکھتا ہے اور قوم کی سربراہی اسے ملتی ہے تو اس بات کا امکان واحتمال ہوتا ہے کہ پورے معاشرے کو تباہی کی طرف لے جائے ——— (۱۲)

اگر کہیں کسی صحیح حکومت کا قیام عمل میں آئے تو چونکہ لوگوں کی توجہ اس پر ہوتی ہے اس لئے وہ بھی درستی اختیار کر لیتے ہیں۔ اس کام کو بھی خواتین کی گود ہی سے شروع ہونا چاہیئے۔ یہ بات آپ کی گود سے شروع ہو کہ آپ بچوں کی تربیت کریں، ایک صحیح اسلامی تربیت۔ بچہ آپ کی گود میں ہوتا ہے، آپ کے ساتھ ہوتا ہے اس کی آنکھیں اور اس کے کان

آپ کے اقوال و فعل پر لگے ہوتے ہیں۔ اگر وہ آپ سے جھوٹ سنے گا تو دروغ گو ہو جائے گا۔ جب وہ دیکھے گا کہ ماں اور باپ دونوں جھوٹ بولتے ہیں تو وہ بھی جھوٹ بولنے لگے گا اور جب وہ دیکھے گا کہ ماں ایک صحیح عورت ہے اور باپ بھی ایک صحیح انسان ہے تو یہ بھی ایک صحیح اٹھان لے گا اور جب یہ صحیح پروان چڑھے گا تو آپ اسے مدرسہ میں داخل کردیں گے، مدرسہ میں پڑھانے والا اُستاد اگر صحیح ہوگا تو اسکول سے صحیح افراد باہر نکلیں گے اور ایک معاشرہ سنور جائے گا۔

آپ انشاء اللہ آئندہ میں اُستاد بنیں گی، فی الحال اگر ماں نہیں ہیں تو انشاء اللہ بعد میں ہوں گی۔ ماں بننے پر آپ کو اپنے بچوں کی تربیت کرنی ہوگی۔ اُستاد بنیں گی تو وہاں بھی آپ کو درسِ اخلاق دینا ہوگا۔ آپ کو صحیح افراد معاشرے کے حوالے کرنے ہوں گے، آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ ایک قوم کو سنواریں اور اگر خدانخواستہ اسکالٹ ہو گیا تو ان کی برائی بھی آپ کے حصے میں آئے گی اسی طرح جس طرح کہ ان کے اچھے افعال اس بناء پر کہ آپ ان اچھے کاموں کا مبداء تھی آپ کے لئے بھی اچھائی پیدا کریں گے اور اس کا اجر و ثواب آپ کو ملے گا۔ اگر خدانخواستہ آپ نے ایک بُرے طبقے کو معاشرے یا قوم کے حوالے کیا اور وہ برائیوں میں ملوث ہوئے تو آپ کی آنکھوں میں بھی اس کا دھواں جائے گا ———— (۱۳)

۱۳/۶/۱۹۷۹ء

# ماہِ شعبان میں منظرِ عام پر آنے والی
# ہماری فخریہ پیشکش

## ○ نماز کی گہرائیاں

از : آیت اللہ سید علی خامنہ ای حفظ اللہ

مترجم : مولانا سید آغا جعفر نقوی

ترتیب : صادق رضا نقوی

## ○ طالبِ علم اور طالبِ حق کیلئے

از : دانشمندانِ جامعۃ الاطہر پاکستان

ترتیب : علی عمران زیدی

---

جامعۃ الاطہر پبلیکیشنز پاکستان



جامعۃ المنتظر

پبلیکیشنز پاکستان

جامعۃ المطہر

پبلیکیشنز پاکستان

# اسلام کے انقلابی افکار اور حقیقی معارف کے لئے

## جامعۃ الاطہر پبلیکیشنز (کراچی) پاکستان

### کی پیشکش

۱۔ مصباح الشریعۃ ــــــ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام۔

۲۔ لقاء اللہ ــــــ آیت اللہ ملکی تبریزیؒ (استادِ امام خمینیؒ)

۳۔ انسان کامل ــــــ آیت اللہ العظمیٰ آقای شاہ آبادیؒ (استادِ امام خمینیؒ)

۴۔ انسان اور قرآن ــــــ آیت اللہ العظمیٰ حسن زادہ آملی

۵۔ انسان کامل نہج البلاغہ کی نظر میں۔ " " "

۶۔ ولایت فقیہ ــــــ آیت اللہ جواد آملی

۷۔ اخلاق حسنہ ــــــ آیت اللہ فیض کاشانی

۸۔ آموزش عقائد ــــــ آیت اللہ مصباح یزدی

۹۔ نماز ــــــ آیت اللہ العظمیٰ امام خامنہ ای

۱۰۔ لقاء اللہ ــــــ حجۃ الاسلام حسن مصطفوی

۱۱۔ اسرار عبادات ــــــ از کتب ہای مختلف

۱۲۔ طالب علم اور طالب حق کیلئے۔

جامعة المطہر
پبلیکیشنز پاکستان